اللہ ولی الذین آمنوا یخرجہم من الظلمات الی النور

حصہ ثانیہ

کشف الظلمات

الآیات البینات

اس رسالہ مین آیات بینات کے اس حصہ فدک کا اجمالی جواب دیا جاتا ہے جو مولوی مہدی علی خان صاحب ملقب بہ محسن الملک سکرٹری کالج علیگڈہ نے اپنے آخری حصہ عمر مین تصنیف کیا تھا اور اہل سنت کو اوس پر بڑا ناز تھا۔ اور ضمناً مولوی شبلی صاحب کے الفاروق کا جواب بھی شامل کیا گیا ہے۔ خدا کرے کہ یہ رسالہ باعث ہدایت خلق ہو اور مسلمانون پر حق واضح ہو کیونکہ مین نے حتی الامکان اختصار کا بہت کچھ خیال رکھا ہے تاکہ طول نہ ہو جائے واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم۔

فقیر مولف محمد حیدر
عفی عنہ ۱۳۲۳ھ

در مطبع اصلاح کجھوہ ضلع سارن طبع شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

اما بعد یہ دوسرا حصہ ہے **کشف الظلمات** کا جس مین آیات بینات بحث فدک کا تفصیلی جواب دیا جاتا ہے۔ کیونکہ حصہ اول کشف الظلمات آپکے سامنے ہے جسنے بتادیا حضرت عمر کو نوع نسوان سے مطابق رسم جاہلیت فاطمہ عداوت تھی کہ اونکی ہر قسم کی حق تلفی کو وہ ضروری جانتے تھے۔ یہانتک کہ جتنے احکام رسول اللہ صنے انکے حق رسی کیلئے جاری کئے تھے سب کو انھون نے اپنے عہد حکومت مین مٹا دیا۔

جناب سیدہ کا مطالبہ فدک زیادہ تر اسی غرض سے تھا کہ جو شریعت خدا نے اپنے خاتم النبیین کے ذریعہ سے جاری کی ہے وہ مٹنے نہ پائے اسی لئے حضرت نے قوت انسانی مین جسقدر طاقت ہے اوسکو اسمین صرف کیا کہ شریعت رسول قائم رہے چنانچہ ایک حدتک اسمین کامیابی ہوئی اور عام طور پر حکم خدا یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین قانون اسلام بنکر جاری ہوا۔ اگرچہ جناب سیدہ متروکہ پدری سے محروم ہی رہین ملاحظہ ہو کشف الظلمات حصہ اول۔

اب ہم اصل **آیات بینات** کی عبارت کو **قولہ** سے لکھکر **اقول** سے جواب دیتے ہین تاکہ حق واضح ہو واللہ یحق الحق ویبطل الباطل۔

قال بحث فدک اب ہم اصل بحث فدک کی شروع کرتے ہین اور اسمین ان باتونکو

بیان کرین گے۔

(۱) فدک کی حقیقت اور اوسکے حدود۔ اور اوسکی آمدنی۔

(۲) فدک کیونکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قبضے مین آیا۔

(۳) فئے کے معنی اور اوسکے مصرف۔

(۴) فدک پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت فاطمہ علیہا السلام کو ہبہ فرمایا تھا یا نہین

(۵) حضرت سیدۃ النسا فاطمۃ الزہرا علیہا السلام نے فدک کے ہبہ کا دعوی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سامنے کیا تھا یا نہین۔

(۶) میراث کے دعوی کی حقیقت۔

فدک کی حقیقت اور اوسکے حدود اور اوسکی آمدنی

قاموس مین لکھا ہے کہ فدک ایک گاؤن ہے خیبر مین۔ اور مصباح اللغۃ مین لکھا ہے کہ وہ ایک بلدہ ہے جو دو روز کی راہ پر ہے اور خیبر سے ایک منزل۔ اور لسان العرب مین ہے کہ فدک ایک گاؤن ہے حجاز مین اور زہری کہتے ہین کہ وہ ایک گاؤن ہے خیبر مین۔ اور بعضے کہتے ہین کہ وہ حجاز کے ایک طرف مین واقع ہے۔ اوسمین چشمے تھے اور کھجور کے درخت اور خدا نے اوسے اپنے پیغمبر پر فئے کیا تھا۔ اور مراصد الاطلاع علی اسماء الامکنۃ والبقاع مطبوعہ جرمنی کی جلد دوم صفحہ ۳۳۳ مین ہے کہ فدک ایک گاؤن ہے حجاز مین مدینے سے دو یا تین دن کے فاصلے پر واقع ہے۔ اور اوسے خدا نے اپنے رسولؐ کو فئے کیا تھا اسلئے کہ صلحاً حاصل ہوا تھا۔ اوسمین چشمے تھے اور کھجور کے درخت اور معجم البلدان یاقوت حموی مین ہے کہ فدک ایک گاؤن ہے حجاز مین مدینے سے دو دن کی راہ پر اور بعض روایت مین تین دن کی راہ پر۔ اور یہ گاؤن ہجرت کے ساتوین سال صلحاً نصف پر آنحضرت صلعم کے ہاتھ مین آیا تھا۔ اور اوسمین بہت سے چشمے پانی کے اور خرمے کے درخت تھے۔ فتح الباری شرح صحیح بخاری کی جلد ششم صفحہ ۱۴ مین لکھا ہے کہ فدک ایک قصبے کا نام ہے اوسمین اور مدینے مین تین دن کا فاصلہ ہے۔ قاضی نور اللہ تستری احقاق الحق مین فرماتے ہین کہ صاحب ابطال الباطل کا یہ کہنا کہ فدک خیبر کے گاؤن

یمن سے ایک گاؤن تھا جھوٹ ہے اسوجہ سے کہ صاحب جامع اصول نے مالک بن انس سے روایت کی ہے کہ عمرؓ نے جو حجتین بیان کین اون مین سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے لئے صفایا بنی نضیر اور خیبر اور فدک کا ثلث تھا۔ اور جناب مولانا سید دلدار علی صاحب عماد الاسلام کے دسوین باب کی فصل اول مین شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید معتزلی سے نقل کرکے فدک کی حقیقت وہی بیان فرماتے ہین جو قاضی صاحب نے بیان کی ہے۔

اقول بیشک قاموس مین ہے فدک ۃ بخیبر یعنی فدک ایک قریہ ہے خیبر مین۔ مگر افسوس آپنے قریہ کی تفسیر نہین کی کہ قریہ کسکو کہتے ہین اوسی قاموس مین ہے القریہ ویکسر المصر الجامع صفحہ ۹۰

یعنی قریہ بفتح و کسرہ دونو آیا ہے۔ مصر (شہر) جامع کو کہتے ہین۔ جس سے معلوم ہوا کہ قریہ کو بمعنی گاؤن لینا بالکل مغالطہ دینا ہے کیونکہ ہمارے محاورہ مین گاؤن ایک چھوٹے سے دہات کو کہتے ہین مگر زبان عرب مین قریہ کا استعمال بمعنی مصر جامع ہے یعنی بڑا شہر۔

مصر کی لغت مین لکھا ہے والمصر بالکسر الحاجز بین شیئین کالماصر والحد بین الارضین ۲ و مصر والمکان تمصیرا جعلوہ مصرا فتمصر و مصر المدینۃ المعروفۃ سمیت بہ لتمصرھا صفحہ ۳۰۰

یعنی مصر لغت مین اوسکو کہتے ہین جو حائل ہو دو شیئون مین مثل ماصر اور حد بین الارضین اور مصروا المکان وہان کہتے ہین جہان کوئی مقام شہر بنایا جائے اور مصر شہر معروف ہے جسکو اوسکی آبادی کیوجہ سے مصر کہتے ہین۔

آپنے مصباح اللغۃ سے لکھا ہے کہ وہ ایک بلدہ ہے جو مدینے سے دو روز کی راہ پر اور خیبر سے ایک منزل" جس سے معلوم ہوا کہ آپکا ترجمہ "گاؤن" بہر طور غلط ہے کیونکہ قاموس مین ہے البلد والبلدۃ مکۃ شرفہا اللہ تعالی وکل قطعۃ من الارض مستحیزۃ عامرۃ او غامرۃ والتراب صفحہ ۲۶۲

یعنی بلد و بلدہ مکہ معظمہ ہے۔ اور ہر قطعہ زمین کو کہتے ہین جو آباد ہو۔

[illegible] ایک عظیم الشان شہر ہو جسکی تحدید مین

بہت کچھ اختلاف ہے کشاف اصطلاحات الفنون مین ہے صفحہ ۱۳۲۵

ما فیہ جماعات الناس من اھل الحرف وجامع واسواق ومفت وسلطان او قاضی یقیم الحدود وینفذ الاحکام وقریب منہ ما فی المضمرات وفی المضمرات ایضا انہ الاصح وقیل انہ ما یجتمع فیہ مرافق الدین والدنیا وقیل ما یتعیش فیہ کل صانع بسنتہ بلا تحول عنہ الی اخری وقیل ما یکون سکانہ عشرۃ الاف وقیل ما یمیں مصلا عند التعداد کیجا دی۔

یعنی مصر اوسکو کہتے ہین جسمین ہر قسم کے اہل حرفہ۔ اور مسجد جامع۔ اور بازار۔ مفتی۔ قاضی بادشاہ رہتے ہون جو اقامت حدود کرین بعض نے یہ تعریف کی ہے کہ جس شہر مین کل مرافق دین و دنیا جمع ہون وہ مصر ہے۔ بعضے کہتے ہین جسکے باشندون کی تعداد دس ہزار ہو بعضے کہتے ہین کہ وہ ایسا شہر ہو کہ اوسکا علحدہ شمار ہو سکے۔

پس حیرت ہے کہ نواب صاحب نے پہلے ہی دھوکھا دیا کہ صاحب قاموس نے فدک کو قریہ کہا تو انھون نے اوسکا ترجمہ گاؤن کر دیا حالانکہ خود صاحب قاموس قریہ کو بمعنی مصر جامع لکھتے ہین اور مصر ایک بڑے شہر کو کہتے ہین جسمین دس ہزار آدمی رہ سکین پھر فدک کو گاؤن بنانا ظلم نہین تو کیا ہے۔ حالانکہ وہ ایک بڑا شہر تھا جسمین ایک زمانہ مین بادشاہ رہا کرتا تھا۔

آپنے جتنی لغتون کا نام لیا ہے سب مین لفظ قریہ ہے جسکا ترجمہ گاؤن کیا ہے تاکہ اوسکو ایک معمولی گاؤن بنا دین مگر حقیقت قریہ معلوم ہوئی کہ وہ معمولی گاؤن کو نہین کہتے بلکہ عظیم الشان شہر کو بھی گاؤن کہتے ہین لہذا یہ سب تحقیقات آپکی غلط ہوئی۔

قولہ فتح الباری شرح صحیح بخاری کی جلد ششم صفحہ ۱۴۰ مین لکھا ہے۔

اقول فتح الباری جلد ششم مین نہین بلکہ جلد سیوم مین ہے جو بحساب بارہ جزو ثانی عشر ہے اوس مین لفظ قصبہ نہین ہے بلکہ بلد ہے اور بلد بمعنی شہر ہے جیسا کہ سابقاً مذکور ہوا۔

عبارت فتح الباری یہاں اس طرح ہے قولہ وکانت فاطمۃ تسأل ابابکر
نصیبہا مما ترك رسول الله من خیبر وفدك وصدقتہ بالمدینۃ) ھذا
یؤید ما تقدم من انہا لم تطلب من جمیع ما خلف وانما طلبت
شیئا مخصوصا فاما خیبر ففی روایۃ المعمر المذکورۃ وسہمہ من
خیبر وقد روی ابوداؤد باسناد صحیح الی سہل بن ابی حثمۃ
قال قسم رسول الله خیبر نصفین نصفہا لنوائبہ وحاجتہ و
نصفہا بین المسلمین قسمہا بینہم علی ثمانیۃ عشر سہما ورواہ
ایضا من طریق اخری عن بشیر بن یسار مرسلا لیس فیہ سہل
واما فدك وھی بفتح الفاء والمہملۃ بعدھا کاف بلد بینہا وبین المدینۃ
ثلاث مراحل وکان من شانہا ما ذکر اصحاب المغازی قاطبۃ ان
اھل فدك کانوا من یہود فلما فتحت خیبر ارسل فدك یطلبون
من النبی صلی الله علیہ وسلم الامان علی ان یترکوا البلد ویرحلوا
وروی ابوداؤد من طریق ابن اسحق عن الزہری وغیرہ قالوا
بقیت بقیۃ من خیبر تحصنوا فسألوا النبی صلی الله علیہ وسلم ان
یحقن دماءھم ویسیرھم ففعل فسمع بذلك اھل فدك فنزلوا علی مثل
ذلك فکانت لرسول الله صلی الله علیہ وسلم خاصۃ ولابی داؤد ایضا
من طریق معمر عن ابن شہاب صالح النبی صلی الله علیہ وسلم اھل
فدك وقری سماھا وھو یحاصر قوما اخرین یعنی بقیۃ اھل خیبر
واما صدقتہ بالمدینۃ فروی ابوداؤد ومن طریق معمر عن الزہری
عن عبد الرحمن بن کعب بن مالك عن رجل من اصحاب النبی
النبی صلی الله علیہ وسلم فذکر قصۃ بنی النضیر فقال فی اخرہ فکانت
نخل بنی النضیر لرسول الله صلی الله علیہ وسلم خاصۃ اعطاھا ایاہ
فقال ما افاء الله علی رسولہ منہم الایۃ قال فاعطی اکثرھا المہاجرین

وبقی منہا صدقۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم التی فی ایدی
بنی فاطمۃ وروی عمر بن شبۃ من طریق ابی عون عن الزہری
قال کانت صدقۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالمدینۃ اموال مخیریق
بالمعجمۃ والقاف مصغر وکان یہودیا من بقایا بنی قینقاع نازلا ببنی
النضیر فشہد احدا فقتل بہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم مخیریق
سابق یہود واوصی مخیریق باموالہ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم
من طریق الواقدی بسندہ عن عبد اللہ بن کعب قال قال مخیریق
ان اصبت فاموالی لمحمد یضعہا حیث اراہ اللہ فہی عامۃ صدقۃ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال وکانت اموال مخیریق فی بنی
النضیر وعلی ہذا فقولہ فی الحدیث الآتی وہما یختصمان فیما افاء
اللہ علی رسولہ من بنی النضیر شمل جمیع ذلک۔ ص۱۴۱ جلد۳

یعنی فقرہ صحیح بخاری میں یہ ہے کہ جناب سیدہؑ نے اپنی میراث طلب کی اُنکے
متروکات رسول اللہؐ سے خیبر۔ فدک۔ صدقہ مدینہ سے ابن حجر لکھتے ہیں کہ اس سے اسکی
تائید ہوئی کہ جناب سیدہؑ نے کل متروکات رسول اللہؐ کا نہیں مطالبہ کیا تھا۔ بلکہ خاص
خاص چیزوں کا (خیبر۔ فدک۔ صدقہ مدینہ) جسمیں سے خیبر کا ذکر روایۃ معمر میں موجود
ہے اور ابوداؤد نے بسند صحیح روایت کی ہے سہل بن ابی خثیمہ سے کہ حضرت نے
خیبر کو دو حصہ کیا تھا ایک حصہ تو مسلمانوں پر تقسیم کیا تھا [illegible] اور ایک حصہ
اپنی ضروریات وحوائج کے لئے رکھا تھا۔ اس مضمون کی حدیث بشیر بن یسار سے
بھی آئی ہے بطور ارسال۔

فدک۔ ایک شہر ہے جسمیں اور مدینہ میں تین مرحلہ کا فرق ہے اسکا قصہ اتفاقی
مورخین یہ ہے کہ اہل فدک یہودی تھے۔ جب خیبر فتح ہوا۔ تو اہل فدک نے بھی حضرت
سے اس شرط پر امان مانگی کہ شہر چھوڑ کر وہ چلے جائیں۔ ابوداؤد روایت کرتے ہیں
کہ کچھ لوگ اہل خیبر سے قلعہ نشین ہوئے اور حضرت سے سوال کیا کہ ہماری جان بخشی

کی جائے۔ ہم شہر چھوڑکر چلے جاتے ہین۔ حضرت نے اون کی استدعا قبول کی۔ اسکی خبر اہل فدک کو معلوم ہوئی تو اونھون نے بھی اسی طرح گفتگو کی جسکو حضرتؐ نے منظور کیا۔ اسی وجہ سے یہ رسول اللہ کا خالصہ تھا (جسمین مسلمانون کا حق نہ تھا) روایت ابوداؤد مین ہے کہ حضرتؐ اہل فدک اور چند قریہ والون سے مصالحہ کیا اوس حالت مین کہ محاصرہ کئے تھے دوسری قوم کا یعنی بقیہ اہل خیبر کا۔

رہا صدقہ مدینہ۔ تو ابوداؤد کی روایت مین ہے کہ بنی النضیر کے باغون سے کچھ باغ حضرت کا خالصہ تھا جسکے بارے مین آیہ ما افاء اللہ علی رسولہ منھم نازل ہوا راوی کا بیان ہے کہ حضرتؐ اکثر حصہ اوسکا تو مہاجرین کو دیا اوس مین سے صدقہ رسول بچ رہا جو اولاد جناب سیدہؑ کے ہاتھ مین رہا۔

روایت ابوعون زہری سے یہ ہے کہ حضرت کا صدقہ وہ مال تھا جو مخیریق یہودی کا مال تھا جو اصل مین بنی قینقاع سے تھا مگر بنی النضیر مین آکر نازل ہوا۔ یہ یہودی جنگ احد مین شریک تھا لشکر اسلام کے ساتھ اسنے کہا تھا کہ اگر ہم مارے جائین تو ہمارا کل مال حضرت کا مال ہوگا جسمین آپ جس طرح چاہین تصرف کرین یہ خاص مال رسول اللہ تھا تو اس بنا پر دوسری حدیث مین جو ہے کہ حضرت علیؑ اور عباس مخاصمہ کرتے تھے (بنی النضیر مین تو اوسکو بھی یہ شامل ہے"

غرض نواب مہدی علی خانصاحب نے جتنی تحقیقات بیان کی اوسکا نتیجہ یہی ہے کہ فدک کوئی گاؤن نہین تھا۔ بلکہ ایک شہر تھا بلد بینہا وبین المدینۃ ثلث مراحل علی ان یترکوا البلد۔ اب آپ تمام اہل علم سے دریافت کرلین کہ بلد کا ترجمہ شہر ہے نہ گاؤن نہ قصبہ۔

اگر اسپر بھی تسکین نہو تو خود قرآن مجید مین سورہ بقرہ ملاحظہ ہو جسمین خداوند عالم مصر کو قریہ فرماتا ہے واذقلنا ادخلوا ھذہ القریۃ جسپر اتفاق مفسرین ہے کہ مراد اس سے مصر ہے یا بیت المقدس جو کہ بلاد عظیمہ سے ہین نہ کہ گاؤن ہو یا قصبہ۔

یہ پہلی کارروائی ہے حضرات اہلسنت کی یا نواب مہدی علی خان صاحب محسن الملک

کی جنھون نے پہلے ہی سے اوسکی تحقیر و توہین شروع کی جو بنائے دعوی ہے کہ فدک کو ایک گانون
بنادیا حالانکہ تحقیقات لغت سے معلوم ہوا کہ قریہ کا اطلاق بڑے بڑے شہرونپر ہوتا ہو نہ چھوٹے گانوپر
اور قرآن مجید مین تو قریہ کا اطلاق مصر اور بیت المقدس پر ہوا ہے اور خود مکہ معظمہ کو بھی ام القری
کہا۔ تو اب کیا امید ہو سکتی ہے کہ نواب صاحب اصل تحقیقات مین دیانت سے کام لینگے جب
اصل بنائے دعوی ہے مین یہ کارروائی شروع کی۔

متروکات رسول اللہ بمناسبت مقام یہان اون متروکات کا ذکر کرنا مناسب ہے
جو رسول اللہ صلعم کا خالصہ تھا علامہ عینی عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری جلد ۷ صفحہ ۱۲۳ مین لکھتے ہین

وقال عیاض الصدقات التی صارت الیہ احدہا من وصیۃ مخیریق
یوم احد وکانت سبع حوایط فی بنی النضیر قلت مخیریق کان یہودیا
فاعطی تلک الحوایط لرسول اللہ صلعم حین اسلامہ الثانی ما اعطاہ الانصار
من ارضہم وہو ما لا یبلغہ الماء وکان ہذا ملکا لہ ومنہا حقہ
من الفئی من اموال بنی النضیر کانت لہ خاصۃ حین اجلاہم وکذا
نصف ارض فدک صالح اہلہا بعد فتح خیبر علی نصف ارضہا وکانت
خالصۃ لہ وکذا ثلث ارض وادی القری اخذہ فی الصلح حین صالح
الیہود وکذا حصنان من حصون خیبر الوطیح والسلالم ومنہا
سہمہ من خمس خیبر وما افتتح فیہا عنوۃ فکانت ہذہ کلہا ملکا
لسیدنا رسول اللہ صلعم خاصۃ لا حق لاحد فیہا فکان یاخذ منہا نفقتہ
ونفقۃ اہلہ ویصرف الباقی فی مصالح المسلمین۔

کہا قاضی عیاض نے کہ حضرت کے صدقات جو آپکو حاصل ہوئے تھے حسب ذیل تھے
ایک تو وہ تھا جو آپکو بذریعہ وصیت مخیریق یہودی حاصل ہوا تھا بروز جنگ احد یہ سات
باغ تھا بنی النضیر مین۔ عینی کہتے ہین کہ مخیریق یہودی تھا جسنے بوقت اسلام حضرت
کو یہ سب باغ دیئے۔
دوسری وہ زمین تھی جو انصار نے حضرت کو دیا تھا اپنی آراضی سے جسمین پانی نہین جا سکتا

تھا یہ حضرت کا ملک خاص تھا۔

تیسرے وہ فئے جو مال بنی النضیر سے حضرت کو حاصل ہوا جبکہ آپنے اونکو جلا وطن کیا۔

چوتھی نصف زمین فدک جسپر حضرت نے اون سے صلح کیا تھا بعد فتح خیبر تو یہ بھی حضرت کا خاصہ تھا۔

پانچوین اراضی وادی القری جو حضرت کو بصلح حاصل ہوا۔

چھٹے ساتوین قلعہ وطیح وسلالم جو خیبر کے قلعون سے تھا۔

آٹھوین۔ خمس خیبر مین جو آپکا سہم تھا۔ یہ سب حضرت کا خالصہ تھا بلا شرکت احدے جسمین سے حضرت اپنا اور عیال کا نفقہ لیتے تھے اور باقی کو مصالح مسلمین مین صرف کرتے تھے۔

غالبًا اسی کی طرف ابن حجر عسقلانی نے اشارہ کیا ہے انها لم تطلب من جميع ما خلفه انما طلبت شيئًا مخصوصًا صفحہ

یعنی جناب سیدہ نے کل متروکات رسول اللہ کا طالبہ نہین کیا تھا۔ بلکہ خاص خاص چیزونکا جو بروایت بخاری۔ خمس خیبر۔ فدک ہے اور صدقات مدینہ مگر ابوبکر نے کچھ نہ دیا۔

استدلال جناب سیدہ طرہ تو یہ ہے کہ جناب سیدہ نے اپنے دعوی پر پہلے ہی ایسا استدلال فرمایا تھا کہ جسکو کوئی صاحب انصاف اوس سے عدول نہ کرسکتا تھا۔ مگر زبردستی کا کیا علاج ہے کیونکہ ابن حجر لکھتے ہین من طريق ابي الطفيل قال ارسلت فاطمة الى ابي بكر انت ورثت رسول الله ام اهله قال لا بل اهله قالت فاين سهم رسول الله صلعم قال سمعت رسول الله صلعم يقول ان الله اذا اطعم نبيا طعمة ثم قبضه جعلها للذي يقوم من بعده فرايت ان ارده على المسلمين قالت فانت وما سمعت صفحہ ۱۲۱ جلد ۲

یعنی جناب سیدہ نے ابوبکر سے کہلا بھیجا کہ تم رسول اللہ کے وارث ہو۔ یا اونکے اہل تو ابوبکر نے کہا بلکہ اہل رسول اللہ وارث ہین۔ اسپر جناب سیدہ نے کہلوایا پھر سہم رسول اللہ کیا ہوا تو ابوبکر نے کہا ہمنے آنحضرت سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا خدا جو اپنے نبی کو کچھ دیتا ہے۔ تو وہ اوسکا ہوتا ہے جو اونکے بعد قایم مقام ہوتا ہے۔ اسپر جناب سیدہ نے کہلوایا کہ تو تو جانے جو تو نے سنا ہے۔

اس حدیث سے بصراحت تمام معلوم ہوا کہ ابوبکر نے پہلے اقرار کیا کہ رسول اللہ کے وارث اونکے اہل ہین جس سے معلوم ہوا کہ وراثت کا سلسلہ اوسی طرح آپ مین بھی جاری ہے جسطرح غیرون مین جس سے وہ حدیث غلط ہوئی جو بنائی گئی ہم نحن معاشر الانبیاء لا نورث۔
یہی تو باعث ہوا کہ ابن حجر لکھتے ہین ففیہ لفظۃ منکرۃ وھی قول ابی بکر بل اھلہ فانہ معارض للحدیث الصحیح کہ اس حدیث مین یہ لفظ منکر ہے جو ابوبکر نے بجواب جناب سیدہ کہا تھا کہ حضرت کے وارث آپکے اہل ہونگے کیونکہ حدیث صحیح کے معارض ہے۔
مگر افسوس اسپر نہ خیال کیا کہ یہ کارروائی تو بعد کی ہے۔ پہلا تو وہی قول ہے کہ حضرت کے وارث آپکے اولاد ہی ہونگے۔ چونکہ اسکی تحقیقات آیندہ مذکور ہوگی لہذا اسی پر اکتفا کرتے ہین۔
قال فدک کے حدود جو کچھ حضرات شیعہ نے بیان کئے ہین اور اوسکی حدبندی کا قصہ و مضمون جو نقل کیا ہے وہ یہ ہے۔ ملا باقر مجلسی بحار الانوار کی آٹھوین جلد کتاب الفتن صفحہ ۱۰۱ مین فدک کی حدبندی کی نسبت بسند عبداللہ بن سنان حضرت امام جعفر صادق عسے یہ بیان کرتے ہین کہ آپنے فرمایا کہ رسول اللہ صلعم فاطمہ س کے گھر مین بیٹھے ہوے تھے کہ جبریل ع آئے اور کہا اے محمد ص اوٹھو خداے تبارک وتعالی نے مجھے حکم دیا ہے کہ آپ کیلئے اپنے پرون سے فدک کی حدبندی کردون۔ آپ جبریل کے ساتھ اوٹھ کھڑے ہوے اور تھوڑی دیر مین لوٹ آئے اور حضرت سیدہ کے پوچھنے پر آپنے فرمایا کہ جبریل نے میرے لئے اپنے پرون سے فدک کی حدبندی کردی ہے
اقول مگر نہ معلوم اسمین کونسا امر قابل اعتراض ہے کیا مثل سید احمد خان صاحب وجود ملائکہ سے انکار ہے یا نزول حضرت جبریل امین سے یا خدمت جناب سیدہ و اہلبیت طاہرین سے کہ ہم اوسکو ثابت کرین اگر خیال طول نہ ہوتا تو ہم بہت سے شواہد اسکے کتب اہلسنت سے پیش کرتے کہ بیشک حضرت جبریل امین اکثر خدمتین اہلبیت طاہرین کی انجام دیا کرتے جسمین ایک خدمت یہ بھی تھی کہ فدک کی حدبندی کردین کیونکہ عام قاعدہ ہے جس امر مین مخالفت کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے تو اسمین اہتمام بھی زیادہ کیا جاتا ہے۔
تمثیلاً یہ روایت مودۃ القربی سید علی ہمدانی ملاحظہ ہو جو اعاظم علماے اہلسنت سے ہین صفحہ مطبوعہ بمبئی۔

وعن عمر بن الخطاب رض قال نصب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم علیا علماً فقال من کنت مولاہ فعلی مولاہ اللھم وال من والاہ وعاد من عاداہ واخذل من خذلہ وانصر من نصرہ اللھم انت شھید ی علیھم وقال کان جنبی شاب حسن الوجہ طیب الریح فقال لی یا عمر لقد عقد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عقدا لا یحلہ الا منافق فاحذر ان تحلہ قال عمر فقلت یا رسول اللہ انک حیث قلت فی علی کان فی جنبی شاب حسن الوجہ طیب الریح قال نعم یا عمر انہ لیس من ولد آدم لکنہ جبریل اراد ان یوکد علیکم ما قلتہ فی علیٍ ۔

یعنی خود عمر بن الخطاب سے روایت ہے کہ جب آنحضرت نے جناب امیرکو علم قرار دیا اور کہا من کنت مولاہ فعلی مولاہ تو ہمارے پہلو مین ایک جوان خوشرو. خوشبو تھا اوسنے کہا اے عمر. آج حضرتؐ وہ گرہ باندھی ہے کہ اوسکو نہ کھولیگا. مگر منافق. تو تو اس سے ڈرتا نہ کہین تو ہی اس گرہ کا کھولنے والا ہو. عمر نے اس واقعہ کو آکر حضرت سے بیان کیا. تو آپنے فرمایا وہ بنی آدم سے نہ تھا. بلکہ جبرئیل امین تھے جنھون نے بغرض تاکید تجھسے یہ کہا۔

پس جس طرح حضرت جبرئیل امین نے اس واقعہ خم غدیر مین بغرض تاکید و تائید قول رسول یہ کلام عمر سے فرمایا. اوسی طرح حد بندی فدک مین بھی اہتمام کیا کیونکہ اونکو معلوم تھا نتیجہ ان سب کا کیا ہونیوالا ہے. اور منافقین امت کیا کرینگے ۔

قال ہمکو افسوس ہے کہ کوئی روایت حضرات امامیہ نے کسی امام کی طرف سے ایسی بیان نہین فرمائی جس سے معلوم کہ جبرئیل امین نے اپنے پرون سے جو حدود فدک کے مقرر کئے تھے وہ اوسی قریہ یا بلدے کے تھے جو ایک گاؤن مدینے سے دو دن یا تین دن کی راہ پر ہے. یا وہ حدود مقرر کئے تھے جن کا ذکر حضرت امام موسیٰ کاظم کی روایت مین ہے جسکی ایک حد عدن اور دوسری سمرقند اور تیسری افریقہ اور چوتھی سمندر جو آرمینیہ سے ملا ہوا ہے تھی. اور جسکی نسبت ہارون رشید نے کہا تھا کہ یہ تو سب دنیا ہے. اور وہ روایت ہے

جیسے ابہام بیان کرتے ہین ۔

اقول افسوس تو ہمکو بھی ہے مگر نہ اسوجہ سے جو آپنے قرار دی ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ شیعون نے غلط روایت امام کی طرف منسوب کی بلکہ اسوجہ سے کہ ابوبکر صاحب کو آپکی محنتون کا حال نہ معلوم تھا جو شاید آپ پہلے ہم کو کہاکر فدک دیدیے ہوتے کہ پھر آپکو یہ تکلیف پڑتی جس سے آپکو اسقدر خلجان ہو رہا ہے ۔

آپکی تحریر دو باتین بتا رہی ہین ایک یہ کہ رواۃ شیعہ معاذاللہ غلط گو تھے کہ وضعی روایت بناتے دوسرے یہ کہ یہ روایت خاص طور پر موضوع ہے پہلی بات اس وجہ سے لغو ہے کہ رواۃ شیعہ بسبب پابندی صدق و راستی مجبور ہین کہ جسقدر جس روایت کو سنین اوسیقدر بیان کرین نہ وہ کذب و افترا کو جائز جانتے ہین نہ اونکو اسکی اجازت ہے ۔ بلکہ فرض اسیقدر ہے کہ جسقدر معصوم سے سنا اوسقدر بیان کیا یہ سب اختیارات تو آپ حضرات اہلسنت کو حاصل ہین کہ جہانتک ہو سکے روایت بنائین اور اپنے مریدون کو خوش کرین یہانتک کہ وضعی روایت کا بنانا آپکے یہان کار ثواب سمجھا گیا ہے خاتمہ مجمع البحار شیخ ملا طاہر مین ہے صفحہ جلد ۳

نوع فی الوضاعین فی الخلاصۃ اعلم ان الوضع یعرف باعتراف واضعہ و بقرینۃ حال الراوی او المروی برکۃ اللفظ والمعنی واعظم الوضاعین ضررا قوم منتسبون الی الزھد وضعوا حسبۃ فیقبل موضوعاتہم و لکرامیۃ و بعض المبتدعۃ یجوزون الوضع فی الترغیب والترھیب وھو خلاف اجماع المسلمین المعتدین و حکی السیوطی عن ابن الجوزی ان من وقع فی حدیثہ الموضوع والکذب والقلب منہم من غلب علیہم الزھد فغفلوا عن الحفظ او ضاعت کتبہ فحدث من حفظہ فغلط و منہم قوم ثقاۃ لکن اختلطت عقولہم فی اواخر اعمارھم و منہم من روی الخطاء سہوا ثم راوا الصواب و لم یرجعوا انفۃ ان ینسبوا الی الغلط و منہم زنادقۃ وضعوا قصدا الی فساد الشریعۃ وایقاع الشک والتلاعب بالدین وقد کان بعض الزنادقۃ یتغفل الشیخ

فيدس فی کتابه مالیس من حدیثه قال حماد بن زید وضعت الزنادقة اربعة آلاف حدیث ولما اخذ ابن ابی العوجاء لضرب عنقه قال وضعت فیکم اربعة آلاف حدیث احرم فیها الحلال واحل فیها الحرام ومنهم من وضع نصرة لمذهبه وحجر رجل من المبتدعة فجعل یقول انظروا عمن تاخذون هذا الحدیث فانا کنا اذا هوینا امرا صیرناه حدیثا ومنهم من یضعون حسبة ترغیبا وترهیبا ومضمون فعلهم ان الشریعة ناقصة تحتاج الی التتمیم ومنهم من اجازوا وضع الاسانید بکلام حسن ومنهم من قصد التقرب الی السلطان ومنهم القصاص لانهم یریدون احادیث وترقق وتنفق وفی الصحاح یقل مثله ثم ان الحفظ یشق علیهم ویتفق عدم الدین ویحضرهم جهال وما اکثر ما تعرض علی احادیث فی مجلس الوعظ وقد ذکرها قصاص الزمان ای وعاظهم فاردها فیحقدون علیّ انتهی ـ ص ۵۰ جلد ۲

یعنی خلاصہ مین ہے کہ حدیث کا موضوع ہونا یا تو اقرار واضع سے معلوم ہوتا ہے (سبحان اللہ کیا علامت ہے کہ جھوٹا خود اقرار کرے) یا قرینہ حال راوی سے یا رکاکت الفاظ روایت سے (کیا راوی عمدہ الفاظ سے نہین بیان کرسکتا) یا رکاکت معنی حدیث سے ـ اور سب سے زیادہ ضرر اون واضعین کا ہے جو منسوب ہوتے ہین طرف زہد کے جو محض خیرخواہی دین سے حدیث بناتے ہین اور اون کی حدیثین اسوجہ سے قبول ہوجاتی ہین کہ لوگ اونپر اعتماد کرتے ہین اور کرامیہ اور بعض اہل بدعت (نام نہین لکھا) جائز جانتے ہین حدیث بنانا ترغیب وترہیب مین (کسی کام کی طرف رغبت دلانا یا خوف دلانا) حالانکہ یہ طریقہ خلاف اجماع مسلمین ہے جو قابل شمار ہین ـ

اور سیوطی نے ابن الجوزی سے نقل کیا ہے کہ جن لوگون کی حدیث مین موضوع یا کذب یا قلب شامل ہے وہ لوگ ہین جنپر زہد غالب تھا (یعنی حدیث وضعی بنانیوالے زیادہ زاہد لوگ تھے) جنھون نے محض یاد پر حدیثین بیان کین ... کتابین ضایع ہوگئین اس لئے

اون کی حدیثون مین غلطی ہوئی (یہ بھی پردہ داری ہے) بعض ان مین وہ ہین جو اصل قابل اعتماد تھے۔ مگر آخر مین اون کی عقلون مین اختلاط ہوا سوجہ سے حدیثین اونکی غلط ہوئین۔ بعض وہ ہین جنھون نے بھولے سے ایسی حدیثین بیان کین۔ پھر اونکو جب معلوم ہوا مگر ضد سے اپنی غلطی پر قایم رہے کہ لوگ کہین گے اسنے غلط حدیث بیان کی تھی بعض واضعین حدیث زنادقہ ہین جنھون نے محض دین کے غارت کرنے اور شک وفساد پھیلانے کے لئے وضعی حدیثین بنائین اور بعض تو یہ کرتے تھے کہ اپنے اوستاد کو غافل کرکے اونکی کتابون مین وہ حدیثین ملا دیتے جو اونکی حدیث نہ تھی حماد بن زید کہتے ہین کہ زنادقہ نے چار ہزار حدیثین بنائین اور جب ابن ابی العوجار کو قتل کرنے لگے تو اوسنے کہا ہمنے تم مین چار ہزار حدیثین بنائی ہین جنمین حلال کو حرام اور حرام کو حلال کیا۔

بعض واضعین مین وہ ہین جو محض اپنے مذہب کی تائید مین حدیثین بناتے چنانچہ جب اوسنے اوس مذہب سے توبہ کیا تو کہا دیکھو تم کس سے حدیثین لیتے ہو ہم جب چاہتے کسی امر کو تو حدیث بنا دیتے۔

بعض محض حسبۃ للہ حدیثین بناتے ترغیب وترہیب مین جسکے مطلب یہ ہوتے کہ وہ شریعت کو ناقص سمجھتے کہ اسکے کامل کرنے کی ضرورت ہے۔ بعض جائز جانتے ہین سند حدیث کو اچھا بنانا۔ بعض سلاطین کی خوشامد مین حدیثین بناتے بعض ان مین وہ لوگ ہین جو واعظ ہین کیونکہ وہ ایسی حدیثین بناتے ہین جس سے لوگون کے دل نرم ہون۔ اور صحاح مین ایسی حدیثین کم ہین (نکرہین) صفحہ ۵۰

غرض جب خود علماء اہلسنت نے اس کثرت سے اوران اغراض سے وضعی حدیثین بنائی ہین تو وہ کیونکر مومنین کی نسبت یہ گمان کرسکتے ہین کہ اونھون نے کوئی حدیث بنائی ہو حالانکہ شیعہ کذب کو اکبر کبائر سے جانتے ہین۔

اگر اس بحث کی تفصیل کی جاسے تیلا وجہ طول ہوگا لہذا جواب شرکا صفحہ ۲۵۲ لغایت ۲۶۴ ملاحظہ فرمایئے جسمین ایک جدول اسکا ہے کہ علمائے اہلسنت نے کتنی

وضعی مدیثین بنائی ہین۔
اب آیئے اصل بحث پر کہ جناب امام موسی کاظم نے یہ حدود بتائے جس سے معلوم ہو کہ اصل مقصود امام کیا ہے آیا یہی فدک ہے یا کوئی دوسری بات ہے کیونکہ اصل روایت مناقب شہرابن آشوب علیہ الرحمہ اس طرح پر ہے دفی کتاب اخبار الخلفاء ان هرون الرشید کان یقول لموسی بن جعفر خذ فدك حتی ردها الیك فیابی حتی الح علیه فقال علیه السلام لا اخذها الا بحدودها قال وما حدودها قال ان حددتها لم تردها قال بحق جدك الا فعلت قال اما الحد الاول فعدن فتغیر وجه الرشید وقال ایها قال والحد الثانی سمرقند فاربد وجهه والحد الثالث افریقة فاسود وجهه وقال هیه قال والرابع سیف البحر مما یلی الجزر وارمینیه قال قال الرشید فلم یبق لنا شئ فتحول الی مجلسی قال موسی قد علمتك انني ان حددتها لم تردها فعند ذلك عزم علی قتله مث جلد ۱ ص
اس روایت مین حضرت نے فدک کو بدلا ہے نہ اوسکے دعوی سے دست بردار ہوے ہین بلکہ فرمایا ہے کہ جب تک تو اوسکو مع حدود نہ دیگا نہ لونگا۔
حد کو ہر شخص جانتا ہے کہ اصل سے خارج ہوتا ہے مثلاً کسی زمین کی حد بندی کی جاتی ہے تو اوسکی سمت مقرر کئے جاتے ہین کہ فلان سمت مین فلان شہر ہے یا زمین ہے جو اوس سے خارج ہوتی ہے تو نہ حضرت نے یہ فرمایا کہ ان سب کا نام فدک ہے نہ یہی فرمایا کہ یہ سب ہبہ جناب سیدہ مین تھے۔ بلکہ فرماتے ہین کہ فدک مین اوسی وقت لونگا جب اوسکے حدود کو بھی دے۔ جس سے معلوم ہوا کہ فدک اور چیز ہے حدود اوسکے دوسری چیز۔
قاموس مین ہے الحد الحاجز بین الشیئین ومنتهی الشئ یعنی حد اوس فاصل کو کہتے ہین جو دوسرے کو جدا کرے۔ اور منتہی کو کہتے ہین جہان اوسکی انتہا ہو۔

اور مجمع بحار الانوار میں ہے الحدود محارم اللہ وعقوباتہ التی قرنہا بالذنوب
واصل الحد المنع والفصل بین الشیئین فکان حدود الشرع فصلت
بین الحلال والحرام فمنہا مالا یقرب کالفواحش المحرمۃ صفحہ ۲۲۱

تو اب بالیقین معلوم ہوا کہ حضرت نے اوس ملک کو جسکے یہ حدود فرمائے ہین فدک نہین کہا کہ یہ سب فدک ہے بلکہ آپنے بھی ان ملکونکو اوس سے خارج کہا مگر اوس کے حدود کا آپ مطالبہ کر رہے ہین فدک کے ساتھ۔

اب یہی یہ بات کہ آپنے ان ملکون کو فدک کی حد کیون قرار دی اور اوسکا مطالبہ کیون کیا پس پہلے اسکو سمجھنا چاہیئے کہ فدک کا مطالبہ جناب سیدہؑ ہی نے کیون کیا تھا محض حکم خدا و رسول سے کہ یہ حق جناب سیدہ تھا خواہ بذریعہ وراثت ہو خواہ بذریعہ ہبہ۔ تو مطالبہ کا تعلق استحقاق سے ہوا جو بحکم خدا و رسول وارث کو یا موہوب لہ کو پیدا ہوا۔

وہی حق یہان جناب امام موسی کاظم طلب فرماتے ہین کہ اگر تو فدک کو اسوجہ سے دیتا ہے کہ ہم اوسکے حقدار ہین۔ تو حقیقت مین اوسکے حدود بھی داخل ہین کیونکہ جس حکم خدا و رسول سے ہم فدک کے مستحق ہین اوسی حکم خدا و رسول سے ہم ان ممالک کے بھی مستحق ہین جو ممالک اسلام کہلاتے ہین اور جنپر ان خلفا کا قبضہ ہے۔

کیونکہ ہارون رشید یہ ظاہر کر رہا ہے کہ ہمارے آپکے اختلاف اسی فدک کی وجہ سے ہے اسکو لے لیجئے قصے طے ہو جائے حضرت فرما رہے ہین کہ یہ تیری نافہمی ہے کہ جو تو اس اختلاف کی وجہ صرف فدک کو کہہ رہا ہے حالانکہ ہمارے تیرے اختلاف اصل حقیت اور خلافت مین ہے۔

اسی اصول پر حضرت فرما رہے ہین کہ اگر دیتا ہے تو صرف فدک کیون دیتا ہے اوسکے حدود بھی دے تو معلوم ہو کچھ ایمانداری کا اثر تجھ مین ہے۔ نہ یہ کہ آپ فرماتے ہون یہ سب فدک ہے۔

یہان سب سے پہلے خیال اس طرف رجوع ہوگا کہ کیا وجہ ہوئی جناب سیدہؑ نے صرف فدک کا دعوی کیا جو نہین ملا اور جناب امام موسی کاظمؑ کو فدک مل رہا ہے اور آپ اوس کے

حدود کو اسقدر بڑھا رہے ہین کہ تمامی ممالک اسلامیہ پر دعوی کرتے ہین ۔

مگر جب آپ باغ فدک کے تعلقات و حالات پر تاریخی حیثیت سے غور کرینگے تو فرق معلوم ہوگا کیونکہ فتح الباری مین ہے ھذا یویدک ما تقدم من انھا لم تطلب من جمیع ماخلف وانما طلبت شیئاً مخصوصاً صا۱۲۱ جلد ۳

یعنی جناب سیدہؑ نے کل متروکہ رسول کا مطالبہ نہین کیا تھا بلکہ اوس سے خاص چیز کا مطالبہ کیا تھا ۔

جس سے معلوم ہوا کہ مطالبہ کا تعلق منجملہ متروکات رسول اللہ ایک جزو خاص سے تھا کہ حضرت نے اوسکو طلب کیا اور ابوبکر نے نہ مانا ۔ تو اب مطالبہ جناب موسی کاظم کا فدک سے ترقی کرنا اور اوسکے حدود خارجہ کا مطالبہ ضرور کسی خاص وجہ سے تھا ۔

کیونکہ ہارون رشید خاندان بنی عباس سے ہے جنمین قبل اسلام اور بعد اسلام ایسا اتحاد و اتفاق رہا کہ کل ایک خاندان گنا جاتا ۔ اگرچہ حضرت عباس بظاہر قبل از ہجرت رسول اللہؐ مشرف بہ اسلام نہین ہوے تھے ۔ مگر وہ ہر طرح حضرت کے خیر خواہ تھے کیونکہ رسول اللہؐ اور جناب امیرؑ اونکے برادر زادہ تھے جو سلوک عام طور پر چچا کا بھتیجے کے ساتھ ہوتا تھا وہی باخود ہرتاؤ تھا یہانتک کہ بعد وفات رسول اللہؐ جب جناب امیرؑ نے تجہیز و تکفین کا سامان شروع کیا تو حضرت عباس نے کہا تم ہمسے بیعت لے لو کہ کہنے کو ہو جائے عم رسول اللہؐ نے حضرت علیؑ کی بیعت کی ہے چنانچہ تاریخ کامل مین ہے صلہ۲۹ جلد ۳

وقال لصھیب صل بالناس ثلاثة ایام وادخل ھولاء الرھط بیتا وقم علی رؤسھم فان اجتمع خمسة وابی واحد فاشدخ راسہ بالسیف وان اتفق اربعة وابی اثنان فاضرب رؤسھما وان رضی ثلاثة رجلا فحکموا عبد اللہ بن عمر فان لم یرضوا بحکم عبد اللہ بن عمر فکونوا مع الذین فیھم عبد الرحمن بن عوف واقتلوا الباقین ان رغبوا عما اجتمع فیہ الناس فخرجوا فقال علی لقوم معہ من بنی ھاشم ان اطیع

فیکم فوسکم لم تو موا اہلہ وتلقاہ عمہ لعباس فقال عدلت عنا فقال وما علمک قال قرن بی عثمان قال وکونوا مع الاکثر فان رضی رجلان رجلا ورجلان رجلا فکونوا مع الذین فیہم عبد الرحمن فسعد لایخالف ابن عمہ وعبد الرحمن صہر عثمان لا یختلفون فیولیہا احدہما الاخر فلو کان الاخران معی لم ینفعانی فقال لہ العباس لم ارفعک فی شیء الا رجعت الی مستاخرا لما اکرہ اشرت علیک عند وفاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان تسالہ فیمن ھذا الامر فابیت فاشرت علیک بعد وفاتہ ان تعاجل الامر فابیت فاشرت علیک حین سماک عمر فی الشوری ان لا تدخل معہم فابیت احفظ عنی واحدۃ کل ما عرض علیک القوم فقل لا الا ان یولوک واحذر ھولاء الرھط فانہم لا یبرحون یدفعوننا عن ھذا الامر حتی یقوم بہ لنا غیرنا وایم اللہ لا ینالہ الا بشر لا ینفع معہ خیر فقال علی اما لئن بقی عثمان لاذکرنہ ما اتی ولئن مات لیتداولونہا بینہم ولئن فعلوا لیجدنی حیث یکرھون ثم تمثل۔

حلفت برب الراقصات عشیۃ غدون خفافا فابتدرن المحصبا
لیحتلبن رھط ابن یعمر فارسا نجیعا بنو الشداخ وردا مصلبا

والتفت فرای اباطلحۃ فکرہ مکانہ فقال ابوطلحۃ لن تراع اباالحسن۔

خلاصہ یہ ہے کہ عمر نے اپنے مرنے کے بعد جو خلافت کا انتظام کیا تو صہیب سے کہا کہ تین روز تک تم اقامت جماعت کرنا اور ان لوگوں کو جنہیں نامزد بخلافت کیا ہے ایک مکان میں جمع کرنا اور اونکے سر پر کھڑے رہنا اگر پانچ کی رائے ایک طرف ہو تو چھٹے کو قتل کرنا اور اگر چار ایک طرف ہوں تو دو کو مار ڈالنا۔ اور اگر تین آدمی ایک طرف ہوں تین ایک طرف تو ہمارے فرزند عبداللہ کو حکم مقرر کرنا اگر اوسکے فیصلہ پر بھی راضی نہوں تو اس طرف میں خلیفہ ہوگا جس طرف عبدالرحمن بن عوف ہوں اور باقی لوگوں کو قتل کر ڈالنا اگر

مخالفت کرین۔ جب لوگ وہان سے اوٹھے تو حضرت علیؑ نے اپنے ساتھیون سے بنی ہاشم سے کہا کہ جب تک ہم قوم کی اطاعت کرتے رہینگے کبھی ہمکو خلیفہ نہ ہونے دینگے۔ اس عرصہ مین حضرت عباس سے ملاقات ہوئی تو حضرت علیؑ نے اپنے چچا سے کہا کہ اس دفعہ بھی خلافت ہمسے گئی۔ پوچھا کیونکر۔ کہا کہ ہمارے ساتھ عثمان کو بھی شریک کیا ہے اور اسکا بھی حکم دیا ہے کہ جدہر غلبہ رائے ہو اوسی طرف خلافت ہو اور اگر دو آدمی نے ایک ایک کو منتخب کیا تو اوس طرف رہنا چاہیئے جدہر عبدالرحمن بن عوف ہون تو سعد بن ابی وقاص اپنے ابن عم کو نہ چھوڑینگے۔ اور عبدالرحمن صہر عثمان ہین جنمین اختلاف نہین ہوسکتا ہے خواہ یا عثمان خلیفہ ہونگے یا عبدالرحمن بن عوف۔ اب اگر ہمارے ساتھ دو آدمی [illegible] بھی ہون تو کوئی فائدہ نہین۔

حضرت عباس نے کہا جب ہمنے تمکو اوٹھایا تو تم پیچھے پھر کے ہمارے پاس [illegible] وفات رسول اللہ صلعم کہا تھا کہ حضرت سے دریافت کرو تمنے انکار کیا (یہ حصہ بالکل غلط ہے جسے مورخ نے مزید ایمان داری سے بڑھایا) بعد وفات رسول ہمنے تمسے کہا کہ جلد بیعت لے لو تو تمنے انکار کیا۔ جب عمر نے تمہارا نام شوری مین لیا اوس وقت بھی ہمنے کہا کہ تم اون مین نہ شامل ہو۔ اس سے بھی انکار کیا۔ اب ایک ہی بات رہ گئی کہ جب تک وہ لوگ تمہاری خلافت نہ قبول کرین تم اون کی کوئی بات نہ مانو۔ اور اس قوم سے حذر کرتے رہو کہ یہ لوگ ہمیشہ ہمیشہ اسکو علحدہ کرتے رہینگے یہانتک کہ کوئی غیر اسکے ساتھ قایم ہو قسم بخدا نہ پاؤ اس خلافت کو مگر شر جسکے ساتھ کوئی فائدہ نہوگا حضرت علیؑ نے کہا اگر عمر زندہ رہے تو ہم اس ترکیب کو اونھین ضرور یاد دلائینگے اور اگر وہ مر گئے تو ضرور یہ لوگ باخود ہامین تقسیم کر لینگے اور ہمکو ایسے حال مین پائینگے جس سے وہ کراہت کرینگے۔

اسکے بعد جو حضرت نے مڑکر دیکھا تو ابوطلحہ انصاری پیچھے پیچھے آرہا ہے جس سے حضرت کو کراہت ہوئی (کہ یہ کیون ساتھ ہوا کیونکہ عمر صاحب نے اسی کو پچاس آدمی کے ساتھ مقرر کیا تھا اپنی وصیت کے انفاذ کیلیے) جسپر ابوطلحہ نے کہا کچھ خوف نہ کرو اسے ابوالحسن صفحہ ۲۶ جلد ۳

اس واقعہ سے آپ اچھی طرح سمجھ سکتے ہین کہ اس خاندان مین باخود ہا کس قسم کا اتحاد

اتفاق تھا کتاب الامامۃ والسیاسہ مین ہے صـــ۲۲

ثم خرج فاتی المغیرۃ بن شعبہ فقال اتری یا ابابکر ان تلقوا العباس فتجعلوا
له فی هذا الامر نصیبا یکون له ولعقبه وتکون لکما الحجۃ علی علیؑ وبنی
هاشم اذا کان العباس معکم قال فانطلق ابوبکر وعمر وابوعبیدۃ حتی
دخلوا علی العباس رضی الله عنه فحمد الله ابوبکر واثنی علیه ثم قال ان
الله بعث محمداً صلی الله علیه وسلم نبیا وللمومنین ولیًا فمنّ الله تعالی
بمقامه بین اظهرنا حتی اختار له الله ما عنده فخلی علی الناس امرهم
لیختاروا لانفسهم فی مصلحتهم متفقین لا مختلفین فاختارونی علیهم والیا
ولامورهم راعیا وما اخاف بحمد الله وهنًا ولا حیرۃ ولا جبنا وما توفیقی
الا بالله العلی العظیم علیه توکلت والیه انیب وما انفک یبلغنی عن طاعن
یطعن بخلاف ما اجتمعت علیه عامۃ المسلمین ویتخذونکم لحافا
فاحذروا ان تکونوا جهۃ المنیع فاما دخلتم فیما دخل فیه العامۃ او
دفعتموهم عما مالوا الیه وقد جئناک ونحن نرید ان نجعل لک فی
هذا الامر نصیبًا یکون لک ولعقبک من بعدک اذ کنت عم رسول
الله وان کان الناس قد رأوا مکانک ومکان اصحابک فعدلوا
الامر عنکم علی رسلکم بنی عبد المطلب فان رسول الله منا ومنکم
ثم قال عمر ای والله واخری انا لم ناتکم حاجۃ منا الیکم ولکنا کرهنا
ان یکون الطعن منکم فیما اجتمع علیه العامۃ فیتفاقم الخطب بکم وبهم
فانظروا لانفسکم ولعامتکم. فتکلم العباس فحمد الله واثنی علیه
ثم قال ان الله بعث محمدا کما زعمت نبیاً وللمومنین ولیًا فمنّ الله
بمقامه بین اظهرنا حتی اختار له ما عنده فخلی علی الناس امرهم
لیختاروا لانفسهم مصیبین للحق لا مائلین عنه بزیغ الهوی فان کنت
برسول الله طلبت فحقنا اخذت وان کنت بالمومنین طلبت فنحن

منهم متقدمون فهم وان کان هذا الامر انما یجب لك بالمومنین فما وجب اذکنا کارهین فاما ما بذلت لنا فان یکن حقا لك فلا حاجة لنا فیه وان یکن حقاً للمومنین فلیس لك ان تحکم علیهم وان کان حقنا لم نرض عنك فیه ببعض دون بعض واما قولك ان رسول الله منا ومنکم فانه قد کان من شجرة نحن اغصانها وانتم جیرانها - منہ

یعنی ابوبکر و عمر مغیرہ بن شعبہ کے پاس آئے تو مغیرہ نے کہا اگر تمھاری رائے ہو ابوبکر تو چلیں حضرت عباس کے پاس اور اونکا کچھ حصہ مقرر کرین اور اون کی اولاد کیلئے بھی جس سے تمکو حضرت علیؑ اور بنی ہاشم پر ایک طرح کی حجت حاصل ہو جبکہ عباس تمھارے ساتھ ہو جائین ۔

ابوبکر عمر ابو عبیدہ یہ سنکر حضرت عباس کے پاس آئے اور ابوبکر نے بعد حمد و صلوۃ کہا کہ خدا نے محمدؐ کو برسالت مبعوث کیا جو اوسکے نبی اور مومنین کے ولی تھے ۔ جب خدا نے اونکو وفات دی تو حضرت نے اس امر خلافت کو رعایا کی رائے پر چھوڑدیا کہ اپنی مصلحت کے موافق جسکو چاہیں اختیار کرین جس مین وہ متفق ہون اور مختلف نہون ۔ تو اون لوگون نے ہمکو والی بنایا اور اپنے امور کا راعی اور ہمکو بحمد اللہ نہ کسی طرح کے وہن کا خوف ہے نہ حیرت کا نہ جبن کا ۔ خدا کی توفیق پر اعتماد ہے اور ہمکو برابر اس قسم کی خبرین پہونچتی ہین کہ جو لوگ عامہ مسلمین کے انتخاب کے خلاف ہین وہ اس امر پہ طعن کرتے ہین اور تملوگون کو اپنا پشت و پناہ بناتے ہین لہذا یا تو آپ بھی اوس مین داخل ہو جائے جسمین سب داخل ہوئے ہین (ہماری خلافت قبول کر لیجئے) یا اون لوگون کو اپنے پاس سے نکالدیجئے ۔ اور ہملوگ اسلئے آئے ہین کہ اس خلافت مین کچھ حصہ آپکا مقرر کرین جو آپکے بعد آپکی اولاد کے بھی کام آئے کیونکہ آپ عم رسول ہین اگرچہ لوگون نے باوصفیکہ آپکی قدر و منزلت کو دیکھا ہے مگر اسپر بھی سب نے خلافت کو آپلوگون سے علحدہ کردیا ۔ اپنی جگہ پر رہو اے فرزندان عبد المطلب کیونکہ رسول اللہؐ ہمسے بھی ہین اور تمسے بھی ۔

پھر عمر نے کہا ہان قسم خدا کی ہم اس غرض سے نہین آئے ہین کہ ہمکو کوئی حاجت ہو تمھاری طرف مگر ہمکو یہ بات بری معلوم ہوئی ہے کہ تملوگون کی طرف سے طعن ہو اوس بات پر جسپر

عامہ کا اجماع ہوا ہے۔ جس سے ممکن ہے کہ خلل عظیم ہو تمہارے لئے اور اونکے لئے لہذا نظر کرو اوس میں جو تمہارے لئے اور عامہ کیلئے مفید ہو۔

حضرت عباس نے بعد حمد خدا کے کہا کہ بیشک خدا نے محمدؐ کو نبی بنایا اور مومنین کیلئے ولی اور وہ اس امر کو یونہی چھوڑ گئے تا کہ اختیار کریں اپنی نفس کیلئے اس حالت میں کہ وہ حق پانے والے ہوں۔ نہ کہ اپنی خواہش اور کجروی سے اوس سے عدول کرنیوالے ہوں پس اگر تو نے اس خلافت کو رسول اللہؐ کے ذریعہ سے طلب کیا ہے تو ہمارا حق تو نے لیا اور اگر بذریعہ مومنین طلب کیا۔ تو ہم اونھیں مومنین سے ہیں اور متقدم ہیں اون میں اور اگر بوجہ مومنین تیپر خلافت واجب ہوئی تو جب ہم اوس سے کراہت کرتے ہیں پھر تیپر واجب کیونکر ہوئی۔ رہی وہ بخشش تم ہمکو دیتے ہو۔ تو اگر اپنے حق سے دیتے ہو تو ہمکو اوسکی حاجت نہیں اور اگر وہ حق مومنین ہے تو تجھے جائز نہیں کہ اوسپر تحکم کرے اور اگر ہمارا حق ہمکو دیتے ہو تو ہم ہرگز اسپر راضی نہیں ہیں کہ بعض حق کو لیں اور بعض کو چھوڑ دیں۔

رہا یہ جو تمنے کہا کہ رسول اللہؐ ہمسے اور تمسے دونوں سے ہیں۔ تو رسول اللہ اوس درخت سے ہیں جسکی ہم ڈالیاں ہیں۔ اور تم اوسکے آس پاس والی زمین ''

اس عبارت سے ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ خاندان حضرت عباس کو کس طرح کی خصوصیت جناب امیرؑ سے تھی کہ ابتدا سے ایک ہی خاندان محسوب ہوتا کہ ہرچند ابو بکر عمر نے چاہا کچھ طمع مال دیکر حضرت عباس کو جناب امیرؑ سے علحدہ کریں مگر اونھوں نے قبول نکیا بلکہ ایسی برجستہ تقریر کی کہ عمر ابو بکر دونوں مبہوت رہے۔ پھر کیونکر نہ جناب امام موسیٰ کاظم علیہ السلام ہروں رشید سے حقیقت حال کو ظاہر کرتے کہ تو صرف فدک دیکر کیا اپنی مخلصی چاہتا ہے۔

اس تحریر سے جہاں روابط خاندانی جناب امیرؑ اور حضرت عباس میں ظاہر ہوئی۔ وہاں شیخین کی چال اور تفرقہ پردازی بھی ظاہر ہوئی کہ کس طرح چاہا حضرت عباس کو کچھ حقوق دیکر طرفداری جناب امیرؑ سے علحدہ کریں جو آجکل کے روزمرہ کے واقعات میں مشاہدہ ہوتا رہا ہے کہ دول یورپ کس طرح سلطنت ترکی کا حصہ بخرہ کر رہی ہیں اور اوسکے اجزا و ارکان کو کسطرح علحدہ کرتے ہیں جس سے اہل عقل سمجھ سکتے ہیں کہ دول یورپ کسی نئے امر کے موجد نہیں ہیں بلکہ وہی سنت

فدلیہ ہے جو عبد شمس سے جاری ہوا کہ حقدار کو جسطرح ہوسکے محروم کریں اور تفرقہ ڈالین ۔

مولوی صاحب کو ابتدائی حالات خلافت بنی عباس بھی معلوم ہونگے کہ یہ خلافت صرف بنی عباس کی تنہا کوشش سے نہین قایم ہوئی ۔ بلکہ خاندان جناب امیرؑ اور بنی عباس کی متفقہ کوشش کا نتیجہ تھا جس بن بنی عباس نے فرزندان جناب امام حسنؑ کی بیعت کی تھی اور اوسی کی بدولت یہ خلافت حاصل ہوئی ۔ مگر بعد حصول خلافت اون سکو محروم بلکہ قتل کیا دیکھئے تاریخ کامل ہین ہے صفحہ ۲۰ جلد ۵

وعثمان بن محمد بن خالد بن الزبیر هرب بعد قتل محمد فاتی البصرة فاخذ منها واتی به المنصور فقال له هیه یا عثمان انت الخارج علی محمد قال بایعته انا وانت بمکة فوفیت ببیعتی وغدرت ببیعتك ۔

یعنی سنہ ۱۴۵ھ مین جو منصور دوانیقی اور حضرت محمد بن عبداللہ بن حسن بن امام حسنؑ مین جنگ ہوئی ۔ اور حضرت محمد بمقام فخ شہید کئے گئے تو حضرت محمد کے ہمراہیون سے عثمان بن محمد بن خالد بن زبیر بھی تھے ۔ یعنی زبیر کے پرپوتے ۔ وہ شہادت محمد کے بعد بصرہ چلے گئے وہان سے گرفتار ہوکر منصور دوانیقی کے پاس لائے گئے تو منصور نے پوچھا کیا تمنے بھی محمد کے ساتھ ہمپر خروج کیا تھا ۔ تو عثمان مذکور نے جواب دیا ہمنے اور تمنے دونون نے بمقام مکہ ۔ محمد کی بیعت کی تھی ۔ ہم اپنی بیعت پر قائم رہے اور تمنے بیعت کو توڑدیا ۔

جس سے معلوم ہوا کہ جو شور سنہ ۱۲۶ھ مین ابتدا تحصیل خلافت کیلئے ہوا تھا اوسمین پہلی بیعت انھین کی ہوئی تھی یعنی محمد بن عبداللہ بن حسن بن امام حسنؑ کی ۔ مگر جب خلافت کا وقت آیا سنہ ۱۳۲ھ مین تو محمد بن عبداللہ نہ ملے ۔ ابو حمید نے ۔ ابو السفاح اول خلیفہ عباسی کی بیعت کی اور سلسلہ خلافت بنی عباس قائم ہوا ۔

غرض جناب امام موسی کاظمؑ کا مطالبہ برنبیاد اوس دعوی کے تھا جو تمامی ائمہ اطہار کو ہمیشہ سے رہا کہ خلافت ہمارا حق ہے اور جسنے ہمسے لیا بظلم و غصب خواہ ابوبکر ہون یا عمر یا بنی عباس کیونکہ تمامی بنی عباس کو ہمیشہ سے اسکا اقرار تھا کہ یہ خلافت حق جناب امیرؑ و اہلبیت طاہرین ہے چنانچہ جس روز پہلے پہل بیعت ابو السفاح ہوئی ہے اور خطبہ خلافت پڑھا گیا ہے اوس روز

بھی اسکا اقرار کیا گیا۔ چنانچہ تاریخ کامل مین ہے۔

وقام عمہ داؤد علی مراقی المنبر فقال الحمد للہ شکرا ۔۔ الا وانہ ما صعد منبرکم هذا خلیفة بعد رسول اللہ الا امیر المومنین علی بن ابیطالب وامیر المومنین عبد اللہ بن محمد واشار بیدہ الی ابی السفاح ۔۔ وقال فی اخر کلامہ ایہا الناس انہ واللہ ماکان بینکم وبین رسول اللہ خلیفة الا علی بن ابیطالب وامیر المومنین الذی خلفی ثم نزل صفحہ ۱۵۵ جلد ۵

یعنی جب ابو السفاح خطبہ پڑھ چکے تو اونکے چچا داؤد منبر پر گئے اور بعد حمد و نعت کے ایک طولانی خطبہ پڑھا جسکے آخر مین کہا کہ جان رکھو اس منبر پر دو ہی خلیفہ نے قدم رکھا ہے ایک امیر المومنین علی ابن ابیطالب دوسرے یہی عبد اللہ بن محمد ابو السفاح۔ پھر آخر کلام مین کہا کہ قسم خدا کی رسول اللہ اور تملوگون کے درمیان مین دوسرا کوئی خلیفہ نہین ہوا بجز امیر المومنین علی ابن ابیطالب اور اس خلیفہ کے جو ہمارے پیچھے ہو"

جس سے معلوم ہوا کہ ابھی تک عقیدہ بنی عباس یہی تھا کہ بجز جناب امیر اونکوئی خلیفہ بحق نہین ہوا تو پھر کیونکر ممکن تھا کہ جناب امام موسی کاظم اظہار حق مین سکوت فرماتے۔ بلکہ ضرور تھا کہ اصل دعوی کو ظاہر کرین کہ ہمکو صرف فدک کا مطالبہ نہین ہے۔ بلکہ ہمکو تو خلافت کا دعوی ہے۔

آپنے شاید تاریخ الخلفا سیوطی مین دیکھا ہوگا بذیل ذکر منصور دوانیقی وهو اول من اوقع الفرقة بین ولد العباس وولد علی وکان قبل ذلک امرهم واحدا صفحہ ۱۰۳

کہ منصور دوانیقی پہلا شخص ہے جسنے تفرقہ ڈالا اولاد جناب امیر اور حضرت عباس مین ورنہ پہلے ان لوگون کا امر ایک تھا۔

پھر جب قدیم الایام سے اولاد جناب امیر اور حضرت عباس مین ایسا اتحاد تھا کہ دونو کے امور ایک تھے تو کیا ممکن تھا کہ ہارون رشید اصل دعوی سے بیخبر ہو اور حضرت اوسکو ظاہر نہ کرین دیکھئے اوسی تاریخ الخلفا مین ہے۔

واخرج الصولی عن اسحاق الهاشمی قال کنا عند الرشید فقال بلغنی ان العامة یظنون فی بغض علی بن ابیطالب وواللہ ما احب احدا حبی له ولکن هولاء اشد الناس بغضاً لنا وطعنا علینا وسعیاً فی فساد ملکنا بعد اخذنا بثارهم ومساهمتنا ایاهم ما حویناه حتی انهم لامیل الی بنی امیة منهم الینا فاما ولده لصلبه فهم سادة الاهل والسابقون الی الفضل ولقد حدثنی ابی المهدی عن ابیه المنصور عن محمد بن علی عن ابیه عن ابن عباس انه سمع النبی یقول فی الحسن والحسین من احبهما فقد احبنی ومن ابغضهما فقد ابغضنی وسمعه یقول فاطمه سیدة نساء العالمین غیر مریم بنت عمران واسیه بنت مزاحم صـ۱۹۹ مطبوعہ لاہور

یعنی اسحق ہاشمی راوی ہے کہ ہارون رشید نے کہا ہمکو خبر ہوئی ہے کہ عوام یہ خیال کرتے ہین کہ ہم دشمن علی بن ابیطالبؑ ہین حالانکہ قسم بخدا ہمسے بڑھکر کوئی اونکا دوست رکھنے والا نہین ہے مگر یہ لوگ سب سے زیادہ ہمارے دشمن ہین اور ہم پر طعن کرتے ہین اور فساد ملک مین کوشان ہین۔ حالانکہ ہمنے اونکا انتقام لیا دشمنون سے اور ہر طرح اون سے سلوک کیا مگر یہ لوگ بنی امیہ کی طرف زیادہ مائل ہین بہ نسبت اسکے کہ ہماری طرف مائل ہون۔ رہے وہ لوگ جو اولاد جناب امیر کی صلبی تھے تو وہ ہر طرح سادات اہل سے تھے اور سابقین فضل کی طرف۔ ہمسے ہمارے باپ مہدی نے حدیث بیان کیا کہ ابن عباس نے سنا آنحضرت کو فرماتے ہوے حسنؑ و حسینؑ کے بارہ مین کہ جو ان سے محبت رکھتا ہے اوسنے ہمسے محبت کی اور جس نے اون سے عداوت کیا اوسنے ہمسے عداوت کی اور جناب سیدہ کے بارہ مین فرمایا کہ فاطمہ سیدة نساء العالمین ہین بہ استثناء مریم بنت عمران و آسیہ بنت بنت مزاحم۔

غرض چونکہ خاندان بنی عباس ابتدا سے انتہا تک مدعی محبت وولاے اہلبیت طاہرین تھا اور باوصف قتل و غارت وہ حقیت اہلبیت اطہار کے معترف تھے لہذا جناب امام موسی کاظم

نے اوسکو شنہ کیا کہ تو تو جانتا ہے ہماری حقیت کا قائل ہے پھر کیون صرف فدک دیتا ہے
اور اوسکے ان حدود کو بھی نہین دیتا کیونکہ فدک پر ہماری حقیت بھی بقول خدا و رسول
ہے ۔ پھر اوسی قول خدا و رسول سے ہمارے کل حقون کو کیون نہین حوالہ کرتا ۔
معاملہ فدک کچھ تازہ امر نہ تھا ۔ بلکہ ابتدا سے قبضہ و دخل سے اسکے حالات سبکو معلوم تھے ۔
کیونکہ یہ وہی فدک تھا جسپر رسول اللہ قابض ہوئے اور جناب سیدہ کو ہبہ کیا ۔
یہ وہی فدک ہے جس سے ابوبکر و عمر نے جناب سیدہ کو محروم کیا اور ہمیشہ وہ معصومہ انکے ظلم
وستم کی شاکی رہین ۔
یہ وہی فدک ہے جسے عثمان نے اپنے داماد مروان کو جاگیر مین دیا اور عمر بن عبد العزیز نے اوسکو
واپس کیا ملاحظہ ہو تاریخ الخلفا صفحہ ۱
پھر کیونکر ممکن تھا کہ حضرت اوسکے نسبت یہ دعوی کرتے اور ہارون ساکت رہتا بجز اسکے کہ
وہ حضرت کے اصلی مطلب کو سمجھا تھا کہ حضرت اس حیثیت سے فرماتے ہین ۔
قولہ اس روایت کو لکھکر پھر باقر مجلسی لکھتے ہین کہ ابن اسباط کی روایت مین پہلی حد
اوسکی عریش مصر اور دوسری دومۃ الجندل اور تیسری احد اور چوتھی سمندر بیان کی تھی
اسپر ہارون رشید نے کہا کہ یہ سب دنیا ہے اسپر یہودیون کے قبضے مین ابو ہالہ کے
مرنے کے بعد تھی ۔ پس اوسکو خدا و رسول نے اپنے لئے فئے بغیر جنگ و جدل کے
کر لیا ۔ اور خدا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حکم دیا کہ یہ حضرت فاطمہ ؑ کو
دیدو ۔
اقول ۔ ہان یہ دوسری روایت ہے اور اگر بطریق صحیح یہ حدیث ثابت ہو تو
اس مین کسیکو عذر نہین ہوسکتا ۔ کیونکہ عام قاعدہ ہے جو کسی سلطنت پر قبضہ کرتا ہے
تو ہمیشہ اوسکے اون حدود کا مطالبہ رہتا ہے جو کسی وقت مین اوسکے حدود
مین داخل تھا ۔ پس اگر قبضہ یہود مین یہ مقامات تھے تو ضرور اوسکا دعوی ہوگا ۔ اور
چونکہ وہ مقامات اہل اسلام کے قبضہ مین آچکے تھے لہذا اوسکا دعوی صحیح ہے ۔
مگر اصل وہی ہے جو پہلے مرقوم ہوا کہ حضرت کا دعوی اس حیثیت سے تھا کہ وہ

چاہتا تھا آپکے حقوق کو ادا کرین نہ اس حیثیت سے کہ یہ سب فدک ہے۔

قال ۔ ملا باقر مجلسی فرماتے ہین کہ یہ دو نو حد بندیان جو بیان کی گئین ہین اوسکے خلاف ہین جو لغت نویسون نے بیان کین ہین اور پھر اس کا جواب ملا صاحب یہ دیتے ہین کہ شاید مراد امام کی یہ ہے کہ یہ سب فدک کے حکم مین داخل ہین اور گویا دعوی اون سب پر تھا۔ اور فدک کا نام صرف مثالاً اور تغلیباً تھا۔ (صفحہ ۱۰۱ بحار الانوار کتاب الفتن مطبوعہ ایران)

یہ روایت متعلق حدود فدک کے جو حضرات شیعہ بیان کرتے ہین امت نے اسلئے یہان بیان کیا کہ گویا وہ فدک اور خلافت کو مرادف سمجھتے ہین یعنی جہانتک مسلمانون کا قبضہ تھا وہ فدک کے حکم مین داخل تھا۔ اور حضرت فاطمہ اوسی کا مطالبہ فرماتی تھین۔ مگر فدک جیسا کہ ہم اپنی روایتون سے اوپر بیان کر چکے ایک موضع ہے اور اوسکے حدود جس طرح سب گاؤن کے معین اور معلوم ہوتے ہین سب جانتے تھے۔ پیغمبر خدا صلعم نے اوس کا انتظام اونھین لوگون کے سپرد کر دیا تھا جنسے صلحاً لیا گیا تھا۔ اور یہ قرار پایا تھا کہ جو کچھ پیدا ہو اوس مین سے نصف وہ لوگ لیلیا کرین اور نصف آنحضرت صلعم کو دیا کرین۔ چنانچہ مطابق اسکے ہر سال پیغمبر خدا صلعم کی طرف سے کچھ لوگ جاتے اور تخمینہ کرکے آنحضرت کا حصہ نصف لے آتے اور جو غلہ وہان سے آتا اوسے حضرت اپنے اہل و عیال کیلئے رکھکر باقی مسلمانون کو تقسیم کر دیتے۔

اقول افسوس کہ آپ خود علامہ مجلسی علیہ الرحمہ کا قول نقل کرتے ہین کہ وہ اسکو خلاف تصریح اہل لغت فرماتے ہین پھر یہ حملہ بیجا نہین تو کیا ہے جو آپ فرماتے ہین "کہ وہ فدک اور خلافت کو مرادف سمجھتے ہین" کیونکہ یہ واقعہ جناب امام موسیٰ کاظم کا ہے جبکہ فرماتے ہین کہ جب تک فدک کو مع حدود نہ دیگا نہ لونگا۔ اور مطالبہ فدک تو قدیم الایام سے ہے جبکہ یہ مقامات فتح بھی نہ ہوے تھے پھر دونون کو مرادف سمجھنا کیسی دانشمندی ہے۔

نہ جناب امام ع خلافت اور فدک کو مرادف سمجھتے ہین نہ ملا صاحب کیونکہ وہ بھی صاف
صاحب لکھتے ہین گویا اون سب کا دعوی تھا توبیشک دعوی سب کا تھا علیحدہ علیحدہ نہ
بحیثیت مرادفت۔
افسوس ہے کہ آپنے اسپر نہین غور کیا کہ یہ مطالبہ جناب امام موسیٰ کاظم کا ہے جسکی وجہ ہم بتاتے
ہین کہ چونکہ خلفاے بنی عباس مدعی انکا وراثت تھے اور حقیت ائمہ اطہار کے قائل
تھے اسلیئے حضرت نے فرمایا اگر دیتا ہے تو مع حدود دے۔ مگر حضرت سیدہ نے یہ نہین فرمایا کہ
جناب سیدہ کا مطالبہ بھی اسی حیثیت سے تھا کیونکہ وہ معصومہ تو صرف فدک کی طالب
تھین نہ اوسکے حدود کی نہ کل اون منقولات کی جو رسول اللہ چھوڑ گئے تھے پھر آپ
خلط مبحث کر کے کیون حق مشتبہ کرتے ہین۔
انسان کو چاہیئے کہ ہمیشہ حق کا پابند رہے کہ اوس سے درگذر نہ کرے۔ نہ یہ کہ اپنی
غرض کیلیئے بات کو مشتبہ اور مخلوط کرے۔ مطالبہ جناب سیدہ کو علیحدہ رکھیئے جو بربنیاد
ہبہ اور میراث ہے کہ حضرت اوسی کا مطالبہ فرماتی تھین جو آنحضرت نے آپکو دیا تھا یا بحیثیت
میراث پہونچا تھا۔ اور جناب امام موسیٰ کاظم کا مطالبہ بحیثیت اوس اظہار خصوصیت کے
ہے جسکا اظہار ہارون رشید کرتا تھا کہ ہم آپکے حقوق آپکو دینگے۔
رہا جو کچھ آپنے فدک کی محاصل اور انتظام کی نسبت لکھا ہے تو اوسکی حقیقت آیندہ معلوم
ہوگی کہ کیونکر فدک قبضہ مین آیا اور اسکا کیا انتظام تھا۔
قال اگر حضرات شیعہ فرماتے ہین کہ اوسکی آمدنی ہر سال چوبیس ہزار دینار تھی جیسا کہ ملا باقر مجلسی
حیات القلوب مین لکھتے ہین کہ آنحضرت صلعم نے اہل فدک کے ساتھ تعہد کر لیا تھا کہ وہ
ہر سال چوبیس ہزار دینار دیا کرین کہ اس زمانے کے حساب سے تقریباً تین ہزار چھ سو تومان
(سکہ ایرانی) ہوتے ہین اور صاحب تشئید المطاعن کہتے ہین کہ بحساب ہندوستان کے ایک
لاکھ بیس ہزار روپیہ اوسکا ہوتا ہے۔ اور صاحب تشئید المطاعن نے لکھا ہے کہ ابو داود
اپنی سنن مین لکھتے ہین کہ عمر بن عبد العزیز جب خلیفہ ہوئے تو اوس وقت فدک کی آمدنی
چالیس ہزار دینار تھی۔

اقول تو روایات اہلسنت اور روایات شیعہ مین یہی فرق ہے کہ اہلسنت کچھ مقدار محاصل فدک نہین مقرر کرتے بلکہ وہ کہتے ہین کہ نصف پیدا وار حضرت کو اہل فدک دیا کرتے تھے اور روایات شیعہ مین اسکی تحدید موجود ہے کہ چوبیس ہزار دینار سالانہ دیا کرین جو بحساب ہندوستان ایک لاکھ بیس ہزار روپیہ ہوتے ہین۔

مگر نہ معلوم آپکو اسپر اعتراض کیا ہے کیونکہ روایات اہلسنت سے اگر عہد رسول اللہ مین اسکی مقدار معین نہین معلوم ہوتی تو عمر بن العزیز مین اوس مقدار کی تعداد تو خود سنن ابو داؤد سے معلوم ہوگی کیونکہ سنن ابو داود مین ہی صفحہ جلد ۲ مطبوعہ مطبع نولکشور

حدثنا عبد الله بن الجراح نا جریر عن المغیرة قال جمع عمر بن عبد العزیز بنی مروان حین استخلف فقال ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کانت له فدك فکان ینفق منها ویعود منها علی صغیر بنی هاشم ویزوج فیها ایمهم وان فاطمه سالته ان یجعلها لها فابی فکانت کذلك فی حیوة رسول الله صلی الله علیه وسلم حتی مضی لسبیله فلما ان ولی ابوبکر عمل فیها بما عمل النبی صلی الله علیه وسلم فی حیوته حتی مضی لسبیله فلما ان ولی عمر عمل فیها بمثل ما عمل حتی مضی لسبیله ثم اقطعها مروان ثم صارت لعمر بن عبد العزیز ثم قال یعنی عمر بن عبد العزیز فرایت امرا منعه رسول الله صلی الله علیه وسلم فاطمه علیها السلام لیس لی بحق وانی اشهدکم انی قد رددتها علی ما کانت یعنی علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ابو داؤد ولی عمر بن عبد العزیز الخلافة وغلته اربعون الف دینار وتوفی وغلته اربع مائة دینار۔

یعنی عبد اللہ بن الجراح روایت کرتے ہین کہ جب عمر بن عبد العزیز خلیفہ ہوے تو اونھون نے اولاد مروان کو جمع کیا اور کہا کہ فدک خاصہ رسول اللہ تھا جس سے صغرائے بنی ہاشم پر اوس سے انفاق کرتے اور عورتون کی تزویج کرتے جناب سیدہ نے

اوسکی خواہش کی تھی کہ آنحضرت آپکو دیدین مگر حضرت نے انکار کیا عہد رسول اللہ تک یہی اسکی حالت رہی۔ جب ابوبکر خلیفہ ہوے تو وہ بھی اسی طرح عمل کرتے رہے پھر عمر بھی اسی طرح کارروائی کرتے۔ اسکے بعد مروان نے اوسکو اپنی جاگیر مین لیلیا اوسکے بعد وہ عمر بن عبدالعزیز کے حصہ مین آیا۔ عمر بن عبدالعزیز نے اسکے بعد کہا کہ میری راے مین یہ آتا ہے کہ جس امر سے رسول اللہ نے جناب سیدہ کو منع کیا اوسکے نسبت ہمکو کوئی حق نہین ہے لہذا ہم اوسی حالت پر رد کرنا چاہتے ہین جس حالت پر عہد رسول مین تھا۔

ابوداؤد (مولف کتاب) کہتے ہین کہ عمر بن عبدالعزیز جب خلیفہ ہوے تو اوسکی آمدنی چالیس ہزار دینار تھی۔ اور اونکی وفات کے وقت چارسو دینار تھی"

مولوی صاحب کو اسپر تو تعجب آتا تھا کہ ملا مجلسی علیہ الرحمہ نے اوسکی ۲۴ ہزار دینار آمدنی لکھی تھی مگر ابوداود کی روایت تو اوسکی مقدار چالیس ہزار دینار بتاتی ہے۔ تو کیا اوسپر بھی آپ تمسخر کرینگے۔ حالانکہ سنن ابوداؤد آپکی صحاح ستہ مین داخل ہے۔

یہ روایت اگرچہ دیگر روایات کے بعض مضامین کے خلاف ہے مگر ہمکو اوس سے مطلب نہین ہے بلکہ صرف یہ دکھانا ہے کہ خود روایات اہلسنت سے بھی آمدنی فدک کا چالیس ہزار دینار معلوم ہوا۔

اس روایت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ علامہ مجلسی رحمہ اللہ نے جو چوبیس ہزار دینار کی تعداد لکھی ہے وہ بھی صحیح ہے کیونکہ عام قاعدہ ہے غلہ کا نرخ کبھی یکسان نہین رہتا۔ بلکہ ہمیشہ گھٹتا بڑھتا ہے چنانچہ خود اسی روایت ابوداؤد مین اسکی تصریح موجود ہے کہ ابتداے خلافت عمر بن عبدالعزیز مین اوسکی مقدار چالیس ہزار دینار تھی۔ اور بوقت وفات اوسکی مقدار چارسو دینار ہوگئی تھی حالانکہ زمانہ خلافت عمر بن عبدالعزیز دو برس پانچ مہینہ رہا ہے جیسا کہ تاریخ خمیس مین ہے صفحہ ۳۵۵ جلد ۲

پس جب صرف ڈھائی سال مین یہ تغیر ہوگیا کہ جس مقام کی آمدنی چالیس ہزار دینار تھی چارسو دینار ہوگئی تو اسپر کیونکر تعجب ہوسکتا ہے کہ حضرت کے زمانہ مین ۲۴ ہزار دینار تھی

اسی سے اون روایات اہل سنت کی بھی تصدیق ہوسکتی ہے کہ حضرت نے اوسکا انتظام یون کیا تھا کہ نصف حاصل دیا کرین کیونکہ ممکن ہے پہلے یہ انتظام ہو بعد اوسکے تبدیلی ہوگیا ہو یہ جو تھا اوس کا آتا تھا اوسکی قیمت چوبیس ہزار دینار ہوتی ہو۔

زیادہ تر تعجب تو یہ ہے کہ مولوی صاحب نے کتاب مستطاب تشئید المطاعن کا حوالہ دیا کہ اوسمین سنن ابوداؤد سے یہ روایت منقول ہے۔ مگر اوسکا کوئی جواب نہین دیا کہ آخر یہ حوالہ غلط ہے یا کیا۔

حالانکہ اونکا فرض تھا کہ اسکی حقیقت ظاہر کرتے کہ سنن ابوداؤد کی یہ عبارت غلط ہے یا صحیح جس سے بہت کچھ اصل امر پر روشنی پڑتی۔ کیونکہ آپنے فدک کی تحقیقات مین لکھا تھا کہ وہ ایک گاؤن تھا جسکی تحقیقات ہم کر آئے ہین کہ قاموس مین قریہ بمعنی مصر جامع ہے جس سے معلوم ہوا کہ وہ محض گاؤن نہ تھا بلکہ ایک اچھا آباد شہر تھا جس مین ایک زمانہ مین بادشاہ بھی رہتا تھا۔ اوسکی تصدیق بھی اس سے ہوگئی کہ جس مقام کی آمدنی چالیس ہزار دینار ہو وہ صرف ایک گاؤن نہین ہوسکتا۔

رسالہ فدک پشاوری

اب ہم یہان تھوڑی دیر کیلئے ایک مشہور رسالہ فدک کی بھی سیر کرتے ہین جسے مرزا غلام احمد قادیانی کے پیرون نے بڑے زور شور سے پشاور سے شایع کیا ہے۔ وہ لکھتا ہے صـ

"بحث فدک" سب سے پہلے خارجی دلائل سے اسپر بحث کرتا ہون پھر دلائل قرآن مجید اور اسکے معانی اور اسکی اصطلاحات وغیرہ متعلقات پر تقریر کرونگا۔ اور اون آیتون پر بحث کرونگا جنپر علماء شیعہ اور اہل سنت مین بڑی بڑی بسیط بحثین ہوچکی ہین۔

(۱) مطابق روایات شیعہ آمدنی فدک چوبیس ہزار دینار سالانہ تھی (دیکھو حیات القلوب مجلسی) دینار پانچ روپیہ کا ہوتا ہے۔ اس حساب سے آمدنی فدک مطابق سکہ مروجہ انگریزی ایک لاکھ بیس ہزار روپیہ کی جائداد ہوئی۔ پھر کیا عقل سلیم باور کرسکتی ہے کہ رسول خدا نے اپنی بیٹی کو دیدی۔ یا ہبہ فرمائی۔ یہ اسراف نہین ہے اور قرآن مجید مین جہان اس آیت کا ذکر ہے جس آیت سے شیعہ ہبہ فدک پر

استدلال کرتے ہین ۔ وات ذالقربی حقہ والمسکین وابن السبیل ۔ اسمین یہ آیت کے
بعد ہی واقعہ ہے ولاتبذر تبذیرا ان المبذرین کانوا اخوان الشیاطین (پ ۱۵ ر ۳)
اب بتلاؤ اپنی بیٹی کو اسقدر جائداد دینا اسراف مین داخل ہے۔ یا نہ۔

اقول افسوس اسپر نہ خیال ہوا کہ جس خدا نے دنیا کی اسقدر مذمت کی اوس خدا نے رسول
کو اسقدر کیون دیا کہ فدک اوسکا ساتوان حصہ ہے کیونکہ تحقیق سابق سے معلوم ہو چکا ہے کہ
متروکات رسول مین ایسے سات مقامات تھے جن مین سے ایک فدک بھی تھا پس جس طرح خدا نے
باوصف مذمت دنیا اسقدر اپنے رسول کو دیا اوسی طرح رسول نے اوس عطیہ خداوندی کا ایک
حصہ اپنی پارہ جگر کو بھی عطا کیا۔

(۲) اگر اسکا نام اسراف ہے تو اول ملزم اوسکا خداوند عالم قرار پاتا ہے جسنے اسقدر مذمت دنیا کے
ساتھ اسقدر اپنے رسول کو دیا حالانکہ خدا جانتا تھا کہ بقول کفار و منافقین نہ رسول کے کوئی اولاد
ہے نہ وہ اولاد صاحب احتیاج ہے ۔ نہ اوس اولاد کو کوئی حصہ اس سے ملنے والا ہے کیونکہ
رسولؐ حدیث معاشر الانبیاء لانورث ولا نورث سے اوسکو محروم کرنے والے ہی ہین ۔
پھر جس مصلحت سے خدا نے یہ جان بوجھکر رسول کو اسقدر جائداد دین دی ین ۔ اوسی مصلحت سے
رسولؐ نے بھی اپنی پارہ جگر کو یہ دیا کیونکہ رسول جانتے تھے یہ صاحب حاجت ہے اسپر کیا
مصیبت آنے والی ہے ۔

(۳) آیہ وات ذالقربی حقہ والمسکین وابن السبیل ولاتبذر تبذیرا سے
استدلال اور بھی طرفہ ماجرا ہے کیونکہ تفسیر معالم التنزیل مین ہے ای لاتنفق مالک فی المعصیۃ
وقال مجاھد لو انفق الانسان مالہ کلہ فی الحق ما کان تبذیرا ولو انفق مدا
فی الباطل کان تبذیرا وسئل ابن مسعود عن التبذیر فقال انفاق المال
فی غیر حقہ قال شعبہ کنت امشی مع ابی اسحق فی طریقہ الکوفۃ فاتی
علی دار بنی بجصیر واجر فقال ھذا لتبذیر فی قول عبد اللہ انفاق
المال فی غیر حقہ ص۳۱۵
یعنی تفسیر ولاتبذر تبذیرا مین مراد یہ ہے کہ اپنے مال کو معصیت مین خرچ کرو۔ مجاہد

کہتے ہین کہ اگر کوئی اپنا کل مال راہ حق مین دیدے تو وہ تبذیر نہین ہے۔ اور اگر ایک مد
بھی ناجائز راہ مین دے تو وہ تبذیر ہے۔ ابن مسعود سے تبذیر کو پوچھا تو کہا کہ تبذیر انفاق
مال ہے غیر حق مین۔ شعبہ کہتے ہین کہ ہم ابو اسحٰق کے ساتھ ایک مکان کے پاس سے
گذرے جو بنایا جاتا تھا حصیر و آجر سے تو کہا یہ تبذیر ہے۔ بقول عبداللہ کہ مال غیر راہ حق مین خرچ
کیا جائے۔

افسوس آپکو یہ بھی نہین معلوم کہ خدا نے ذوی القربیٰ کے حقوق دینے کو واجب کیا ہے
چنانچہ تفسیر آیہ کی تفسیر ... ذالدین رازی لکھتے ہین الاول انہ خطاب رسول صلی اللہ
علیہ والہ وسلم وامرہ اللہ ان یوتی اقاربہ الحقوق التی وجبت لھم فی الفئی
والغنیمۃ واوجب علیہ اخراج حق المساکین وابناء السبیل ایضا من ھذا
المالین صفحہ جلد ۵
یعنی آت ذی القربیٰ حقہ مین خطاب ہے رسول سے۔ پس خدا نے حکم دیا کہ اپنے قرابتمندون
کے حقوق واجبہ کو فئے و غنیمت سے دو اور نیز بھی واجب کیا ہے کہ حق مساکین وابن السبیل
بھی نکالین۔

پھر کون کہہ سکتا ہے کہ جس امر کو خدا نے اپنے رسول پر واجب کیا اور ایک مرتبہ نہین بلکہ بتاکید
حکم دیا اوسکے ساتھ اسکو تعلق ہوسکتا ہے۔ کیونکہ خود خدا نے ذی القربیٰ کا حق مقرر کیا ہے وآت
ذی القربیٰ حقہ کہ جو حق اونکا مقرر ہے اوسکو دیدو لہذا معلوم ہوا کہ ولا تبذر تبذیرا
کا تعلق اوس سے نہین ہے بلکہ مسکین و ابن السبیل سے ہے جنکا کوئی حق خاص
مقرر نہین ہے اور حضرت کو اونکا اسقدر خیال تھا کہ اپنے بلکہ اولاد پر ہر طرح کی زحمت گوارا
کرتے اور ان لوگون کو کسی طرح محروم نہ کرتے لہذا یہ حکم دیا ولا تبذر تبذیرا کہ اتنا نہ دو کہ حکم
اسراف مین آجائے۔ چنانچہ اسکے بعد ہی فرماتا ہے ولا تجعل یدک مغلولۃ الی
عنقک ولا تبسطھا کل البسط فتقعد ملوما محسورا کہ نہ اپنے ہاتھ کو گلے مین
باندھ لو کہ کسیکو کچھ ندو اور نہ پوری طور سے پھیلا دو کہ پھر ملامت زدہ و درماندہ ہوکر بیٹھ رہو
کیا کوئی کہہ سکتا ہے اس کا تعلق اپنی اولاد کے بخشش و عطا کے ساتھ ہوسکتا ہے ہرگز

نہین۔ بلکہ یہ اونھین لوگون کے ساتھ ہے جنکے دینے سے رسول کی یہ حالت ہوجاتی کہ اپنا
قمیص مبارک اوتار کر ایک شخص کو دیدیا جس سے آپ ایسا مجبور ہوئے کہ پھر مسجد مین نماز کیلئے
تشریف نہ لیجا سکے ملاحظہ ہو تفسیر ابو سعود ص۳۳۰ جلد ۵
افسوس کہ آپ اوس وقت نہوئے جبکہ رسول اللہ ص نے یہ فرمایا تھا کیونکہ اوسوقت کے کفار
بھی یہی کہتے تھے جو آج آپ فرماتے ہین چنانچہ خداوند عالم سورہ منافقین مین فرماتا ہے۔
ھم الذین یقولون لا تنفقوا علی من عند رسول اللہ حتی ینفضوا و للہ خزائن
السموات و الارض ولکن المنافقین لا یفقھون۔
یعنی یہی منافقین تو وہ ہین جو کہتے ہین کہ رسول خدا کے پاس جو لوگ رہتے ہین اونپر
کچھ خرچ نہ کرو کہ خود یہ لوگ بھاگ جائین حالانکہ خدا کیلئے سب خزانے آسمان و زمین مگر
منافقین نہین سمجھتے۔ مگر فرق ہے تو اسقدر کہ وہ اپنے بھائی بندون سے اسکی فرمایش
کرتے کہ رسول اللہ ص کے ساتھیون کو کچھ نہ دو اور آپ خود رسول اللہ پر اعتراض کرتے ہین کہ
حضرت نے جناب سیدہ کو یہ جائداد دیکر مخالفت حکم خدائی۔

عمر کی آمدنی دو لاکھ۔ آپکو اسپر تو بہت تعجب آیا کہ رسول اللہ ص نے کیون اتنی بڑی جائداد
اپنی بیٹی کو دیدی مگر اسپر نہ تعجب آیا کہ خود خلیفہ دوم نے رسول اللہ کی بدولت کیا پیدا
کیا دیکھئے علامہ ابن ابی الحدید تاریخ طبری سے ناقل ہین ان عمر کان لہ غلۃ بالحجاز
علتہ کل سنۃ اربعون الفا یخرجھا فی النوائب و الحقوق ویصرفھا الی بنی عدی
بن کعب الی فقرائھم و ارامل ھم وایتامھم روی ذلک ابن جریر فی التاریخ
ص۵۶ جلد ۲
کہ عمر کا ایک باغ تھا ملک حجاز مین جسکی آمدنی چالیس ہزار دینار سالانہ تھی جسکو وہ اپنی ضرورتون
مین خرچ کرتے اور اپنے خاندان بنی عدی کے فقرا اور یتیمون کو دیا کرتے۔

کثرت مال داری عمر۔ اب اسپر ترقی سنئے کہ صحیح بخاری مین یہ حدیث ہے کہ عمر نے
بوقت موت کہا کہ دیکھو بیت المال کا روپیہ کسقدر ہمارے ذمہ ہے تو حساب سے معلوم ہوا چھیاسی
ہزار ہے اسپر عمر نے کہا کہ اس مال کو عمر کی اولاد کے مال سے ادا کردو۔ اگر پورا نہو۔ تو قبیلہ

بنی عدی کے مال سے پورا کرو اون سے بھی نہ پورا ہو سکے تو قریش کے مال سے لیکر ادا کرو۔
اسکی شرح مین علامہ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہین کہ عمر نے جو کہا کہ مال آل عمر سے ادا کرنا تو مراد
اس سے خود اپنا نفس ہے کانہ یرید بنفسہ ومثلہ یقع فی کلامہم کثیرا صفحہ ۳۸۲ جلد ۳
کہ خود ہمارے مال سے ادا کرو اور ایسا اکثر بولتے ہین جس سے معلوم ہوا حضرت عمر اس قدر
مالدار تھے کہ اونکے مال سے چھیاسی ہزار ادا ہو جاتا۔ پھر لکھتے ہین۔
وقد انکر نافع مولی ابن عمر ان یکون علی عمر دین فروی عمر بن شیبہ فی
کتاب المدینۃ باسناد صحیح ان نافعا قال من این یکون علی عمر دین وقد
باع رجل من ورثتہ میراثہ بمائۃ الف انتھی وھذا لا ینفی ان یکون
عند موتہ علیہ دین فقد یکون الشخص کثیر المال ولا یستلزم من نفی
الدین عنہ فلعل نافعا انکر ان یکون دینہ لم یقض صفحہ ۳۸۳ جلد ۳
یعنی نافع غلام ابن عمر نے اس سے انکار کیا ہے کہ عمر پر قرض ہو۔ کیونکہ عمر بن شیبہ نے کتاب
مدینہ مین بسند صحیح روایت کیا ہے کہ نافع نے جب یہ سنا تو کہا عمر پر قرض کیونکر ہو سکتا ہے۔
حالانکہ اونکے ایک وارث نے اپنی جائداد لاکھ روپیہ پر بیچی تھی اسپر ابن حجر لکھتے ہین اس سے
یہ کیونکر لازم آیا کہ عمر پر وقت موت دین نہو کیونکہ اکثر ایسا ہوتا ہے آدمی بہت مالدار ہوتا ہے اور
وہ قرضدار ہوتا ہے۔ تو شاید نافع کا مطلب یہ ہو کہ عمر کا وہ قرض باقی نہین رہا ادا ہو گیا
ہو گا۔
ہمکو اس سے بحث نہین کہ عمر نے جو بیت المال سے چھیاسی ہزار لیا تھا ادا کیا یا نہین
کیونکہ ان کے بعد تو عثمان خلیفہ ہوئے جنھون نے بیت المال کا دروازہ عام طور پر کھول دیا تھا
پھر وہ کیا مطالبہ اسکا کرتے۔ جبکہ ابن عمر کو باوصفیکہ اوسنے کئی خون کیا تھا صرف اسوجہ سے
چھوڑ دیا کہ وہ عمر کا بیٹا ہے۔
بلکہ صرف یہ دکھانا ہے کہ عمر صاحب نے صرف اسی خلافت کی بدولت کتنی دولت جمع کی تھی
کہ اونکے ایک وارث نے اپنا حصہ ایک لاکھ کو بیچا۔
اب دیکھیے عمر کے ورثہ کتنے ہین (۱) عبد اللہ بن عمر (۲) عبید اللہ بن عمر (۳) عاصم بن عمر (۴) ابو شحمہ بن عمر

(۵) زید بن عمر (۶) مجبر بن عمر وفاطمہ وبنات آخر صـ۱۶ـ المعارف

اب آپ ہی حساب لگائے کہ کتنی مالیت کی جائداد انھون نے حاصل کی تھی کیونکہ روایت نافع مین اسکی تصریح نہین ہے کہ وہ وارث عمر جسنے اپنی جائداد ایک لاکھ پر بیچی تھی وہ آیا عمر کی زوجہ تھی جسکا حصہ آٹھوان ہوتا ہے۔ یا بیٹی تھی جسکا حصہ نصف حصہ ذکور ہوتا ہے۔ یا بیٹا تھا جسکا حصہ ایک لاکھ تھا غرض حساب لگانے سے کڑورون کا حساب جا کر بیٹھتا ہے۔

آپ اصلی راز تو کہینگے نہین کہ عمر صاحب نے یہ سب جائدادین بزور خلافت حاصل کین بلکہ کہے گا کہ یہ سب عطیہ سوا رسول کی بدولت انکو ملا۔ تو پھر اسپر کیونکر اعتراض کر سکتے ہین کہ آنحضرت نے اپنی پارہ جگر کو فدک دیا جسکی آمدنی ایک لاکھ پچیس ہزار تھی۔

اب اسکے ساتھ ثروت طلحہ کو بھی دیکھ لیجئے جو ابو بکر صاحب کے چھوٹے داماد ہین تاریخ خمیس مین ہے وروی عن عمرو بن دینار عن مولی طلحہ قال ان دخل طلحہ کان کل یوم الف درہم ویقال خلف من المال الفی الف درہم ومائتی الف دینار قال ابن الجوزی خلف طلحہ ثلثمائۃ جمل ذہبا صـ۲۱۳ جلد ۲

کہ طلحہ کی آمدنی روزانہ ہزار درہم تھی اور مرتے وقت بیس لاکھ درہم اور دو لاکھ دینار چھوڑ گئے تھے۔ ابن جوزی نے کہا تین سو اونٹ کا بار سونا وہ چھوڑ کر مرے تھے۔

غرض اگر آپ جناب رسالتمآب کو بالکل واقعات ابعد سے بیخبر بھی مانئے اور انسانی فرض کیجئے جسمین لوازم تمدن کا وجود ضروری ہے تو آپکو یہ ماننا پڑیگا کہ حضرت نے اپنی پارہ جگر کو اتنی جائداد ضروری ہوگی جس سے وہ اپنے اور اپنے کنبہ قبیلہ کی قوت لایموت کو بہم پہونچاتی رہین اور اس حالت پر نہ پہونچین کہ جناب امیر باوصف حصول خلافت فرمائین

لو کان عندی اربعۃ دراہم ثمن ازار لی ابعہ تاریخ کامل جلد ۳ صـ۲۰۲

کہ اگر ہمارے پاس چار درہم بھی ہوتا جس سے ایک لنگ خریدتے تو اس تلوار کو نہ بیچتے جس سے معلوم ہوا کہ حضرت اکثر اوقات ایسے مجبور ہو جاتے کہ چار درہم (۴) بھی نہ ہوتا کہ ایک لنگ خرید لیتے۔ یہ نتیجہ تھا اسی حق تلفی کا جو لوگون نے حضرت کو بہ طرح محروم کر دیا تھا۔

یہان آپکو ہم دو واقعہ ذاتی ملکیت کا دکھاتے ہین جس سے معلوم ہوگا کہ رسول اللہ پر فرض تھا اپنے اولاد کی حرمت و عزت کے بقا کیلئے اسقدر جائدادین کہ وہ اپنے کنبہ قبیلہ کی پرورش کرسکین تاریخ طبری مین ہے صفحہ جلد

ان رجلا کان بینہ وبین عمر قرابۃ فسألہ فزبرہ واخرجہ فکلم فیہ فقیل یا امیرالمومنین فلان سألک فزبرتہ واخرجتہ فقال انہ سألنی من مال اللہ فما معذرتی ان لقیتہ ملکا خائنا فلولا سألنی من مالی قال فارسل الیہ بعشرۃ آلاف۔

یعنی عمر کا ایک قرابت مند اون سے کچھ سائل ہوا تو عمر نے اوسکو ڈانٹ کر نکال دیا لوگون نے اسکی سفارش کی کہ آپ سے اوسنے کچھ سوال کیا تو ڈانٹ کر اوسکو نکال دیا عمر نے کہا اوسنے مال خدا سے طلب کیا تھا تو ہم خدا کو اسکا کیا جواب دیتے۔ کیون نہین اوسنے ہمارے اپنے مال سے طلب کیا اسکے بعد عمر نے دس ہزار اوسکو بھیجا۔

اس روایت سے آپ ضرور خوش ہونگے کہ عمر صاحب نے قرابت کا خیال نہ کیا اوسکو ڈانٹ کر نکال دیا اور بیت المال سے کچھ نہ دیا پھر اس سے بھی آپکو مسرت ہوگی کہ عمر نے دس ہزار اوسکو اپنے جیب خاص سے دیا جس سے اسقدر تو یقیناً معلوم ہوا کہ اونکی ذاتی آمدنی بھی اتنی تھی کہ بیت المال پر وہ اسکا بار نہ ڈالتے اور اپنے پاس سے دیدیتے۔

مگر اسکے بعد جب آپ یہ واقعہ دیکھینگے جو جناب امیر کے متعلق آپکی کتاب اسد الغابہ مین مرقوم ہے جسکو ہمارے مخاطب اڈیٹر النجم نے ترجمہ کیا ہے تو بشرط اسلام بلکہ انسانیت ضرور آپ متاثر ہونگے ملاحظہ ہو ترجمہ اسد الغابہ صفحہ ۱۸۶ جلد ۴

عبداللہ بن عباس ہزلی اور اسحاق بن سعد نے اپنے والد سے نقل کرکے بیان کیا کہ عقیل بن ابیطالب مقروض ہوگئے تو علی بن ابی طالب کے پاس کوفہ مین آئے تو انھون نے اونکو اتارا اور اپنے بیٹے حسن کو حکم دیا (کہ انکو کپڑے پہنا دین) پس انھون نے انکو اپنے کپڑے پہنائے جب شام ہوئی تو انھون نے انکو شب کے کھانے کے واسطے بلایا کہ وہ روٹی اور نمک اور ترکاری تھی۔ پس عقیل نے کہا کہ جسکو مین خیال کرتا ہون وہی ہے حضرت علی نے کہا نہین

توعقیل نے کہا کہ آپ میرا قرض ادا کر دیجئے حضرت علیؑ نے کہا کہ تمھارا قرض کسقدر ہے انھون نے کہا چالیس ہزار حضرت علیؑ نے کہا اسقدر میرے پاس نہین ہے لیکن اُسوقت تک تم صبر کرو کہ مجھکو جو چار ہزار وظیفہ ملتا ہے وہ ملجائے تو مین تمکو دیدون توعقیل نے کہا کہ بیت المال کے تم مالک ہو اور تم مجھکو اپنے وظیفہ کی بابت تاخیر مین ڈالتے ہو حضرت علیؑ نے کہا کیا تم مجھکو حکم دیتے ہو کہ مسلمانون کا مال تمھین دیدون حالانکہ انھون نے مجھکو امین بنایا ہے۔ عقیل نے کہا مجھکو معاویہ کے پاس جانے کی اجازت ہے حضرت نے اجازت دی اور یہ معاویہ کے پاس پہنچے آئے حضرت معاویہ نے انسے کہا اے ابویزید تمنے علیؑ اور اُنکے اصحاب کو کیسا چھوڑا انھون نے کہا ہان وہ لوگ اصحاب محمدؐ ہین صرف یہ ہے ان مین رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم موجود نہین ہین اور تم ہو اور تمھارے اصحاب ابوسفیان اور تمھارے اصحاب لیکن مین تمھارے درمیان مین ابوسفیان کو نہین دیکھتا ہون دوسرے دن صبح ہوئی تو معاویہ اپنے تخت پر بیٹھے اور انکو تخت کے پہلو مین کرسی پر بیٹھنے کا حکم دیا پھر تمام لوگون کو (آنے کا) حکم دیا لوگ آنا شروع ہوے اور ضحاک بن قیس اُنکے ساتھ اُنکے تخت پر بیٹھے پھر انھون نے عقیل کو اذن دیا وہ بھی اُنکے پاس آئے اور کہا اے معاویہ یہ تمھارے ساتھ کون ہین معاویہ نے کہا ضحاک بن قیس ہین عقیل نے کہا الحمد للہ جسنے کمینگی کو دور کیا اور عیب کو پورا کیا یہ وہ شخص ہے کہ جسکا باپ ہمارے مویشیون کو مقام ابطح مین خصی کیا کرتا تھا اس فن مین وہ خوب مہارت رکھتا تھا ضحاک نے کہا بیشک مین قریش کی خوبیون کا عالم ہون اور عقیل قریش کے معائب کے۔ معاویہ نے انکو پچاس ہزار درہم دینے کا حکم دیا چنانچہ انھون نے لے لئے اور لوٹ آئے ہشام بن محمد بن سائب کلبی نے اپنے والد سے انھون نے ابوصالح سے روایت کی ہے کہ انھون نے کہا قریش مین چار شخص ایسے تھے کہ لوگ انکے پاس جاتے اور انکو حکم بناتے تھے ایک عقیل بن ابی طالب دوسرے مخرمہ بن نوفل زہری تیسرے ابوجہم بن حذیفہ عدوی چوتھے حویطب بن عبدالعزی عامری ان مین سے تین آدمی قریش کے محاسن بیان کرتے تھے جب کوئی ان مین سے زیادہ محاسن بیان کرتا تو لوگ دوسرے شخص کے پاس جاتے تھے اور عقیل قریش کی برائیان بیان کرتے تھے پس جس شخص مین برائیان زیادہ ہوتین

تو وہ کہتا کہ کاش میں اُنکے پاس نہ آتا انھون نے میرے ایسے معائب بیان کردے لوگ نہ جانتے تھے ۔"

(۳) [illegible] روایت کو دیکھئے اور جناب امیر کی مجبوری کو کہ بڑے بھائی حضرت عقیل آئے ہین اور [illegible] کچھ امداد نہین کر سکتے بلکہ ایک وقت اچھا کھانا بھی نہین کھلا سکتے بلکہ روٹی ۔ نمک [illegible] پیش کرتے ہین جس سے آپ خود اس نتیجہ پر پہونچینگے کہ رسول اللہ نے جو اپنی پارہ جگر کو ایسی جائداد دی تھی جسکو آپ تنبیہ کہتے ہین اوسکی بھی غرض تھی کہ ان لوگون کی [illegible] نہ کرنی پڑے آپکے [illegible] بدر نہ پہونچین ۔

حالت ابتدائی عمر ازالۃ الخفا مین یہ بھی دیکھا ہوگا کہ عمر صاحب کی خاندانی حالت قبل اسلام کیا تھی کہ عمرو بن العاص کہتے ہین واللہ لقد رایتہ ورایت اباہ وان علی کل واحد منھما عباءۃ قطوانیۃ موتزرا بھا ما یبلغ مابض رکبتیہ وعلی عنق کل واحد منھما حزمۃ من الحطب

کہ مینے عمر اور اونکے باپ خطاب کو دیکھا ہے وہ ایسی پھٹی پرانی عبا قطرانی پہنے تھے کہ گھٹنا بھی اونکا نہ چھپتا تھا اور ہر ایک کی گردن پر لکڑی کا گٹھا تھا (بیچنے کیلئے)

پھر اوسی ازالۃ الخفا مین خود عمر صاحب کا قول ہے ونادی یا بن الخطاب بھذا الوادی [illegible] عصوف وکان فظا یتعبنی اذا عملت ویضربنی اذا قصرت وقد امسیت الیوم ولیس بینی وبین اللہ احد ص ۱۹۶

کہ ہم اسی وادی مین خطاب کا اونٹ چرایا کرتے تھے ایک موٹے گاڑھے کا مدرعہ پہنے ہوتے ۔ اور خطاب بڑا سخت تھا اگر کام کرتے تو تعب مین ڈالتا اور اگر کام کم کرتے تو مارتا ۔ اور آج کیسی ہماری یہ حالت ہے کہ درمیان ہمارے اور خدا کے کوئی نہین ۔

یہ تو انکی ابتدائی حالت تھی ۔ اور خلافت پاتے ہی وہ نقشہ ہوا کہ اوپر آپنے ملاحظہ کیا دس بیس لاکھ [illegible] کی جائداد پیدا کی اور دس دس ہزار ایک ایک آدمی کو دیا ازالۃ الخفا مین ہے ص ۱۹۹

کہ عمر صاحب نے ایک شخص کو چند سو درہم اسپر دیا کہ انھون نے کوڑا چلایا تھا وہ کوڑا اوسکے دامن پہ پڑا اور کہا کہ [illegible] صاف کردے چنانچہ خود عمر نے مال دیتے وقت کہا واعلموا انا بالحفقۃ التی خفقتہ

تھا۔
کہ یہ عطیہ اوس کوڑے کے بدلہ میں ہے جو نادانستہ تجھ پر پڑ گیا تھا۔ کیون صاحب اگر عمر صاحب کے پاس مال نہوتا تو کہان سے دیتے۔

پس اگر رسول اللہ نے بخیال حفظ حقوق بنی ہاشم یہ جائداد جناب سیدہ کو دی کہ کنبہ قبیلہ کی پرورش کرین تو کیونکر محل اعتراض ہو سکتا ہے۔ کیونکہ خاندان بنی ہاشم قدیم الایام سے تمامی عرب مین بلکہ تمام عالم مین ممیز و ممتاز رہا ہے اسی لئے خدا نے انپر صدقہ کو حرام کیا۔ کہ اوسمین ایک طرح کی ذلت ہے بخلاف خمس کے کہ اوسمین عزت اور سطوت شامل ہے۔

مگر ابوبکر صاحب نے خلافت پاتے ہی یہ کام کیا کہ نہ صرف جناب سیدہ کو حق پدری سے محروم کیا بلکہ تمامی بنی ہاشم کو اوس حق خمس سے جو خدا نے مقرر کیا تھا واعلموا انما غنمتم من شئی فان للہ خمسہ وللرسول ولذی القربی والیتمی والمسکین وابن السبیل ان کنتم امنتم باللہ وما انزلنا علی عبدنا یوم الفرقان یوم التقی الجمعان واللہ علی کل شئی قدیر۔ سورہ انفال

یعنی جو کچھ تم کفار سے لوٹ کر لاؤ۔ تو اوس مین سے پانچوان حصہ خدا کا اور اوسکے رسول کا اور اہل قرابت کا اور یتیمون اور محتاجون اور مسافرون کا ہے اگر تم خدا پر ایمان رکھتے ہو اور اور اوس چیز پر جو ہمنے اپنے بندہ پر نازل کیا ہے بروز بدر جسمین دونو فوجین آپس مین لڑ گئین اور اللہ ہر شئی پر قادر ہے۔

اس آیہ کو دیکھئے اور اس تاکید خداوندی کو کہ تقسیم خمس کو مطابق حکم خدا شرط ایمان قرار دیتا ہے۔ مگر ابوبکر صاحب ہین کہ وہ اس حکم کو منسوخ کرتے ہین اور ذوی القربی کو بالکل محروم کرتے ہین پھر کیونکر کوئی متنفس اونکے ایمان کا دعوی کر سکتا ہے حالانکہ خدا فرماتا ہے ان کنتم آمنتم باللہ اگر خدا پر ایمان لائے ہو تو اوسکے مطابق ضرور تقسیم کرو۔ مگر بیچارے قرابت مندی رسول وہ جرم تھا کہ ابوبکر صاحب نے اس وجہ سے تمامی ذوی القربی کو محروم کر دیا چنانچہ کشف الظلمات حصہ اول مین ہم اس روایت کو لکھ چکے ہین ملاحظہ ہو صفحہ ۱۴۹
سنن ابو داؤد کتاب الخراج والفئے مین ہے

حدثنا عبید الله بن عمر بن میسرة حدثنا عبد الرحمن بن مهدی عن عبد الله بن المبارک عن یونس بن یزید عن الزهری قال اخبرنی سعید بن المسیب قال اخبرنی جبیر بن مطعم انه جاء وهو وعثمان بن عفان یکلمان رسول الله صلی الله علیه وسلم فیما قسم من الخمس بین بنی هاشم وبنی المطلب فقلت یا رسول الله قسمت لاخواننا بنی المطلب ولم تعطنا شیئاً وقرابتنا وقرابتهم منک واحدة فقال النبی صلی الله علیه وسلم انما بنو هاشم وبنو المطلب شیء واحد قال جبیر ولم یقسم لبنی عبد شمس ولا لبنی نوفل من ذلک الخمس کما قسم لبنی هاشم وبنی المطلب وقال وکان ابو بکر یقسم الخمس نحو قسم رسول الله صلی الله علیه وسلم غیر انه لم یکن یعطی قربی رسول الله صلی الله علیه وسلم ما کان النبی صلی الله علیه وسلم یعطیهم قال فکان عمر بن الخطاب یعطیهم منه وعثمان بعده۔ مطبوعہ کانپور ص۱۲

یعنی جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ وہ اور عثمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے کہ کلام کریں دربارہ خمس کے جو حضرت نے تقسیم کیا تھا بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب کو جبیر ابن مطعم کہتے ہیں کہ مین نے حضرت سے عرض کیا آپنے خمس سے ہمارے بھائیون بنی المطلب کو دیا اور ہمکو کچھ نہ دیا حالانکہ قرابت ہملوگون کی ایک ہے (کیونکہ حضرت ہاشم چار بھائی تھے ہاشم۔ مطلب۔ عبد شمس۔ نوفل۔ حضرت ہاشم کی اولاد رسول اللہ اور جناب امیر و تمامی بنی ہاشم۔

اور عبد شمس کے عثمان وغیرہ اور نوفل کے جبیر بن مطعم ۱۲ راقم) پس فرمایا حضرت نے بنی ہاشم اور بنی المطلب ہیں شے ایک ہے۔ جبیر نے کہا کہ حضرت نے خمس سے حصہ نہ دیا بنی عبد شمس کو (جسمین حضرت عثمان تھے) نہ بنی نوفل کو (جسمین جبیر تھے) اور تقسیم کیا بنی ہاشم و بنی المطلب کو پھر جبیر کہتے ہین کہ ابو بکر تقسیم کرتے تھے مطابق تقسیم رسول اللہ صلعم کے مگر قرابت مندان رسول کو کچھ بھی نہ دیتے تھے جیسا کہ رسول دیا کرتے تھے۔ جبیر کہتے ہین اور عمر صاحب دیا کرتے تھے ان قرابت مندون کو اوسی خمس سے اور بعد عمر کے عثمان بھی۔ انتہی۔

ہم نہین سمجھتے کہ حضرات اہلسنت کہان تک واقعات کا انکار کرینگے اور کہانتک حدیث بلکہ قرآن سے دست بردار ہونگے کہ خداوند عالم تو اس تصریح سے حق ذوی القربیٰ خمس مین قرار دے کہ اوسکو شرط ایمان قرار دے مگر اہلسنت ہین کہ ابوبکر صاحب کے طرفدار ہین۔

پس جب ایسے ایسے نصوص صریحہ کی مخالفت ابوبکر نے جائز رکھی جو قرآن مجید مین اب تک موجود ہے۔ تو پھر نہ معلوم کیونکر آپکو استعجاب ہوتا ہے کہ رسول اللہ ص نے ایک لاکھ پچیس ہزار کی جائداد جناب سیدہ ع کو دی حالانکہ واقعات مابعد آپکو سب معلوم تھے اور جانتے تھے یا ان طریقت کیا کرنے والے ہین کہ نہ قرآن کا خیال رہیگا نہ حدیث کا نہ ہمارے طرز عمل کا لہذا ضرور تھا کہ حضرت اتمام حجت کیلئے ایک مختصر سی جائداد بھی اس طور سے دین کہ غاصب اور سکا نام عالم مین [illegible] مانا جائے۔

کیا آپکو یہ بھی نہین معلوم ہے کہ خود حضرت خدیجہ مادر گرامی جناب سیدہ ع کا کیسا حق اسلام پر اور خود رسول اللہ پر تھا اگر اوسی کے معاوضہ مین حضرت نے یہ قلیل سی جائداد دی ہو جسکو آپ کثیر کہتے ہین تو آپکو کیا عذر ہے۔

دیکھئے حضرت خدیجہ ع کے حقوق ایسے تھے کہ خداوند عالم اوسکا احسان رکھتا ہے اپنے رسول پر کہ سورہ والضحیٰ مین فرماتا ہے ووجدک عائلاً فاغنی کہ تم اے رسول تم فقیر تھے تو خدا نے تمکو غنی کردیا تفسیر معالم التنزیل مین ہے ای فقیرا فاغناک بمال خدیجہ ثم بالغنائم صفحہ ۹۹۴ کہ تم فقیر تھے لہذا خدا نے تمکو مال خدیجہ ع کی بدولت غنی کردیا۔ پھر مال غنیمت سے۔ تو اگر فرض کرلیا جائے کہ کسی طرح جناب سیدہ نہ بحیثیت وراثت مستحق میراث تھین نہ بحیثیت خدمات اسلام کسی بخشش وعطیہ کی مستحق نہین۔ تو کیا اس حیثیت سے بھی رسول پر جائز نہ تھا کہ اونکے اون حقوق کا معاوضہ دین جو حضرت خدیجہ نے اپنا کل مال رسول خدا پر خرچ کردیا تھا۔

ہم نہین سمجھتے کہ اگر آپ حضرات کو محبت شیخین کی وجہ جناب سیدہ ع سے عداوت ہے۔ تو خدا ورسول سے کیون عداوت ہوگئی جو اوسکے نصوص صریحہ مٹانے پر بھی آپکو تنبہ نہین ہوتا اور اوسکا فکر کو کافر نہین مانتے۔

قول پشاوری (۲) خلیفہ محمد حسن صاحب مرحوم اعجاز التنزیل مین لکھتے ہین فدک ۶ھ

مین فتح ہوا۔ صاحب ناسخ التواریخ لکھتا ہے۔ کہ فدک اُس وقت فتح ہوا جبکہ غزوہ تبوک کی طیاری تھی۔ اور تاریخ سے ثابت ہے۔ کہ وہ زمانہ آنحضرت صلعم پر بڑی تنگی اور عسرت کا تھا اور اسی وجہ سے اُس غزوہ کا نام موجودہ جیش العسرت مشہور ہوا۔ اور کتاب مجید مین اس وقت کا نام ساعتہ العسرۃ ہے لقد تاب اللہ علی النبی والمھاجرین والانصار الذین اتبعوہ فی ساعتہ العسرۃ) عمدۃ البیان شیعہ ص ۱۳۱ (پ ۱۱-س ۳)

پھر کیا ممکن ہے کہ اسقدر زر کثیر کی جائداد اپنی بیٹی کو دیدین اور جہاد فی سبیل اللہ مین کچھ خرچ نہ کرین۔ بلکہ لوگون سے امداد طلب کرین اور ثلاثہ کے مرہون احسان ہون۔

اقول اگرچہ اسکی تحقیقات آیندہ کی جائیگی بجواب آیات بینات کہ فدک کب اور کیونکر فتح ہوا۔ مگر ہم آپکی تحقیقات کو تسلیم کرکے پوچھتے ہین کہ اس سے کیا خرابی لازم آئی۔ کیونکہ کسی جائداد کی آمدنی خود اوسی وقت تو ہوتی نہین جسوقت وہ جائداد قبضہ مین آتی ہے بلکہ جب اوسکی جائداد پیدا ہوتی ہے خصوصاً جبکہ یہ ثابت ہے کہ فدک کی پیداوار صرف خرما تھا تو خرمے کا طیار ہونا اور اوسکا فروخت ہونا کچھ زمانہ چاہتا ہے۔ وہ اوسوقت فائدہ کیا دیسکتا ہے جبکہ فوجی مہم کی طیاری ہو اور فوج آمادہ روانگی ہے۔

اگر دول اسلام کا نقشہ اور اونکے انتظامات آپکے پیش نظر نہین ہین۔ تو دول یورپ کے حالات تو آپ اخبارون مین دیکھتے ہین کہ باوصفیکہ تمدن کے اعلیٰ درجہ پر پہونچ ہوئی ہین اور مالی انتظام تو ایسا ہے کہ کبھی کسی زمانہ مین ابھی نہین تھا ہر وقت خزانہ معمور رہتا ہے۔ مگر اونی مہم پر اونکو قرض کی ضرورت ہوتی ہے خواہ وہ کسی بنک سے ہو یا دوسرے طریق سے۔ تو کیا اس سے آپ یہ قیاس کرسکتے ہین کہ دول بالکل مفلس ونادار ہین۔ اوسی طرح اسکو سمجھئے کہ اگرچہ فتح نمایان حاصل ہوئی تھی۔ مگر ابھی اوسکے آمدنی کا زمانہ نہین آیا تھا یا تھا مگر وہ کافی نہ تھا۔ لہذا رسول اللہ کو اس مہم کیلئے نئے انتظام کی ضرورت پیش آئی۔

اسکو بھی جانے دیجئے یہ تو مسلم ہے کہ جنگ تبوک کے قبل یہ فدک خود رسول کو حاصل ہوچکا تھا اور بقول آپکے جناب سیدہؑ کو دیا بھی نہ تھا پھر کیون نہین وہ اس مہم کو کافی ہوا جس سے حضرت کو قرض یا چندہ کرنے کی ضرورت لاحق ہوئی۔

زیادہ افسوس تو یہ ہے کہ آپ صرف اس غرض سے کہ ہبہ فدک کو ایسے وقت مین خلاف قیاس ثابت کرین اس طرح کے تاریخی مغالطات دیرہے ہین کہ ناواقف تو آپکے فقرہ مین آجاے اور جو علم تاریخ سے کچھ بھی بہرہ رکھتا ہو وہ ہنستا ہے کیونکہ آپ قبضہ فدک کو اور غزوہ تبوک کو ایسا مقارن بنارہے ہین کہ گویا ایک ہی وقت کا واقعہ ہے حالانکہ قبضہ فدک ۷ھ مین ہوا بعد جنگ خیبر کیونکہ بروایت منتقی جنگ خیبر ماہ جمادی الاولی ۷ھ مین ہوئی اور اوسی درمیان مین فدک کا بھی معاملہ ہوا ص۶۷ تاریخ خمیس

پھر جمادی الاخری ۷ھ مین وادی القری فتح ہوا جسمین حضرت نے چار روز تک اونکا محاصرہ کیا اور دس یہود مارے گئے ص۶۵ تاریخ خمیس

پھر بہت سے سرایا روانہ ہوے۔ ایک سریہ بشر بن سعد ہے طرف بنی مرہ کے یہ واقعہ ماہ شعبان ۷ھ کا ہے۔ تاریخ خمیس ص۶۷

پھر ماہ رمضان مین غالب بن عبداللہ لیثی کا لشکر میفعہ کی جانب روانہ ہوا۔

پھر شوال مین بشر بن سعد انصاری کا سریہ طرف یمن وغیرہ کے روانہ ہوا۔

پھر اسی سن مین جبلہ بن ایہم آخر بادشاہ غسان مسلمان ہوا جو اپنے اسلام پر قائم رہا یہانتک کہ خلیفہ دوم کی بے عنوانی سے پھر وہ مرتد ہوا اور کوئی ساٹھ ہزار آدمیونکے ساتھ اسلام سے برگشتہ ہو کر قیصر روم کے یہان چلا گیا۔

اسی ۷ھ مین مقوقس بادشاہ اسکندریہ کا ہدیہ حضرت کے پاس پہونچا جسمین حضرت ماریہ اور سیرین اونکی بہن تھین اور دو لونڈیان دوسری اور ایک خواجہ سرا وقدح من قواریر وثیاب من قباطی مصر والف مثقال من الذہب وعسل وفرس یقال لہ لزاز و بغلۃ یقال لہا الدلدل وحمار یقال لہ یعفور ص۶۸ خمیس

یعنی بہت سے مصری حلے تھے اور ہزار مثقال طلا۔ اور شہد اور گھوڑا اور گدہا اور خچر تو کیا اتنے مال آنے پر بھی حضرت کی ضرورت نہ رفع ہوئی جو آپ جناب سیدہ کو فدک دیتے اسکے بعد عمرہ قضا ہے ص۶۸

اسکے بعد ۸ھ آتا ہے جسمین ایک مہم آپ پھر فدک پر روانہ کرتے ہین ص۶۹

پھر سریہ شجاع بن وہب سے بنی عامر کی طرف ص۷۶

پھر سریہ کعب بن عمیر سے ذات اطلاح کی طرف ص۷۷

پھر سریہ موتہ ہے۔

پھر سریہ عمرو عاص سے ذات السلاسل کی طرف ص۸۳

پھر سریہ ابی عبیدہ سے سیف البحر کی طرف ص۸۳

پھر سریہ ابو قتادہ انصاری سے خضرہ کی طرف ص۸۴

پھر سریہ ابو قتادہ سے طرف بطن رئم کے ص۸۴

پھر فتح مکہ ہے ص۸۵

اسی طرح بہت سی سرایا ہے جسکے آخر مین غزوہ تبوک ہے ماہ رجب ۹ھ مین اور یہ وہ وقت تھا کہ خرما کے درخت سرسبز ہو رہے تھے۔ ابھی کوئی حاصل کا زمانہ نہ تھا۔

پھر جو آپنے ۷ھ اور ۹ھ کا واقعہ ایک کر دیا تو اس کا نتیجہ ملا بجز اسکے کہ تمام عالم مین فضیحت ہوئے کیونکہ ابوبکر یا عمر نے جو فدک کو غصب کیا تھا اوس سے وہ منتفع ہوئے اور آپکو تو اس رسالہ فدک لکھنے سے کوئی نفع نہ ملا بجز اسکے کہ دو تین آنہ کو فروخت ہوا ہوگا۔

خلاصہ یہ ہے کہ جسوقت جناب رسالتمآب نے فدک کو جناب سیدہ کو ہبہ کیا تھا وہ وقت نہ عسرت کا تھا نہ تنگی کا۔ بلکہ جنگ خیبر مین اسقدر مال غنیمت سبکو ملا تھا کہ خدا نے ان لفظون سے اوسکا تذکرہ کیا ہے وعدکم اللہ مغانم کثیرۃ تاخذونھا فعجل لکم ھذہ وکف ایدی الناس عنکم ولتکون اٰیۃ للمومنین ویھدیکم صراطا مستقیماً سورہ فتح

خدا نے تمسے بہت غنیمتون کا وعدہ کیا ہے کہ تم اوسکو حاصل کروگے تو اوسنے جلدی کی اسکے لئے اور روک رکھا ہاتھ آدمیون کا تمسے تاکہ مومنین کیلئے نشانی ہو اور راہ دکھلائے تمکو صراط مستقیم۔

تاریخ خمیس مین ہے فعجل لکم ھذہ یعنی بالمعجل صلح الحدیبیۃ وبالمغانم الموعود بہا فتح خیبر فخرج رسول اللہ الیھا مستنجزا میعاد ربہ وواثقا بکفایتہ ونصرتہ ص۵۷ جلد ۲

یعنی قرآن مین جو عجل کا لفظ ہے کہ جلدی کیا تو مراد اس سے صلح حدیبیہ ہے کہ فوراً حاصل ہوا اور

مغانم کثیرہ سے مراد فتح خیبر ہے جب حضرت اپنے خدا کا وعدہ پورا کرنے کو نکلے خدا پر اعتماد کرتے ہوئے
پس اگر اسی مال غنیمت سے جسکی تعداد بقول خداوند عالم کثیر تھی جہان ہزارون مسلمانون
کو رسول اللہ عنایت فرمایا۔ وہان اگر اپنی پارہ جگر کو ایک ٹکڑہ زمین کا دیا۔ تو کیون آپکی آنکھون مین
کھٹک رہا ہے جو اوسپہ تو اعتراض کرتے ہین اور اسپر اعتراض نہین کرتے کہ رسول اللہ کو ایسی مہم
غزوہ تبوک پیش تھی اور اوسپر کچھ نہ خرچ کیا سب صحابہ کو دیدیا اور جہاد فی سبیل اللہ کیلئے کچھ
نہ رکھا بلکہ لوگون سے امداد طلب ہوئے اور ثلثہ کے مرہون احسان ہوئے؟
خدا کی شان جس رسول کی بدولت ایسے ایسے فاقہ مست لنگوٹی بند کہ ایک تہ بند بھی او
بدن پر نہ سلامت تھی۔ لکڑیان کاٹ کاٹ بیچکر اوقات بسری کرین اونھون نے کڑورون کی
جائداد پیدا کی اونکی نسبت آپ کہتے ہین کہ انھون نے رسول اللہ پر احسان کیا۔ اور اس
احسان کو بھول گئے جو حضرت خدیجہ نے اپنا کل مال ومتاع رسول اللہ کو دیدیا جسکی نسبت
خدا کہتا ہے ووجدک عائلا فاغنیٰ۔
قول پشاوری (۳) اس بیٹی فاطمۃ الزہرا علیہا السلام نے ایکدفعہ گھر کے کام کیلئے ایک
خادمہ مانگی۔ مگر رسول اللہ صلعم نے نہ دی۔ اور کہا بعد نماز اور بوقت سونیکے اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ الحمد للہ
۳۳ دفعہ سبحان اللہ ۳۳ دفعہ پڑھ لیا کرو۔ چنانچہ اس مطہرہ نے اسپر عمل کیا۔ خادمہ کی ضرورت
محسوس نہوئی۔ بھلا سوچو کجا ایک خادمہ کا نہ دینا۔ اور کجا اسقدر جائداد کثیر ہبہ کرنا۔
اقول ہان یہ جدت آپکی ہے کہ اگر ایک وقت انسان کے پاس کچھ نہو۔ تو پھر دوسرے وقت
بھی وہ نہین دیسکتا۔ مگر افسوس آپکو یہ نہین معلوم کہ رسولخدا کوئی کام اپنے دل یا اپنی خواہش سے
نہین کرتے تھے جو حکم خدا ہوتا اوسکے مطابق انجام دیتے جیسا کہ خود خدا فرماتا ہے وماینطق عن
الھوی ان ھو الا وحی یوحیٰ۔
اسی اصول پر رسول اللہ صلعم نے اوسوقت جبکہ جناب سیدہ نے خادمہ کا سوال کیا تھا آپنے تسبیح زہرا
کی تعلیم فرمائی جسکی برکت سے جناب سیدہ کو بقول آپکے "خادمہ کی ضرورت نہ محسوس ہوئی"
اور اب کہ مصلحت خدا سے وعدہ مغانم کثیرہ ہوا کہ مسلمانون کو مال غنیمت بہت ہاتھ آئیگا اوسوقت
اسکا بھی حکم ہوا کہ وآت ذی القربی حقہ ذوی القربی کو اونکا حق دیدو پھر کیونکر ممکن تھا جناب

رسالتمآب اوسکے خلاف کرتے۔

افسوس تو زیادہ تر یہ ہے کہ نہ آپ قرآن مجید سے آیہ وآت ذی القربیٰ حقہ کو نکال سکتے ہین جسمین یہ حکم صریح موجود ہے۔ نہ اسی کا اختیار ہے کہ جناب سیدہ کو ذی القربیٰ سے خارج کرین۔ نہ یہی ممکن ہے کہ جناب سیدہ کے اس دعوی کو اپنی صحاح ستہ سے خارج کرین کہ حضرت نے اسکا مطالبہ کیا اور ابوبکر نے نہین دیا پھر اس واقعہ سے اوسپر کیا اثر پڑسکتا ہے کہ جناب سیدہ نے خادمہ کو طلب کیا تو آپنے تسبیح زہرا کی تعلیم دی کیونکہ درحقیقت یہ بھی ایک طرح کی تعلیم تھی رسول اللہ کی جسمین حضرت نے بتایا کہ انسان کو ہمہ وقت خدا پر نظر رکہنا چاہیئے وہ اوسی پر توکل کہ وہ عالم جزئیات وکلیات ہے اور وہی قاضی الحاجات ہے وہ اپنے بندونکے حالات سے بخوبی واقف ہے جو اوسکی مصلحت ہوتی ہے وہی کرتا ہے۔ اسمین کسیکو دخل نہین۔ اسلئے جناب سیدہ نے سوال پر وہ تعلیم دی گئی۔ اور بلا سوال وبلا مطالبہ یہ حکم خدا ہوا وآت ذی القربیٰ حقہ۔

چونکہ سوال جناب سیدہ پر یہ شبہہ ہوسکتا تھا کہ بمقتضائے بشریت آپکو وہ توکل جو خدا پر ہونا چاہئے اوسمین فی الجملہ خلل آتا ہے کہ رسول اللہ سے طالب ہوئین جو آپکے پدر بزرگوار تھے اور اگر آپ اوسوقت اسکو انجام دیتے تو منافقین کہہ سکتے تھے۔ رسول اللہ نے اپنی بیٹی کی خاطرداری کی اسلئے اوسوقت وہ جواب دیا کہ اسماء الٰہی کی تعلیم فرمائی کہ جو کچھ طلب کرنا ہے اوسی سے طلب کرو۔ اور خداوند عالم نے دونوں کی نیت اور ہمت پر نظر کرکے یہ مرحمت فرمایا جسے آپ جائداد کثیر فرماتے ہین۔ حالانکہ نہ جناب سیدہ کا خادمہ کیلئے بغرض ذاتی آسایش وآرام کے تھا اور نہ یہ عطیہ جناب احدیت ذاتی منفعت کیلئے۔ بلکہ خادمہ بھی اسی سبب کی گئی تھی کہ شغل خانہ داری سے کچھ آرام ملے کہ عبادت الٰہی مین زیادہ اشتغال ہو۔ اور یہ مرحمت الٰہی بھی اسی لئے تھی کہ آپکے اعزا اقربا جو اصلی مستحق ہین وہ اس وجہ سے کچھ آرام پائین ورنہ ان حضرات کی تو خلقت ہی اسلئے ہوئی تھی کہ دنیا اور لذائذ دنیا سے علحدہ رہین۔

غرض اگر خدا و رسول پر آپکا ایمان ہوگا تو آپ سمجھینگے کہ انکا جو کام ہوتا ہے وہ مصلحت کا تابع ہے جسکی ضرورت سمجھتے ہین اوسوقت انجام دیتے ہین۔ رسول اللہ نے ایک وقت تو ایسا کیا کہ آپ مکہ مین ہین اور ہر طرح کفار کے پے در پے آزار سے مجبور ہو رہے ہین اور ایک وقت

وہ آیا کہ آپ مکہ اور مدینہ بلکہ تمامی ملک عرب کے مالک و مختار ہیں۔ تو کیا اس سے آپ یہ قیاس کر سکتے ہیں جو شخص ایک وقت ایسا مجبور تھا وہ دوسرے وقت ایسا با اقتدار کیونکر ہو گیا حالانکہ خدا فرماتا ہے وذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء۔ کہ یہ تو فضل خدا ہے جسکو وہ چاہتا ہے دیتا ہے۔

قول پشاوری علاوہ فدک کے سات گاؤں بلا شرکت غیرے اور بھی جناب سیدہ کے قبضہ میں تھے جنکے نام یہ ہیں۔ دلال۔ عفاف۔ حسنیٰ۔ صافیہ۔ مالام ابراہیم۔ مبیت۔ برقہ (دیکھو فروع کافی جلد سوم صفحہ) ان کا دعوی بھی حضرت عباس نے کیا۔ مگر سیدہ نے ایک جبتک نہ دیا۔ اور وہی جواب دیا۔ جو خلیفہ اول نے جناب سیدہ کو دیا تھا۔

اقول افسوس کہ ہم ایسا نہ جانتے تھے آپ اسقدر جھوٹ بولینگے کہ ابوبکر و عمر بھی شرما جائیں اور کہیں اس مرزائی نے تو ہم سے بھی نمبر بڑھا دیا کیونکہ فروع کافی بلاد نہ نایاب کتاب ہے نہ اوسکی عبارت ایسی دقیق ہے کہ کسی کی سمجھ میں نہ آجائے۔ پھر نہ معلوم اوسپر ایسا افترا کیون جائز رکھا۔

ملاحظہ ہو صفحہ ۲۰ جلد ۳ فروع کافی۔

باب صدقات النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وللائمۃ علیہم السلام ووصایاھم محمد بن یحیی عن احمد بن محمد عن ابی الحسن الثانی علیہ السلام قال سالتہ عن الحیطان السبعۃ التی کانت میراث رسول اللہ لفاطمۃ علیہا السلام فقال لا انما کانت وقفا وکان رسول اللہ یاخذ الیہ منہا ما ینفق علی اضیافہ والتابعۃ تلزمہ فیہا فلما قبض جاء العباس یخاصم فاطمۃ فیہا فشہد علی علیہ السلام وغیرہ انہا وقف علی فاطمۃ علیہا السلام وہی الدلال والعفاف والحسنی والصافیہ ومال ام ابراہیم والمبیت والبرقۃ علی بن ابراہیم عن ابیہ عن ابن ابی عمیر عن حماد بن عیسیٰ عن عبد اللہ الحلبی ومحمد بن مسلم عن ابی عبد اللہ علیہ

السّلام قالا سالناه عن صدقۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصدقۃ فاطمۃ علیہا السّلام قال صدقتہا لبنی ھاشم وبنی عبد المطلب وعنہ عن ابیہ عن ابن ابی نجران عن عاصم بن حمید عن ابراھیم بن ابی یحیی المدائنی عن ابی عبد اللہ علیہ السّلام قال المبیت ھو الذی کاتب علیہ سلمان فافاءہ اللہ عزوجل علی رسولہ فھو فی صدقتہا محمد بن یحیی عن احمد عن ابن فضال عن احمد بن عمر عن ابیہ عن ابی مریم قال سالت ابا عبد اللہ علیہ السّلام عن صدقۃ رسول اللہ وصدقۃ علی فقال ھی لنا حلال وقال ان فاطمۃ جعلت صدقتہا لبنی ھاشم وبنی المطلب علی بن ابراھیم عن ابیہ عن ابن ابی نجران عن عاصم بن حمید عن ابی بصیر قال قال ابو جعفر علیہ السّلام الا اقرئک وصیۃ فاطمۃ قال قلت بلی قال فاخرج حقا او سفطا فاخرج منہ کتابا فقراہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ھذا ما اوصت بہ فاطمۃ بنت محمد رسول اللہ ص اوصت بحوائطہا السبعۃ العواف والدلال والبرقۃ والمبیت والحسنی والصافیہ ومال ام ابراھیم الی علی بن ابی طالب فان مضی علی فالی الحسن فان مضی الحسن فالی الحسین فان مضی الحسین فالی الاکبر من ولدی شھد اللہ علی ذلک والمقداد بن الاسود والزبیر بن العوام وکتب علی بن ابی طالب

یعنی یہ باب ہے صدقات نبی وائمہ اور ان کے وصایا کا محمد بن یحیی راوی ہیں (۱) ابو الحسن ثانی علیہ السّلام سے کہ تینے میثان سبعہ (سات چار دیواریاں) سے سوال کیا کہ آیا وہ میراث جناب فاطمہ تھیں۔ تو فرمایا نہیں۔ بلکہ وہ وقف تھا جس سے رسول اللہ ص بقدر ضرورت لیا کرتے تھے جو مہمانوں پر خرچ کرتے۔ جب آنحضرت نے انتقال کیا تو حضرت عباسؓ نے ان میں سے مطالبہ کیا تو جناب امیرؑ نے گواہی دی کہ یہ وقف ہے جناب سیدہؑ پر اوسکا نام والال۔ عواف۔ حسنی۔ صافیہ۔ ۔۔۔ مال ام ابراہیم۔ مبیت۔ برقہ ہے

(۲) جناب امام جعفر صادق ؑ سے روایت ہے کہ راوی نے پوچھا صدقہ رسول اللہ ؐ و صدقہ جناب فاطمہ ؑ سے کیا مراد ہے کہا کہ وہ دونو صدقہ ہے بنی ہاشم و بنی عبدالمطلب کیلئے۔

(۳) تیسری روایت حضرت سے ہے کہ حضرت نے فرمایا وہ حلال ہے ہم لوگون کیلئے کیونکہ جناب سیدہ ؑ نے اوسکو بنی ہاشم و بنی عبدالمطلب کیلئے صدقہ قرار دیا ہے۔

(۴) ابوبصیر جناب امام محمد باقر سے روایت کرتے ہین کہ حضرت نے وصیت نامہ جناب سیدہ دکھایا جسمین لکھا تھا کہ یہ وصیت نامہ فاطمہ ؑ سے طرف علی ابن ابی طالب کے اونھین ساتون چار دیواری کے متعلق۔ اگر حضرت علی ؑ کا انتقال ہو تو امام حسن ؑ اسکے والی ہونگے اونکے بعد امام حسین ؑ پھر جو اونکی اولاد اکبر سے ہو گواہ ہوا مقداد بن اسود۔ اور زبیر بن عوام اور کاتب اسکے علی بن ابی طالب ہین۔

یہی چار روایتین ہین جو اس وقف کے متعلق ہین کہ خود رسول اللہ ؐ نے انکو وقف کیا تھا جناب سیدہ ؑ پر اور جناب سیدہ ؑ نے بنی ہاشم و بنی عبدالمطلب پر ان سبکو وقف کیا۔

اس روایت کی تصدیق اسی کشف الظلمات کے حصہ دوم کے صفحہ ۷۰ مین فتح الباری سے مذکور ہو چکی ہے کہ نخل بنی نضیر کو خدا نے حضرت کو فے مین دیا تھا فاعطی اکثرھا للمهاجرین و بقی منها صدقة رسول الله التی فی ایدی بنی فاطمه جسمین سے حضرت نے بہت کچھ تو مہاجرین کو دیا تھا۔ باقی رہ گیا صدقہ رسول جو بنی فاطمہ ؑ کے ہاتھ مین تھا۔ فنی عامة صدقة رسول الله کہ یہ تمامتر صدقہ رسول اللہ ؐ تھا۔

اس سے یہ بھی سمجھ سکتے ہو کہ جب رسول اللہ ؐ نے اتنا بھی جائز نہ رکھا کہ اپنے صدقات کی تولیت کسی غیر سے متعلق کرین۔ بلکہ جناب سیدہ ؑ ہی کو اوسکا متولی کیا تو اگر فدک کو آپ وقف بھی کئے ہوتے تو کب ممکن تھا اوسکا متولی جناب سیدہ ؑ کے سوا کسی غیر کو کرتے چہ جائیکہ خلافت کا معاملہ بغیر تصفیہ چھوڑ جاتے کہ جسکا جی چاہے

خلیفہ بنجاب

وقف علی الاولاد جو مسلمانون کا متفقہ مسئلہ ہے اور یہی حال مین بڑی جد و جہد سے گورنمنٹ سے یہ حق حاصل کیا گیا ہے اوسکی بنیاد اسی پر ہے کہ حضرت نے اس جائداد کو وقف فرما کر اپنی اولاد کو اسکا متولی قرار دیا۔ پھر اس وقف کو نہ معلوم آپنے کیون یہان لکھا۔ کیونکہ تولیت وقف سے نہ متولی امیر ہوتا ہے نہ نہ مالدار۔ بلکہ وہ تو صرف خزانچی ہوتا ہے کہ جیسا حکم مالک کا ہوتا ہے اوس طرح انجام دیتا ہے چنانچہ بخاری نے کتاب الخمس مین ایک باب ہی اسکا قرار دیا ہے باب قول اللہ فان للہ خمسہ وللرسول یعنی للرسول قسم ذلک قال رسول اللہ انما انا قاسم وخازن واللہ یعطی ص۱۲۹ عینی شرح صحیح بخاری جلد ۷

کہ خدا نے جو کہا ہے خدا و رسول کیلئے اوسکا خمس ہے تو مراد اوس سے یہ ہے کہ تقسیم اوسکی حضرت سے متعلق ہے چنانچہ فرمایا کہ ہم تو قاسم اور خازن ہین اور خدا جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔ پس جبکہ رسول اللہ ان اختیارات پر کہ حضرت کو ہر طرح کا اختیار حاصل تھا یہ فرمائین کہ ہم تو صرف تقسیم کرنے والے ہین۔ تو جناب سیدہ باوصف تولیت اوس سے کیا فائدہ پا سکتی تھین۔ اور اگر بالفرض کوئی ذاتی منفعت بھی ہو تو اسکو یہ کب لازم ہے اپنے باقی حقوق سے دست بردار ہو جائین

قول پشاوری (۵) لفظ بتول جو لقب تھا۔ جناب ممدوحہ کا اس دعویٰ فدک کی تکذیب پر ایک کافی دلیل ہے۔

صراح مین اوسکے معنی زیر لفظ تبل لکھے ہین۔ بتول هی العذراء المنقطعة عن الازواج (تجرد پسند عورت) ويقال هی المنقطعة الی اللہ عن الدنيا وهی لقب فاطمہ بنت النبی رضی اللہ عنہا۔ پس حضرت فاطمۃ الزہرا علیہا السلام تجرد پسند تو نہ تھین۔ کیونکہ شوہردار تھین۔ پس معنی یہی ہوئے تارک الدنیا اور خدا پرست عورت جو راجع الی اللہ ہو۔ گویا دنیا سے بکلی قطع تعلق اوس نے کیا ہو۔ پھر کیونکر ممکن ہے کہ وہ دنیاوی فائدہ کیلئے گھر گھر اور کچہری مین در بدر

۵ قال سبط ابن الجوزی و هو اول وقف کان فی الاسلام و ما افاء اللہ علی رسولہ

پھرتی رہے۔ اگر جناب سیدہؑ مفلس اور قلاشہ محض بھی ہوتین۔ تب بھی دربارین
نہ جاتین۔ چہ جائیکہ اسقدر جائداد کے ہوتے دربار خلافت مین جاوین۔ کیا ان کو
آیت ستر اور آیت وقرن فی بیوتکن ولا تبرجن تبرج الجاھلیۃ معلوم
نہ تھی۔ پھر اسقدر غضہ کہ راستہ مین عمرسے مشت گریبان ہون (دیکھو اصول کافی
صہ ۲۰۱) اپنے ہمراہ حسنین علیہما السّلام کو لیکر گھر گھر پھرین۔ بروایت مجلسی لکھا ہے۔
ثم خرجت فاطمۃ وحملہا علی علی اتان علیہ کساء لہ حمل فدار بہا اربعین
صباحاً فی بیوت المھاجرین والانصار والحسن والحسین معہا وھی تقول
یا معشر المھاجرین انصروا اللہ وابنۃ نبیکم ولا اجابہا احد ولا نصرہ۔
(کتاب الفتن مطبوعہ ایران صہ ۱۰)
اقول ۔ جو خیال آپنے ظاہر کیا ہے وہ نیا نہین ہے۔ بلکہ آپکے اسلاف بھی یہی الزام
رسول اللہ پر دیتے آئے ہین چنانچہ قرآن مجید مین ہے۔
وقالوا ما لھذا الرسول یاکل الطعام ویمشی فی الاسواق لولا انزل الیہ
ملک فیکون معہ نذیرا او یلقی الیہ کنز او تکون لہ جنۃ یاکل منہا
وقال الظالمون ان تتبعون الا رجلا مسحورا انظر کیف ضربوا لک الامثال
فضلوا فلا یستطیعون سبیلا (مومنون)
اور کہتے ہین وہ کیسا یہ پیغمبر ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازارون مین چلتا پھرتا ہے۔
اسپر کوئی فرشتہ کیون نہین نازل ہوتا وہ سکے ساتھ ڈرانے والا ہوتا۔ یا اسکے پاس
خزانہ آپڑتا۔ یا اسکا کوئی باغ ہوتا جس سے وہ کھایا کرتا اور ظالم کہتے ہین کہ تم تو ایک
جادو زدہ شخص کی پیروی کرتے ہو۔ دیکھو یہ تمھارے لئے کیسی کیسی مثالین بتاتے ہین
وہ گمراہ ہوگئے کہ کسی طرح راہ نہین پا سکتے۔
وقال الملاء من قومہ الذین کفروا وکذبوا بلقاء الاخرۃ واترفناھم
فی الحیوۃ الدنیا ما ھذا الا بشر مثلکم یاکل مما تاکلون منہ ویشرب مما
تشربون ولئن اطعتم بشرا مثلکم انکم اذا لخسرون۔ مومنون

کافرون کی ایک قوم جو آنحضرت کو جھوٹا سمجھی اور رہنے اونکو آسودگی دی تھی کہتے تھے کہ یہ (رسول) تو مثل تملوگون کے ہے اوہین سے کھاتا اور پیتا ہے جس سے تم کھاتے اور پیتے ہو اگر تم نے اپنے جیسے آدمی کی اطاعت کی تو تم اسوقت گھاٹے مین پڑگئے۔

پس جو مقولہ کفار تھا آنحضرت کے بارہ مین وہی خیال آپ ظاہر کر رہے ہین کہ جناب سیدہ بتول ہوکر کیونکر طالب اپنے حقوق کی ہوئین اور یہ خیال کیا کہ جو شخص ایسا ہو وہ کب کسی ناجائز حق کا مطالبہ کرسکتے ہین یا کوئی کلمہ راستی کے خلاف زبان سے نکال سکتی ہین۔

طرہ تو یہ ہے کہ آپ جو بتول سے استدلال کرتے ہین جو مدعا علیہ کو بھی نہ سوجھی نہ آپکے خلیفہ اول نے سمجھا کہ وہ ایسے کہ مطالب رسول اللہ تو آپکو بتول کا خطاب دے گئے ہین جسکے معنی انقطاع عن الدنیا ہے کہ دنیاوی چیزون سے آپکو سروکار ہی نہونا چاہیئے۔

آپنے جو معنی بتول صراح سے لکھے ہین اوس سے اتنا تو یقیناً معلوم ہوا کہ جناب سیدہ کا لقب بتول باتفاق فریقین ثابت ہے مگر افسوس آپکی لیاقت صرف صراح تک محدود ہے ورنہ اگر کتب احادیث لغت کی طرف رجوع کرتے تو معلوم ہوتا یہ لقب جناب سیدہ کس بنیاد پر تھا۔ دیکھئے مجمع بحار الانوار مین ہے۔ جو آپکے علامہ شیخ محمد طاہر پٹنی کی تصنیف سے ہے علم لغت قرآن و حدیث مین ہو

نہ لا تبتل فی الاسلام هو الانقطاع عن النساء و امرءة بتول ای منقطعة عن الرجال لا شهوة لها فیهم و سمیت مریم و فاطمه بها لانقطاعهما عن نساء زمانهما فضلا و دینا او عن الدنیا الی اللہ منہ

یعنی حدیث مین جو آیا ہے لا تبتل فی الاسلام تو معنی یہ ہے کہ اسلام نے اسکو نہین جائز رکھا ہے کہ کوئی شخص عورتون سے قطع تعلق رکھے کہ نکاح و متعہ نہ کرے۔ اور اوس عورت کو جو بتول کہتے ہین جو مردون سے تعلق نہ رکھے کہ

اوسکی نظیر اور مثل نہو۔ اور حضرت مریمؑ اور فاطمہؑ کا لقب بتول اس وجہ سے تھا کہ وہ منقطع تھین دنیا کی عورتون سے یعنی منفرد تھین۔ تمام دنیا کی عورتون سے فضل و کمال اور دین مین۔ یا اس معنی سے کہ دنیا سے قطع تعلق کئے ہوئے تھین طرف خدا کے۔
اس سے بھی معلوم ہوا کہ جناب سیدہ کا لقب بتول ہونا متفق علیہ فریقین ہے کہ شیعہ وسنی سب اون حضرت کو بتول جانتے ہین۔ اسی معنی سے کہ وہ اپنا مثل و نظیر دنیا مین نہین رکھتی تھین اور صرف خدا سے اونکا تعلق تھا۔
اسماء الرجال مشکوۃ شیخ عبدالحق دہلوی مین ہے وھی سیدۃ نساء العالمین وسیدۃ نساء اھل الجنۃ لقبت بالزھراء لزھرتھا وبھجتھا وجمالھا وکمالھا وبالبتول لانقطاعھا الی اللہ عن الخلق اولانقطاعھا عن النساء فی الجمال والکمال وکانت اشبہ الناس برسول اللہ صلعم کلاما وھدیا وسمتا وحدیثا وکلاما وکان رسول اللہ صلعم اذا دخلت فاطمہ قام الیھا فاخذ بیدھا فقبلھا واجلسھا فی مجلسہ وکان اذا دخل علیھا قامت الیہ فاخذت بیدہ فقبلتہ واجلستہ فی مجلسھا صفحہ ۵۹۲ ورق ۱۵ قلمی
یعنی حضرت فاطمہؑ تمامی عورات عالم کی سیدہ ہین۔ اور تمام اہل جنۃ کی عورتون کی سیدہ تھین۔ اور زہرا اس وجہ سے لقب تھا کہ حضرت زہرت و بہجت وجمال وکمال مین بے مثل تھین۔ اور **بتول** اس وجہ سے لقب تھا کہ آپ خلق سے منقطع تھین طرف خدا کے یا اس وجہ سے کہ تمامی عورات مین جمال وکمال مین منفرد تھین۔ اور تمام آپ مشابہ تھین رسول اللہ صلعم سے رفتار مین گفتار مین۔ اور قاعدہ تھا کہ جب جناب سیدہ خدمت رسول مین حاضر ہوتین۔ تو حضرت اوٹھ کھڑے ہوتے اور ہاتھون کو پکڑتے اور بوسہ دیتے اور اپنی جگہ پر بٹھلاتے۔ اسی طرح جب جناب رسالتمآب تشریف لاتے تو جناب سیدہ اوٹھکر تعظیم کرتین اور بوسہ دیکر بیٹھا لیتین۔

[illegible] ... جناب حسن علی

اہلسنت سے ہیں واذا قد تعرضنا لبعض فضائل البتولؑ فلنتبرک بذکر فضائل من فضائلها سلام اللہ علی ابیها وعلی وجها وعلیها وعلی ولدیها فنقول فضل اخرج النسائی عن ابن عباس قال قال رسول اللہ ص ابنتی فاطمة حوراء ادمیه لم تحض ولم تطمث وانما سماها فاطمة لان اللہ عزوجل فطمها ومحبیها عن النار الطمث الحیض وکرر لاختلاف اللفظ والطمث ایضاً الجماع واخرج الامام علی بن موسی الرضا عن اسما قالت قبلت فاطمة بالحسن فلم ار لها دما فقلت یا رسول اللہ انی لم ار لفاطمة دما فی حیض ولا نفاس فقال ص ان ابنتی طاهرة مطهرة لا یری لها دم فی حیض ولا ولادة۔ واخرج ابو عمر عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ افضل نساء اهل الجنة خدیجة بنت خویلد وفاطمة بنت محمد ومریم ابنة عمران واسیه بنت مزاحم امرءة فرعون ۔ واخرج ابو عمر والحافظ ابو القاسم الدمشقی عن عمران بن حصین ان النبی صلعم عاد فاطمة وهی مریضة فقال لها کیف تجدینک یا بنیة فقالت انی وجیعة وانی لیزیدنی انی مالی طعام اکله فقال یا بنیة اما ترضین انک سیدة نساء العالمین فقالت یا ابت فاین مریم بنت عمران قال تلک سیدة نساء عالمها وانت سیدة نساء عالمک اما واللہ لقد زوجتک سیدا فی الدنیا والاخرة هذا لفظ ابی عمر ولفظ الحافظ ابی القسم اوفی منه قال عن عمران قال خرجت یوماً فاذا رسول اللہ صلعم قائم فقال یا عمران فاطمة مریضة فهل لک ان تعودها قال قلت یا رسول اللہ فداک ابی وامی وای شرف اشرف من هذا قال فانطلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وانطلقت معہ حتی اتی الباب فقال السلام علیکم ادخل قالت وعلیکم السلام ادخل فقال صلعم انا ومن معی قالت والذی بعثک بالحق ما علی الا هذه العباءة قال ومع

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ملأة خلقة فرمى بها اليها فقال
سدى بها راسك ففعلت ثم قالت ادخل فدخل ودخلت معه
فقعد على راسها وقعدت قريبا منه فقال اى بنية كيف تجدينك
قال والله يا رسول الله انى لوجعة وانى ليزيدنى وجعا ان ليس عندى
ما اكل قال فبكى رسول اللہ صلعم وبكت وبكيت معهما فقال لها
اى بنية اصبرى مرتين او ثلاثا ثم قال اى بنية اما ترضين ان تكونى
سيدة نساء العالمين قالت يا ليتها ماتت واين مريم بنت عمران
قال لها اى بنية تلك سيدة نساء عالمها وانت سيدة نساء عالمك
والذى بعثنى بالحق لقد زوجتك سيدا فى الدنيا والاخرة لا يبغضه
الا منافق ص۹

یعنی چونکہ بعض فضائل حضرت بتول کا بیان مذکور ہوا لہذا ایک خاص فصل
مین ہم آپکے فضائل ومناقب لکھتے ہین۔ نسائی نے حضرت ابن عباس سے روایت
کی ہے کہ جناب رسالتمآبؐ نے فرمایا فاطمہؑ میری بیٹی حورا ہے آدمی کی شکل مین
کہ نہ اوسکو حیض ہوتا ہے نہ طمث۔ اسکا نام فاطمہؑ اس وجہ سے ہوا کہ خدا نے اسکو
اور اسکی اولاد کو آتش جہنم سے جدا کر دیا ہے (کہ کبھی اوسکا عذاب نہوگا) امام علی
بن موسی الرضاؑ نے اسما بنت عمیس سے روایت کی ہے کہ ولادت امام حسنؑ
پر خون (نفاس) نہین دیکھا گیا تو اسما نے رسول اللہؐ سے عرض کیا۔ ہمنے فاطمہؑ
کو کبھی حیض آتے دیکھا نہ نفاس تو رسول اللہؐ نے فرمایا کیا تو نہین جانتی میری
بیٹی فاطمہؑ طاہرہ مطہرہ ہے کہ نہ اوسکو خون حیض آتا ہے نہ خون نفاس۔
ابوہریرہ سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا افضل نسار اہل جنۃ خدیجہ
ہین اور فاطمہ بنت محمدؐ اور مریم بنت عمران اور آسیہ بنت مزاحم زوجہ فرعون
ابو عمر اور حافظ ابو القاسم دمشقی نے روایت کی ہے عمران بن حصین سے
(صحابی ہین) ایک روز آنحضرتؐ نے حالت مرض مین جناب سیدہ کی عیادت

کی اور پوچھا کیا حال ہے تو کہا مین بیمار ہون اور زیادتی یہ ہے کہ ہمارے پاس کوئی چیز کھانے کی نہین ہے جو کھا سکین۔ آپ نے فرمایا کیا تم اس پر راضی نہین ہو کہ سیدۃ نساء العالمین ہو جناب سیدہ نے کہا پھر حضرت مریم کا کیا درجہ ہوا کہا کہ وہ اپنے زمانہ کی سیدہ تھین اور تم اپنے زمانہ کی سیدہ ہو قسم خدا کی ہمنے اوس سے تمھارا عقد کیا جو سید ہے دنیا و آخرت مین۔ یہ روایت ابو عمر ہے۔

حافظ ابو القاسم کی یہ روایت ہے کہ عمران بن حصین کہتے ہین ایکروز آنحضرت کو دیکھا کہ کھڑے ہین۔ مجھسے فرمایا اے عمران فاطمہ بیمار ہین کیا تم عیادت کو اونکی چلوگے۔ عمران نے کہا میرے مان باپ فدا ہون اس سے بڑھکر کون شرف ہوسکتا ہے مین حضرت کے ساتھ چلا۔ جب داخل دروازہ ہوے تو فرمایا السلام علیکم۔ کہا مین آؤن جناب سیدہ نے کہا تشریف لائے۔ حضرت نے پوچھا کیا جو ہمارے ساتھ ہے وہ بھی آئے۔ جناب سیدہ نے عرض کیا قسم اوس کی جسنے آپکو مبعوث بحق کیا کہ میرے بدن پر اس عبا کے سوا دوسرا کچھ نہین ہے۔ تو حضرت کے ہاتھ مین ایک پرانے کپڑے کا ٹکڑہ تھا اوسکو پھینک دیا اور کہا اس سے اپنا سر چھپالو۔

عمران کہتے ہین اسکے بعد ہم اور رسول اللہ داخل ہوئے تو حضرت سرھانے بیٹھ گئے اور ہم حضرت کے قریب ہی بیٹھے بعدہ پوچھا کیسا مزاج ہے تو جناب سیدہ نے کہا۔ قسم بخدا یا حضرت مین بیمار ہون اور اوسپر زیادتی یہ ہے کہ گھر مین کچھ کھانے کی چیز نہین ہے۔ حضرت اس سے بہت روئے اور ہم بھی اون دونون کے ساتھ روئے پھر فرمایا اے بیٹی صبر کرو دو مرتبہ یا تین مرتبہ کہا۔ پھر فرمایا کیا اس پر نہین راضی ہو کہ تم سیدۃ نساء العالمین ہو۔ پوچھا۔ پھر حضرت مریمؑ کا کیا درجہ ہے فرمایا وہ اپنے زمانہ کی سیدہ تھین اور تم اپنے زمانہ کی قسم اوسکی جسنے مجھکو مبعوث بحق کیا کہ مینے تمھارا عقد اس سے کیا ہے جو سید ہے دنیا و آخرت مین کہ اوس کا دوست رکھنے والا مومن ہے اور دشمن رکھنے والا منافق"

ان روایتون سے آپکو معلوم ہوسکتا ہے کہ جناب سیدہ کا لقب بتول کس وجہ سے

تھا کہ وہ دنیا کی ہر کثافت و نجاست سے پاک اور پاکیزہ تھین اور اونکو خدا نے سیدہ نساء العالمین بنایا تھا۔

آپ تو ان روایتون سے اس وجہ سے ضرور خوش ہونگے کہ آپکے اس مطلب کی تائید ہوتی ہے کہ وہ دنیا سے بکلی قطع تعلق کئے ہوئے تھین۔ مگر اسی سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اسقدر ضرورت ضرور تھی کہ سد رمق کیلئے کچھ کھانے کو ملے جسکی شکایت حضرت نے اپنے پدر بزرگوار سے کی اور رسول اللہ بھی رو دے اور وہ معصومہ بھی۔ تو اگر حالت وسعت و فراغت مین جناب رسالتمآب نے اوسی سد رمق کیلئے ایک قلیل سی جائداد دی تو آپکو کیون تعجب ہوتا ہے جسکے مطالبہ پر آپ یہ الزام دیرہے ہین۔

آپ کیسے مرزائی ہین کہ اپنے خلیفہ اول حکیم نور الدین صاحب کا طرز عمل دیکھکر بھی آپ سنیون کے خلیفہ اول کے طرفدار بنے ہین حالانکہ آپکے خلیفہ اول تو کس طرح مرزا صاحب کے خاندان کے ساتھ سلوک کرتے تھے۔ بخلاف ابوبکر کہ اونھون نے وہ سلوک کیا جسکو تمامی اہل اسلام نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہین۔

آپ جو بحمایت خلیفہ اول یہ الزام جناب سیدہ پر قائم کرتے ہین پھر کیونکر ممکن ہو کہ وہ دنیاوی فائدہ کیلئے گھر گھر اور پھرتی ہین در بدر پھرتی رہے" تو یہ محض آپکی ہٹ دھرمی اور زبردستی ہے۔ کیونکہ طلب حق کیلئے تو رسول اللہ نے مکہ چھوڑا طائف گئے۔ مدینہ آئے۔ پھر جناب سیدہ نے اگر طلب حق کیلئے دولتسرا سے قدم نکالا تو کیونکر مورد طعن ہوین۔ حالانکہ آپ جانتے ہین۔ یہان نہ کوئی پھرتی تھی نہ کہین گھر سے باہر قدم نکالنا کیونکہ جناب سیدہ کا گھر تو مسجد نبی کے اوس گوشہ مین تھا کہ راہ اوسکی مسجد مین تھی بلا مسجد مین گئے ہوئے نہ گھر سے باہر نکل سکتین نہ اندر جا سکتین۔ اور اوسی مسجد مین بیٹھے ہوئے ابوبکر صاحب فیصلہ کرتے تھے پھر اپنے گھر سے دروازہ پر آنا کیا آپکے نزدیک گھر گھر مین دوڑنا ہو گیا۔

آپکو یہ بھی معلوم ہے کہ مطالبہ جناب سیدہ محض اس غرض سے تھا کہ ابوبکر صاحب شریعت خدا و رسول کو مٹا رہے تھے۔ کیونکہ خدا و رسول نے تمامی کفار عرب کے خلاف

یہ حکم جاری کیا تھا کہ بیٹیوں کو نصف حصہ لڑکوں کا میراث میں ملا کرے۔ اسی حکم خدا و رسول کے مٹانے کو ابو بکر صاحب نے یہ مسئلہ ایجاد کیا کہ دختر رسول اللہ کو ترکہ نہ ملے۔

اسی ملئے جناب سیدہ نے اپنی امکانی کوشش بھر کوشش کی کہ شریعت رسول اللہ قائم رہے جسکا یہ اثر ہوا کہ گو جناب سیدہ محروم رہیں۔ مگر حکم خدا و رسول جاری ہو گیا ملاحظہ ہو کشف الظلمات حصہ اول۔

پھر کیا ایسی حالت میں کوئی کہہ سکتا ہے کہ جناب سیدہ کا یہ مطالبہ کرنا بغرض ذاتی نفع کے تھا حالانکہ اگر ایسا ہو بھی تو کسی طرح الزام نہیں آسکتا کیونکہ طلب حق بطریق جائز تو ہر شخص پر واجب ہے۔

آہ آپکو جوش ناجائز حمایت خلیفہ اول نے ایسا مجبور کر دیا ہے کہ کچھ نہیں سوجھتا خدا تو اپنے حبیب خاص کیلئے مال غنیمت کو برخلاف دیگر پیغمبران جائز او ر مباح کرے۔ اور آپ انصار بلکہ یہود کے عطایا کو قبول فرمائیں۔ اور اپنی پارہ جگر فاطمہ زہرا کو اوسکا متولی بنائیں۔ مگر جب جناب سیدہ غاصبوں سے اپنے حق واجبی کو طلب کریں تو آپ اوسکو دنیاداری قرار دیں۔ پھر جب خود خدا اور اوسکا رسول دنیادار تھا تو جناب سیدہ یا آپکے شیعہ اس قسم کے الزام دنیاداری سے کب ناراض ہو سکتے ہیں ظالموں اور غاصبوں کا تو یہ معمولی ہتکنڈہ ہے۔

آپکو اگر سیرت اہلبیت اطہار معلوم ہوتی تو سمجھتے ان لوگوں کا دنیا میں آخرت ہی اور آخرت میں دنیا دیکھئے روضہ ندیہ میں ہی۔

اخرجه الحافظ ابوالقاسم الدمشقی عن ابی سعید قال قال علی علیہ السلام ذات یوم فاطمة هل عندك من شئ تغذ تینیه قالت لا والذی اکرم ابی بالنبوة ما اصبح عندی شئ منذ یومین الاشئ اوثرك به علی بطنی وعلی ابنیّ هذین قال یا فاطمه الا اعلمتنی حتی ابغیکم شیئاً قالت انی استحیی من الله ان اکلفك ما لا تقدر علیه فخرج من عندها واثقا

باللہ حسن الظن بہ فاستقرض دیناراً فبینا الدینار فی یدک اراد ان یبتاع
لهما ما یصلح لهم اذ عرض له المقداد. فی یوم شدید الحر قد لوحته الشمس
من فوقه وآذته من تحته فلما راه انکره وقال یا مقداد ما ازعجک من
رحلک هذه الساعة قال یا ابا الحسن خل سبیلی ولا تسالنی عما ورائی
قال یا ابن اخی انه لا یحل لک ان تکتمنی حالک قال اما اذا ابیت فوالذی
اکرم محمد اً بالنبوة ما ازعجنی من رحلی الا الجهد ولقد ترکت اهلی یبکون
جوعاً فلما سمعت بکاء العیال لم تحملنی الارض فخرجت مغموماً راکباً راسی
هذا حالی وقصتی فهملت عینا علی علیه السلام بالبکاء حتی بلت دموعه
لحیته ثم قال احلف بالذی حلفت به ما ازعجنی غیر الذی ازعجک
ولقد اقترضت دیناراً فهاکه واوثرک به علی نفسی ودفع الیه الدینار
ورجع حتی دخل علی النبی صلی اللہ علیه وسلم فلما قضی النبی صلعم
صلوٰة المغرب مر بعلی علیه السلام فی الصف الاول وغمزه برجله فسار
خلف النبی صلعم حتی لحقه عند باب المسجد ثم قال یا ابا الحسن هل عندک
شیء تعشینا به فاطرق علی لا یحیل جواباً حیاء من النبی صلعم قد عرف
الحال التی خرج علیها فقال النبی صلعم اما ان تقول لا فننصرف عنک
او نعم فنجیء معک فقال له حیاء وتکرماً اذهب بنا وکان اللہ سبحانه قد
اوحی الی نبیه صلعم ان تعش عندهم فاخذ النبی صلعم بیده فانطلقا
حتی دخلا علی فاطمه فی مصلی لها وقد صلت وخلفها جفنة تفور دخاناً
فلما سمعت کلام النبی صلعم خرجت من المصلی فسلمت علیه وکانت
اعز الناس علیه فرد السلام ومسح بیده علی راسها وقال کیف امسیت
عشینا غفر اللہ لک وقد فعل فاخذت الجفنة ووضعتها بین یدیه
فلما نظر علی ذلک وشم ریحه رمی فاطمه ببصره رمیاً شحیحاً فقالت
ما اشح نظرک واشده سبحان اللہ هل اذنبت فیما بینی وبینک ما

استوجب به السخطة قال وای ذنب اعظم من ذنب اصبنته الیوم السعدی بك الیوم وانت تحلف بالله مجتهدة ما طعمت طعاماً یومین فنظرت الی السماء فقالت الذی یعلم ما فی سمائه ویعلم ما فی ارضه انی لم اقل الا الحق قال فانی لك لم ار مثله ولم اشم مثل رایحته ولم اکل اطیب منه فوضع النبی صلعم کفه المبارکة بین کتفی علی علیه السلام ثم هزها و قال یا علی هذا ثواب الدنیا وهذا جزاء الدنیا وهذا من عند الله ان الله یرزق من یشاء بغیر حساب ثم قال الحمد لله کما لم یخرجکما من الدنیا حتی یجریك فی المجری الذی اجری فیه یحیی بن زکریا ویجریك یا فاطمه فی المجری الذی جری فیه مریم بنت عمران کلما دخل علیها زکریا المحراب وجد عندها رزقا قال یا مریم انی لك هذا قالت هو من عند الله ص۹۹

حافظ ابو القاسم دمشقی نے روایت کی ہے کہ ایک روز جناب امیرؑ نے حضرت سیدہ سے کہا کچھ کھانے کو ہے تو کہا قسم اوس خدا کی جسنے ہمارے پدر بزرگوار کو نبی بنایا ہمارے پاس دو روز سے کچھ نہیں ہے مگر یہ جسکے لئے تمکو ہم اختیار کرتے ہین اپنے اور اپنے دونو فرزندپر حضرت علیؑ نے کہا تونے ہمکو خبر کیون نہین دیا کہ کچھ تلاش کرتے۔ جناب سیدہ نے کہا ہمکو شرم معلوم ہوئی خدا سے کہ تمکو ایسی تکلیف دین جسپر تمکو قدرت نہین۔ حضرت علیؑ وہان سے باہر نکلے خدا پر توکل کرکے۔ پس ایک دینار قرض کیا اور چاہا کچھ خریدین کہ سامنے سے مقداد رضی اللہ عنہ شدت گرما مین نظر آئے جنکے چہرے کو آفتاب نے شدت گرمی سے متغیر کر دیا تھا۔ اونکو دیکھکر جناب امیرؑ نے فرمایا کیون تم اس وقت ایسی گرمی مین گھر سے نکلے ہو مقداد نے کہا ہمکو چھوڑ دیجئے اور نہ پوچھئے کیا گذرتی ہے جناب امیرؑ نے فرمایا اے برادر زادہ تمھین جائز نہین کہ ہمسے حال چھپاؤ۔ مقداد نے کہا جب آپنے اصرار کیا تو قسم اوس کی جسنے رسول اللہ کو مبعوث برسالت کیا کہ ہم شدت گرسنگی سے باہر نکلے ہین کہ سب لڑکے بھوک سے رو رہے ہین اونکی آواز نے مجھے مجبور کیا کہ گھر سے باہر نکلین۔ جناب امیرؑ اس واقعہ کو سنکر اسقدر روئے کہ ریش مبارک تر ہوگئی

اور کہا قسم بخدا ہم بھی اسی وجہ سے گھر سے نکلے ہیں پھر کہا کہ دیکھو یہ دینار ہمنے قرض لیا ہے مگر تمکو اپنی نفس پر ترجیح دیتے ہیں۔ وہ دینار اونکو دیکر خدمت رسول اللہ میں حاضر ہوئے جب نماز مغرب پڑہ چکے تو حضرت علیؑ کو اشارہ کر کے ساتھ لیا جب در مسجد پر پہونچے تو پوچھا اے علیؑ کچھ تمھارے گھر ہے کہ آج رات کو ہمکو کھلاو حضرت علیؑ مارے حیا کے کچھ جواب نہ دیسکے کیونکہ گھر کا حال معلوم تھا۔ اسپر رسول اللہؐ نے فرمایا یا کہو نہیں کھلا سکتے تو ہم چلے جائیں یا کہو ہاں تو ساتھ چلیں حضرت علیؑ نے فرمایا جاؤ نکریا آپ میرے ساتھ تشریف لیچلیں۔ گویا کہ خدا نے وحی کی تھی کہ آج شب کو حضرت علیؑ کے مہمان رہیں پس حضرت نے جناب امیرؑ کا ہاتھ پکڑ لیا اور داخل خانہ جناب سیدہ ہوئے دیکھا کہ وہ اپنے مصلے پر ہیں اور نماز پڑہ چکی ہیں اور پیچھے اونکے پیالہ (یا دیگچی) ہے جس سے بھاپ نکل رہی ہے جناب سیدہؑ نے سلام کیا اور حضرت نے جواب سلام دیکر سر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا کیا حال ہے۔ کچھ کھلاؤ اس وقت خدا بخشے تمکو اور بخش چکا۔ اسپر جناب سیدہؑ نے وہی پیالہ حاضر کیا جب جناب امیرؑ نے اوس پیالہ کو دیکھا اور اوسکی خوشبو سونگھی تو جناب سیدہؑ کی طرف نظر تیز سے دیکھا جسپر جناب سیدہؑ نے کہا کونسا قصور مجھسے ہوا ہے جو تم اس نظر سے دیکھ رہے ہو۔ جناب امیرؑ نے کہا اس سے بڑہ کر کیا ہوسکتا ہے کہ آج ہی تمنے قسم کھائی تھی کہ دو روز سے ہمنے کچھ نہیں کھایا۔ جناب سیدہؑ نے آسمان کی طرف دیکھا اور کہا جو خدا جانتا ہے آسمان و زمین کی سب باتوں کو وہی جانتا ہے کہ ہمنے بجز حق کوئی کلمہ نہیں کہا تھا۔

جناب امیرؑ نے کہا پھر یہ کہاں سے آیا جو ایسا کھانا ہے کہ نہ مثل اسکا دیکھا نہ ایسی خوشبو نہ ایسی لذت کسی کھانے میں دیکھی۔

جناب رسالتمآبؐ نے اپنا دست مبارک درمیان دوشانہ جناب امیرؑ کے رکھا اور حرکت دی اور فرمایا اے علیؑ یہ بدلہ دینار کا ہے اور یہ جزا ہے دینار ہے۔ یہ رزق منجانب اللہ ہے کہ جسکو چاہتا ہے بغیر حساب دیتا ہے الحمد للہ کہ خدا نے تم دونوں میں

حضرت مریم اور حضرت زکریا کو جاری کیا (ترجمہ آیہ) کہ جب حضرت زکریا مریم کے پاس محراب مین جاتے تو اونکے پاس رزق دیکھتے کہا اے مریمؑ یہ کہان سے آیا تو کہا کہ خدا کی طرف سے۔

یہ ایک ایسے عالم اہلسنت کی روایت ہے جس سے نہ کوئی وہابی انکار کرسکتا ہو نہ کوئی حنفی نہ کوئی مرزائی اب اسکی نکات پر غور فرمائیے۔

(۱) جناب سیدہ پر دو روز گذر گئے کہ گھر مین کچھ کھانے کو نہین ہے۔ مگر جناب امیرؑ کو خبر نہین کرتین۔

(۲) جو قدر قلیل تھا اوسکے اس طرح پیش کیا کہ خود اور دونو بچے بھوکے رہے مگر جناب امیرؑ کے سامنے حاضر کیا۔

(۳) جناب امیرؑ نے کہا کہ جب کچھ نہین تھا تو ہمکو خبر کیون نہین کی جسپر جناب سیدہؑ فرماتی ہین کہ ہمکو خدا سے شرم معلوم ہوئی کہ ایسی تکلیف دین جو تمھارے امکان مین نہو۔

کیا دنیا مین ہے کوئی جو اسکی نظیر پیش کرسکے۔ کیونکہ اہلسنت ازواج نبی کا مرتبہ سب سے بڑا بتلاتے ہین۔ مگر اونکی اخلاقی حالت ایسی تھی کہ آجتک قرآن مجید مین اونکا شکوہ موجود ہے ملاحظہ ہو سورہ احزاب۔

یا ایھا النبی قل لازواجک ان کنتن تردن الحیوۃ الدنیا وزینتھا فتعالین امتعکن واسرحکن سراحاً جمیلا اے نبی کہدو اپنی ازواج سے کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور اسکی زینت وآرایش کی خواستگار ہو تو آؤ مین تمھین کچھ مال دون اور اچھی طرح سے رخصت کردون۔

جس سے آپ سمجھ سکتے ہین کہ ازواج نبی نے حضرت کو کس طرح دق کیا اور کسدرجہ عاجز کہ آخر خدا نے یہ حکم دیا کہ کہدو اگر تم دنیا کی خواہش مند ہو تو آؤ ہم کچھ مال دیکر تمکو رخصت کردین۔

اور یہان یہ حالت ہے کہ دو روز تین روز گذر جاتے ہین کہ جناب سیدہؑ کو اتنا مقدور نہین کہ خود کھاسکین یا بچون کو کھلا سکین۔ مگر خدا سے آپ حیا کرتی ہین اور

جناب امیرؑ سے نہین کہتین ۔

کہیئے اب بھی آپکو معلوم ہوا یا نہین کہ جناب سیدہؑ کا لقب بتول کیون تھا اُسی سے ہی توکل اور حیا کی بدولت کہ بجز خدا اپنے حال کو کسی پر ظاہر کرنا مناسب نہ سمجھا یہانتک کہ جناب امیرؑ سے بھی نہ کہا ۔

اسی وجہ سے خداوند عالم فرماتا ہے اللّٰہ یعلم حیث یجعل رسالتہ خدا ہی خوب جانتا ہے کون قابل رسالت ہے ۔

غور کرنے کا مقام ہے کہ عورتین اپنے شوہرونکے حالات سے بخوبی مطلع ہوتی ہین کہ اوسکی اندرونی حالات کیا ہین وہ مالدار ہے یا فقیر ممسک ہے یا سخی ۔ مگر ازواج نبی کو ایسی بے اعتمادی تھی کہ سب حالتین جانکر بھی وہ حضرت کو اس طرح مجبور کرتین کہ خدا نے صاف لفظون مین کہہ دیا اگر وہ نہین مانتین تو نکالدو ۔ اور جناب سیدہ کی یہ حالت ہے کہ مارے حیا کے جناب امیرؑ سے یہ بھی نہین کہتین کہ ہمپر دو روز سے فاقہ ہے گھر مین کچھ نہین ۔

آپکو اسی کشف الظلمات جلد ۲ کا صفحہ ۴۴ یاد ہوگا جسمین مینے عرض کیا تھا کہ جب جناب سیدہؑ نے حضرت سے ایک خادمہ کی خواہش کی تھی تو آپنے تسبیح فاطمہؑ کی تعلیم فرمائی تھی ۔ جس سے آپ سمجھ سکتے ہین کہ یہ اوسی تعلیم کا اثر تھا کہ اب ایسے شدائد جناب سیدہؑ پر گذرتے ہین اور آپ اوسکی خبر جناب امیرؑ کو بھی نہین کرتین اور خدا سے حیا کرتی ہین ۔ کہ جب وہی قادر و مختار ہے ۔ تو پھر اپنا حال بجز اسکے دوسرے کس سے کہین ۔ پھر کون عاقل کہہ سکتا ہے کہ جو بیٹی ایسی صابرہ و شاکرہ ہو اوسکو جناب رسالتمآبؐ بوقت قدرت و اختیار محروم کرین کیونکہ آپکو علم الیقین معلوم تھا جو مال اسکے حوالہ کیا جائیگا وہ محض فقراو مساکین کے مصرف صحیح مین صرف ہوگا ۔

(۴) یہ کہ جناب امیرؑ نے اس حالت پر کہ گھر مین دو روز سے فاقہ ہے ایک دینار قرض لیا ہے اور چاہتے ہین کہ کچھ خریدین ۔ مگر حضرت مقداد کو پریشان حال بھوک

استفسار کرتے ہین۔ اور وہ بھی ایسے غیور رہین کہ کچھ حال نہین کہتے۔ مگر جناب امیرؑ قسم دیکر پوچھتے ہین۔ اور وہ دینار جو قرض لیا ہے انکو دیدیتے ہین کہ تم اپنا کام چلاؤ اگرچہ ہم بھی اسی حال مین ہین۔

کیا تاریخ عالم کوئی اسکی نظیر پیش کرسکتا ہے۔ اسی لئے تو خداوند عالم ان لفظون مین آپ حضرات کی تعریف کرتا ہے۔ یوثرون علی انفسھم ولو کان بھم خصاصہ ومن یوق شح نفسہ فاولئک ھم المفلحون سورہ حشر

اور ترجیح دیتے ہین اپنی نفسون پر اگرچہ خود محتاج ہون اور جو شخص حرص نفس سے بچا لیا گیا تو وہی فلاح پانے والے ہین۔

خدا ورسول نے تو آپکو خلیفہ کیا تھا اسی غرض سے کہ آپ نمونہ بنین اون تعلیمون کے جو رسول اللہؐ نے امت کو دی تھی کہ دنیا کو ہیچ سمجھو اور بجز خدا کسی کا خیال نکرو۔ اسی لئے دنیا پرست صحابہ نے نچاہا کہ یہ حضرات خلیفہ بن سکین کیونکہ رسول اللہؐ کی چند روزہ تعلیم نے ایک انقلاب ڈال دیا کہ تمام عرب مسلمان ہوگیا۔ اگر یہ حضرات خلیفہ بنکر اونکا نمونہ دکھائینگے تو سارا عالم ایک دوسرا جلوہ دکھائیگا۔ اسی لئے نہ غسل وکفن رسول کا انتظار کیا گیا نہ آپکے دفن سے فرصت ہونے پائی کہ اسلام کا سارا نقشہ ہی بدل دیا گیا۔

آپ اگر تمام کتب تواریخ دیکھ جائینگے اور جتنی کتابین سیرت یا احادیث مین لکھی گئی ہین کہین آپکو اس طرح کا ایثار نہ ملیگا جو ان حضرات نے دکھایا اور تمام عالم کو بتایا کہ مسلمان ایسا ہو جو خود بھوکا رہے اور دوسرونکو کھلادے اپنے بچے بھوکے رہین۔ مگر دوسرون کے بچے سیر ہون۔ پھر کون کہہ سکتا ہے کہ رسول اللہؐ نے جو اپنے ایسے اولاد امجاد کو بحکم خدا کچھ دیا تو وہ کسی طرح مورد اعتراض ہو سکتا ہے کیونکہ آپ پر فرض تھا ایسے لوگون کو کچھ ایسی جائداد دے جائین جو مصرف صحیح مین صرف ہون۔ کیونکہ آپکو یقیناً معلوم تھا ہمارے بعد کیا ہونیوالا ہے۔

(۵) غور فرمایئے خود رسول اللہؐ پر اسی فقر وفاقہ سے کیا گذر رہی تھی کہ جناب امیرؑ

سے فرمایش کرتے ہین آج شبکو کھانا کھلاؤ - اور جناب امیرؑ پر کیا گذری کہ اس سوال
کا جواب دیا جاے کیونکہ اس روایت مین یہ بھی مذکور ہے کہ حضرت کو وحی ہوئی تھی
کہ آج انھین کے مہمان ہو - تو کیا آپ خیال کر سکتے ہین کہ خدا کا کوئی فعل یا رسول کا
کوئی فعل خلاف مصلحت ہوتا ہے حاشا وکلا ہرگز نہین - بلکہ یہ مصلحت تھی کہ آپ دکھا دیں
مومن کی کیا شان ہے یوثرون علی انفسہم کی کیا حالت ہے کہ جناب امیرؑ
جانتے ہین گھر مین کچھ نہین ہے مگر جناب رسالتمآب صؐ سے یہ نہین کہتے کہ ہمارے گھر
تو آج کچھ نہین - بلکہ عرض کرتے ہین حبا وکرامۃ تشریف لے چلئے -

(٦) جناب رسالتمآب صؐ تشریف لیجا کر دکھاتے ہین کہ ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ
پر اس طرح ایمان لایا جاتا ہے کہ چونکہ جناب سیدہؑ نے خدا پر توکل کر کے اپنے حال
فقر و فاقہ سے جناب امیرؑ کو نہ مطلع کیا تھا اسلئے حضرت نے دکھا دیا کہ دیکھو یہ اس
توکل کا نتیجہ ہے کہ خدا نے اس طرح رزق مہیا کیا -

(٧) جناب رسالتمآب صؐ کو اوسکا بھی علم تھا جو جناب سیدہؑ سے پہلے بات چیت ہو چکی تھی
پھر یہ بھی معلوم تھا کہ جناب امیرؑ نے کیسی ایثار کی بے نظیر قائم کی کہ جو دینار قرض لیا
تھا اوسکو آپنے مقداد کو دیدیا اسلئے حضرت نے فرمایا ھذا ثواب الدینا وھذا
جزاء الدینا کہ یہ تو دنیا مین ثواب وجزا ملا اور ثواب آخرت کا تو حساب ہی نہین -

(٨) اگر جناب رسالتمآب نہ تشریف لاتے اور تنہا جناب امیرؑ آکر یہ پیالہ یا دیگچی دیکھتے جو
خدا نے بعوض اس ایثار و توکل کے دیا تھا - تو ممکن تھا یہ شبہہ پیدا ہوتا کہ جناب
سیدہؑ نے خلاف واقع بیان کیا تھا جیسا کہ حدیث کی عبارت ہے - اسلئے خدا نے
بذریعہ وحی حضرت کو حکم دیا کہ خانہ جناب سیدہؑ مین جاؤ تاکہ قدرت خدا کا تماشہ دیکھو
اور اوس شبہہ کو دفع کرو جو جناب امیرؑ کے دلمین پیدا ہونیوالا ہے -

تو کیا کوئی کہہ سکتا ہے جو خدا اس طرح احوال عباد پر ناظر رہتا ہے وہ بلا سبب
اپنے رسول کو حکم دیتا ہے وآت ذی القربی حقہ کہ ذوی القربی کے حق کو دیدو
اور اوسکی حضرت نے یون تعمیل فرمائی - مگر افسوس آپکے خلیفہ اول نے محض بغض

وعناد سے وہ کام کیا جسپر آسمان وزمین ہمیشہ روئینگے۔

آپ فرماتے ہین " اگر جناب سیدہؑ مفلس اور قلاشہ محض بھی ہوتین۔ تب بھی دربار بن نہ جاتین " مگر نہ معلوم یہان دربار آپ کہان سے لائے کیا یزید کا دربار تصور کیا ہے جہان جناب زینبؑ وام کلثومؑ گرفتار ہو کر گئی تھین۔ یہان تو مسجد رسول اللہؐ ہے جو حضرتؑ کے مکان اسقدر متصل ہے کہ بغیر مسجد مین آئے آمد و رفت ہی نہین ممکن ہے پھر دربار جیسا نام کیسا نامناسب۔ حق سے انکی بات سے آپ اپنے حق کا مطالبہ کرتی ہین۔

یہ کیا بات ہے کہ طلب حق کیلئے آپ اسکی ضرورت سمجھتے ہین کہ اگر نادار ہو تو طلب کرے اگرچہ آجتک یہ دفعہ کسی قانون مین نہین ہے۔ نہ الٰہی قانون مین نہ کسی گورنمنٹ کے قانون مین۔

اور جب رسول اللہؐ کو اوس جائداد سے سیری ہو گئی اور آپکی آل ہو چکی تھی تو جناب سیدہؑ کو کیون نہ ضرورت ہوتی حالانکہ آپ بال بچے والی تھین۔ اس جائداد مین ہمارے لئے اوسیقدر حصہ ہے جتنا کہ اور فقرا و مساکین کا حصہ ہے۔

آیت ستر اور آیۃ وقرن فی بیوتکن سے استدلال تو اور بھی طرفہ ماجرا ہے کہ جسکا الزام حضرت عائشہ پر تھا اوسکو آپ جناب سیدہؑ کیلئے لاتے ہین۔

اس استدلال کی اصلیت یہ ہے کہ اہلسنت اس روایت کو مخصوصات شیعہ سے سمجھتے ہین۔ اسلئے اسکو دروغ جانکر استہزا و تمسخر کرتے ہین۔ حالانکہ یہ وہ واقعہ ہے کہ کتب اہلسنت مین اوسی طرح مذکور ہے جس طرح شیعون کے یہان۔ اگرچہ محدثین و مورخین متعصبین نے بہت کچھ چھپانا چاہا مگر جو امر واقعی ہو وہ کیونکر چھپ سکتا ہے دیکھئے تاریخ کامل جلد ۵ صفحہ ۲

کہ منصور دوانیقی نے جو خلفائے بنی عباس کا دوسرا خلیفہ ہے محمد بن عبداللہ بن حسن بن امام حسنؑ کو خط لکھا ہے واما قولکم انکم بنو رسول اللہ فان اللہ یقول فی کتابہ ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکنکم بنو بنتہ وانہا لقرابۃ قریبۃ و لکنہا لا یجوز لہا المیراث ولا ترث الولایۃ ولا یجوز لہا الامامۃ فکیف

تورث بہا ولقد طلبہا ابوک بکل وجہ فاخرج فاطمہ نہاراً ومرضہا سرا ودفنہا لیلاً فابی الناس الا الشیخین ۔ صفحہ

یعنی تم جو یہ کہتے ہو کہ تم فرزندان رسول اللہ ہو تو خداوند عالم قرآن مجید میں فرماتا ہے محمد تم لوگون کے مردون سے کسی کے باپ نہین ہین (مگر ابنانا وابنائکم کو نہ یاد کیا) مگر تم لوگ اونکی بیٹی کی اولاد سے ہو۔ اگرچہ یہ قرابت قریبہ ہے مگر نہ اوسکو یہ میراث ہے (اصلی ایجاد تیغہ اول سے ہوئی ورنہ قرآن مین للذکر مثل حظ الانثیین آجتک موجود ہے) نہ وہ وارث ولایت ہوتی ہے نہ امامت اوسکو مل سکتی ہے پھر کیونکر تم اس ذریعہ سے وارث ہو سکتے ہو حالانکہ تمھارے باپ نے ہر وجہ سے اسکو طلب کیا اور فاطمہ کو دن کو باہر نکالا اور شبکو اونکی بیمارداری کی اور دفن کیا بوقت شب مگر سب نے انکار کیا اور بجز شیخین نہ مانا۔

اور تاریخ طبری مین ہے صفحہ ۲ جلد ۹

والقد طلبہا ابوک بکل وجہ فاخرجہا نہارا ومرضہا سرا ودفنہا لیلاً فابی الناس الا الشیخین۔

یعنی تمھارے باپ نے ہر وجہ سے خلافت کو طلب کیا حضرت فاطمہ کو دن کو نکالا اور شبکو اونکی بیمارداری کی اور وقت شب دفن کیا۔ مگر آدمیون نے بجز شیخین کسی کو نہ مانا۔

اب تو معلوم ہوا کہ یہ واقعہ ہے جو نہ صرف روایت شیعہ سے ثابت ہے بلکہ روایات اہلسنت سے بھی ثابت ہے کہ جناب سیدہ نے اپنے طلب حق میں انصار سے طلب نصرت کی مگر کسی نے مدد نہ کی اور ہر شخص کے یہان انصار سے تشریف لیگئین مگر کسی نے نصرت نہ کی۔

رہا یہ کہ آپنے حدیث اصول کافی صفحہ ۲۶۱ کا حوالہ دیکر لکھا کہ راستہ مین عمر سے مشت گریبان ہوین تو اوسکی حقیقت یہ ہے کہ اصول کافی مین ہے۔

محمد بن یحیی عن محمد بن الحسین عن محمد بن اسمعیل عن الجعفی عن

بی جعفر وابی عبداللہ قالا ان فاطمہ لما کان من امرھم ما کان اخذت تبلابیب عمر فجذبتہ الیھا ثم قال اما واللہ یا ابن الخطاب لولا انی اکرہ ان یصیب البلاء من لا ذنب لہ لعلمت انی ساقسم علی اللہ ثم اجدہ سریع الاجابۃ ۔

یعنی جناب امام محمد باقر و امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جب ان لوگون نے وہ ظلم و ستم کیا جو کیا تو جناب سیدہ نے عمر کا پکڑ لیا اور کھینچکر فرمایا کہ پسر خطاب اگر یہ بات نہوتی کہ ہم کراہت کرتے ہین اس سے کہ بے گناہ پر بلا نازل ہو تو تو دیکھتا کہ ہم قسم دیتے خدا کو اور وہ بہت جلد ہماری دعا کو قبول کرتا ۔

اب نہ معلوم اس حدیث مین کونسا جملہ ہے جسپر آپکو استہزاو تمسخر کا موقع ملا کیونکہ خود آپکے مجمع بحار الانوار مین ہے صـ۱۳۱ جلد ا

فاخذت بتلبیبہ لبتہ واخذت بتلبیبہ وتلابیبہ اذا جمعت ثیابہ عند صدرہ ونحرہ ثم جررتہ والمتلبب موضع القلادۃ واللبۃ موضع الذبح

یعنی اخذت تلبیبہ وہان کہتے ہین کہ جب کسی کا کپڑہ جو وہ پہنے رہتا ہے اوسکو اوسکے سینہ اور گلے کے پاس جمع کرکے کھینچے تو کہتے ہین اخذت تلبیبہ

یہ ہے اصلیت اوس روایت کی جسپر آپنے اسقدر تمسخر کیا حالانکہ نہ گلہ پکڑا ہے نہ گلہ دبایا بلکہ ردایا عبا جو عمر پہنے تھے اوسکا کھینچنا ہے کہ عمر کا کپڑہ پکڑکر جناب سیدہ نے جھٹکا دیا ۔

اسمین نہ معلوم آپنے کون سی قباحت نکالی جسپر لکھا کہ " راستہ مین عمر سے مشت گریبان ہون" جو بالکل خلاف واقع ہے کیونکہ حدیث مین تو راستہ کا ذکر ہی نہین ۔ بلکہ حدیث کا فقرہ لما ان کان مین امرھم ما کان صاف بتا رہا ہے کہ جس وقت غصب فدک ہوا اوسی وقت کا یہ واقعہ ہے اور یہ سبکو معلوم ہے کہ یہ ظلم خاص مسجد نبی مین ہوا تھا نہ راستہ مین نہ راہ مین نہ سڑک پر ۔

شرح مثلا صالح مین ہے قولہ اخذت بتلابیب عمر ای التلابیب جمع التلبیب وھو ما فی موضع اللبب من ثیاب الرجل یقول اخذت تلبیبہ فلان اذا

جمعت ثوبہ الذی ھولابسہ وقبضت علیہ بحجرہ وکان ذلک حین مزق علیہ کتابہ الذی کتبھا ابوبکر فی رد فدک الیھا بعد اکمال الحجۃ علیہ فاذاھا واذی الرسول بذلک لما رواہ مسلم عنہ ان فاطمہ یوذینی ما اذاھا وصار مصداقا لقولہ تعالی ان الذین یوذون اللہ ورسولہ الایۃ قال القرطبی بتاذیھا یتاذی النبی واذیتہ لا تحل ولو بما تحل للانسان ان یفعلہ وھی فی ذلک بخلاف غیرھا فان فعل ما یجوز لہ فتاذی الغیر لم یحرم صد ۲۵۱

یعنی تلابیب جمع تلبیب ہے اور یہ اوس موقع پر بولا جاتا ہے جب کسی کا کپڑہ سینہ کے پاس سے پکڑا جائے۔ اور یہ واقعہ اوس وقت کا ہے کہ جب عمر نے اوس نوشتہ کو چاک کر دیا تھا جسکو ابوبکر نے واگذاشت فدک کے متعلق لکھا تھا جبکہ وہ ہر طرح دلیل سے عاجز آچکے تھے۔ پس اس واقعہ سے جناب سیدہؑ کو ایذا ہوئی اور حضرت رسول اللہؐ کو۔ کیونکہ مسلم نے روایت کی ہو کہ جو شخص فاطمہؑ کو ایذا دے اوسنے ہمکو ایذا دی اور وہ مصداق قول خدا ہوا ان الذین یوذون اللہ ورسولہ کہا قرطبی نے کہ جناب سیدہؑ کی ایذا سے رسول اللہؐ کو ایذا ہوتی ہے۔ اور حضرت کا ایذا دینا کسی طرح جائز نہین اگرچہ وہ ایذا کسی ایسے کام سے ہو کہ غیر کے واسطے جائز ہو۔ اور یہ مخصوصات جناب سیدہؑ سے ہے۔ بخلاف غیر۔ کیونکہ وہان اگر ایسا کام کیا جائے جو جائز ہے اگرچہ دوسرے کو اوس سے ایذا پہونچے تو وہ حرام نہوگا۔

اس شرح سے معلوم ہوا کہ یہ واقعہ اوس وقت کا ہے جبکہ عمر صاحب نے نوشتہ خلیفہ اول کو دربارہ واگذاشت فدک چاک کیا تھا۔ تو کیا ایسی حالت مین انسان کو غصہ آنا ناممکن ہے جو وہ ظالم کے کپڑہ کو جھٹکا دے۔

افسوس کہ آپنے دختر رحمۃ للعالمین کی اس شفقت و رافت کی قدر دانی نہ کی جو فرماتی ہین "کہ اگر ہم اسکو بکر وہ نہ سمجھتے کہ ناکردہ گناہ جو آیندہ تیری نسل سے ہونے والے ہین۔ تباہ ہون تو ہم تجھپر بد دعا کرتے جسے خدا ضرور جلد قبول کرتا۔ بلکہ

اوسکے عوض آپکو یہ تعجب ہو رہا ہے کہ کیونکر جناب سیدہ نے عمر کے دامن کو جھٹکا دیا۔
آپ تو اس روایت سے بھی انکار کر جائینگے کہ عمر نے وہ نوشتہ ابوبکر نہین چاک کیا تھا۔
اسکی سند بھی اپنے ہی مذہب کی کتاب سیرۃ حلبیہ مین دیکھ لیجئے ص۳۹۱ جلد ۳

وفی کلام سبط ابن الجوزی انہ رضی اللہ عنہ کتب لہا بذلک ودخل
علیہ عمر فقال ما ھذا فقال کتبتہ لفاطمۃ بمیراثہا من ابیہا فقال
مما ذا تنفق علی المسلمین وقد حاربتک العرب کما تری ثم اخذ عمر الکتاب
فشقہ وقد جاء ان بعد موت فاطمۃ رضی اللہ عنہا وذلک بعد ستۃ اشہر
من موتہ صلی اللہ علیہ وسلم الا انی علی ما تقدم ارسل علی کرم اللہ وجہہ وقد اجتمع
علی وبنو ہاشم الی ابی بکر وقالوا ائتنا ولا یأت معک احد کراھۃ
ان یحضر عمر لما علموا من شدتہ فخافوا ان یحضر لابی بکر فیتکلم بکلام
یوحش قلوبہم ص۳۹۱

یعنی سبط ابن جوزی نے نقل کیا ہے کہ ابوبکر نے جناب سیدہؑ کیلئے ایک نوشتہ
لکھدیا۔ اتنے مین عمر داخل ہوئے پوچھا یہ کیا ہے کہا یہ نوشتہ ہے فاطمہ کیلئے کہ وہ اپنے
باپ کی میراث پائین۔ عمر نے کہا پھر مسلمانون کو کہان سے دوگے حالانکہ عرب تمسے
لڑ رہے ہین اسکے بعد عمر نے وہ نوشتہ لیا اور چاک کر دیا۔ بعد وفات جناب سیدہؑ یعنی
آنحضرت کے انتقال کے چھ مہینہ بعد مگر چند روز حضرت علیؑ اور بنی ہاشم نے مجمع کیا اور
ابوبکر کو بلا بھیجا کہ تنہا آوین۔ اس وجہ سے کہ وہ کراہت رکھتے تھے اس سے کہ
عمر بھی حاضر ہون کیونکہ اون کی شدت دیکھ چکے تھے لہذا خوف تھا کہ اگر وہ بھی
آئینگے تو وہ ابوبکر کی ایسی حمایت کرینگے کہ ان لوگون کے دل اور بھی متوحش ہونگے
اس سے صاف معلوم ہوا کہ یہ واقعہ اوسی وقت کا ہے کہ جب ابوبکر نے وہ نوشتہ
لکھا اور عمر نے جناب سیدہ کے ہاتھ سے لیکر چاک کیا۔ تو آپنے اونکا کپڑا پکڑ کر فرمایا اگر
اسکا خیال نہ ہوتا کہ ناکردہ گناہ بھی ہلاک ہو جائینگے تو ہم ایسی بددعا کرتے کہ تو اوسکا نتیجہ
دیکھ لیتا۔ پھر کون ہے دنیا مین جو اسکو [illegible] تہذیب یا خلاف انسانیت کہے گا کیونکہ

یہ تو لوازم فطرت سے ہے اور اظہار حق کیلئے ضروری تھا تاکہ معلوم ہو کہ یہ ظلم عمر ایسا ناجائز تھا وہ اسپر مستحق بددعا تھا کہ ہلاک کیا جائے۔

سبحان اللہ کیا انصاف ہے کہ ظالم کی تو ایسی طرفداری کی جائے کہ اُسکا ہر فعل ناجائز جائز قرار پائے اور مظلوم جو اسپر غصہ کرے یا ناراضی کا اظہار وہ آپکے نزدیک معیوب اور خلاف تہذیب ہو۔

عمر صاحب کی یہ شدت اور سختی ایسی نہین ہے کہ کچھ اسی واقعہ کے ساتھ مخصوص ہو۔ بلکہ ایکدفعہ اسی طرح کا نوشتہ ابوبکر نے عیینہ بن حصن کیلئے بھی لکھا تھا تو عمر صاحب نے اوسکو تھوک سے مٹا دیا ملاحظہ ہو ازالۃ الخفا صفحہ ۱۹۰

اسی کا نتیجہ تھا کہ ابوبکر صاحب اپنے داماد زبیر کیلئے ایک زمین کا نوشتہ لکھنے لگے اتنے مین عمر صاحب آگئے تو ابوبکر نے اوس نوشتہ کو فرش کے نیچے دبا دیا جیسا کہ کنز العمال مین ہے صفحہ ۱۰۹ جلد ۱۔

عن عروہ قال دخلت علی معاویہ فقال لی ما فعل المسلول قلت ھو عندی قال انا واللہ خططتہ بیدی اقطع ابوبکر الزبیر فکنت اکتبھا فجاء عمر فاخذ ابوبکر الکتاب فادخلہ فی ثنی الفراش فدخل عمر فقال کانکم علی حاجۃ فقال ابوبکر نعم فخرج فاخرج ابوبکر الکتاب فاتممتہ۔

یعنی عروہ کہتے ہین کہ ہم معاویہ کے یہان گئے تو معاویہ نے کہا مسلول کیا ہوا (نام ہے زمین کا) تو ہمنے کہا وہ ہمارے پاس ہے۔ معویہ نے کہا اوسکا کاغذ خود ہمنے اپنے ہاتھ سے لکھا ہے جسکی یہ حالت تھی کہ ابوبکر اس معافی کو زبیر (داماد) کیلئے لکھوا رہے تھے اور ہم لکھتے تھے کہ اتنے مین عمر آئے تو ابوبکر نے اوس کاغذ کو لیکر فرش کے نیچے دبا دیا۔ عمر آئے تو پوچھا کچھ تخلیہ کی بات ہے ابوبکر نے کہا ہان تو عمر چلے گئے تب ابوبکر نے وہ کاغذ نکالا اور ہمنے اوسکو تمام کیا۔

پھر آپکو اسپر کیونکر تعجب ہو سکتا ہے کہ عمر صاحب نے اوس نوشتہ کو چاک کر دیا جو ابوبکر صاحب نے جناب سیدہ کیلئے لکھدیا تھا۔ کیونکہ آپ جانتے ہین یہ خلافت اور یہ غصب فدک

کے بانی مبانی اصل مین خلیفہ دوم ہی ہین جنھون نے ابوبکر کو ملہ بناکر آگے کہڑا کیا اور سب کچھ انکے نام سے کر ڈالا۔

افسوس ہے آپلوگونکو محض عداوت اہلبیت طاہرین نے ایسا اندھا اور بہرا کردیا ہے کہ حمایت خلفائے ثلثہ مین اس طرح دن کو رات کر رہے ہین ورنہ اگر کچھ کتابین سیر و تواریخ کی آپ دیکھتے تو آپکو معلوم ہوتا کہ خلیفہ دوم نے مخصوصین جناب رسالتمآب سے کسی کو نہ چھوڑا جسپر ظلم و ستم نہ کیا ہو چنانچہ کنز العمال مین ہی ص ۱۹۱

جاء بلال بن الحارث المزنی الی رسول اللہ ص فاستقطعہ ارضا طویلۃ عریضۃ فلما ولی عمر قال لبلال انک استقطعت رسول اللہ ص ارضا عریضۃ طویلۃ قطعھا وان رسول اللہ لم یکن یمنع شیئا یسالہ فانک لا تطیق ما فی یدیک فقال اجل قال فانظر ما قویت علیھم منہا فامسکہ و ما لم تطق علیھا فادفعہ الینا نقسمہ بین المسلمین فقال لا افعل واللہ شیئ اقطعنیہ رسول اللہ فقال عمر واللہ لتفعلن فاخذ ما عجز عن عمارتہ فقسمہ بین المسلمین ص ۱۹۱

یعنی بلال بن حارث مزنی نے حضرت ص سے ایک طویل عریض زمین کی خواہش کی تو حضرت نے اوسکو معافی مین اوسکے دیدیا جب عمر خلیفہ ہوے تو بلال سے کہا تو نے آنحضرت ص سے ایک طولانی اور عریض زمین حاصل کی ہے اور حضرت کی یہ حالت تھی کہ کوئی کچھ مانگتا تو آپ منع نہ کرتے ۔ تیری یہ حالت ہے کہ پوری اراضی کو آباد نہین کرسکتا۔ لہذا جسقدر آباد کرسکتا ہے اوتنا رکھے اور باقی ہمکو دیدے کہ مسلمانون مین تقسیم کردین اوسنے کہا واللہ ہم اوس مین سے کچھ نہ دینگے کیونکہ حضرت ص نے ہمکو معافی دیا ہے عمر نے کہا کرنا ہوگا آخر تھوڑا سا چھوڑکر باقی سب لے لیا اور مسلمانون مین تقسیم کردیا۔

یہ بلال مدینہ کے رہنے والے تھے اور قبیلہ مزنیہ سے تھے رسول اللہ نے انکو وادی عقیق معافی مین دیا مگر عمر صاحب نے انکے پاس اوسکو نہ رہنے دیا حالانکہ وہ کہہ رہے ہے

تھے کہ یہ تو حضرت کا عطیہ ہے ہمکو معافی مین دے گئے ہین۔ مگر عمر صاحب اپنی خلافت وحکومت کے نشہ مین ایسا چور رہتے کہ کچھ نہ سنا اور ویسے ہی لیا چنانچہ ادسی کنز العمال مین ہے ان عمر اقطع العقیق اجمع صفحہ ۱۹۱
کہ عمر نے پورے وادی عقیق کو دوسرے کی معافی مین دیدیا۔ تو پھر اس پر آپکو کیون تعجب ہو سکتا ہے کہ حق جناب سیدہ کو انھون نے غصب کیا۔ کیونکہ یہ تو دستور عالم ہے ہر شخص اپنے مخالف پارٹی کو چاہتا ہے کہ اگر نابود نہو سکے تو ایسا کمزور کر دے کہ پھر اوس مین قوت مقاومت نہ رہے ورنہ کون عاقل کہہ سکتا ہے کہ جو شخص تمامی ملک عرب عجم۔ روم مصر کا مالک مطلق ہو۔ وہ اراضی فدک کا محتاج ہو کہ بضعۃ الرسول کو اوس سے محروم کرے۔ مگر جو لوگ اصول سیاست سے واقف ہین وہ خوب جانتے ہین کہ سیاست کا اصلی جز یہی ہے کہ اپنے مخالفونکو کمزور رکھے کہ اوبھرنے کی قوت نہ رہے۔
قول پشاوری عقل سلیم ہرگز نہین مانتی کہ وہ مطہرہ جسنے رسول خدا کی پہلو عاطفت مین پرورش پائی ہو۔ آپکے اخلاق سے اُسکی طینت صافیہ نے حصہ لیا ہو۔ حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے ہاتھون مین تربیت پائی ہو۔ جسکے گھر مین قرآن نازل ہوا ہو۔ خلاف داب عصمت وشرافت راستہ مین غیرون سے مشت وگریبان ہون یا دنیاوی فائدہ کیلئے عام کچہری مہاجرین وانصار مین جاکر دعوی کرین۔ کیا کوئی باغیرت مسلمان اس بات کو روا رکھیگا کہ اس کی عورت کسی مشت وگریبان ہو۔ اور وہ گھر مین چھپکر بیٹھ رہے۔ جیسا کہ باقر مجلسی شیعہ نے اپنی کتاب حق الیقین مین لکھا ہے۔
(خطاب ہائے غضب آمیز ودرشت باسید اوصیا نمود) الخ اور حضرت زہرا حضرت علی مرتضی کو کہین کہ (مثل جنان در خانہ نشستہ) شرم۔ شرم۔ شرم اپنے باقر مجلسی کی تحریر کو دیکھو (حق الیقین صفحہ ۲۳۳) پر اور جواب دو۔
اقول مگر اسکو تو عقل سلیم مانتی ہے کہ اوس پر اسقدر ظلم ہو کہ وہ معصومہ فریاد کرے سہ

صبت علیّ مصائب لو انہا ۔۔۔ صبّت علی الایام صرن لیالیا

کہ مجھ پر ایسے مصائب گذرے کہ اگر وہ مصیبتین دنون پر پڑتین۔ تو دن رات ہو جاتے

پس اگر عقل سلیم اسکو مانتی ہے تو ضرور اوسکو یہ بھی ماننا پڑیگا کہ اوس مظلومہ سے جہانتک ہوسکے ان مصائب کے دفعیہ مین کوشش کرے۔

جناب سید الشہدا روحی لہ الفدا نے جسقدر مصائب وآلام کو برداشت کی اوسکی ایک غرض یہ بھی تھی کہ منکرین کے انکار کی حقیقت کھل جائے اور معلوم ہوجائے کہ مخالفت احکام خدا و رسول کا یہی نتیجہ ہے کہ اوسکو خسران دنیا وآخرت نصیب ہوتا ہے۔

آپنے دکھا دیا کہ جس اجماع کو تم حق سمجھتے ہو اور اوسکے ذریعہ سے حکم خدا و رسول کو باطل کیا جاتا ہے وہ اجماع ایسا ہی ہوتا ہے کہ بیشتر ضلالت پر ہوتا ہے جیسا کہ خداوند عالم فرماتا ہے ولو اتبع الحق اھواءھم لفسدت السموات والارض ومن فیھن بل اتینٰھم بذکرھم فھم عن ذکرھم معرضون سورہ مومنون

اگر حق اونکی خواہشون کی پیروی کرتا تو آسمان وزمین اور جو کچھ اوس مین ہے سب فاسد ہوجاتے۔ بلکہ ہمنے اونکو نصیحت پہونچا دی اور وہ نصیحت سے اعراض کرنے والے ہین۔

جناب امام حسینؑ اگر تمام عالم کو یہ نہ دکھاتے کہ ہم فرزند رسول ہین جنکے بارہ مین آنحضرت فرما گئے ہین سید شباب اہل الجنۃ گو کچھ آدمی کے ہمارے کوئی ساتھی نہین۔ اور یزید پسر معویہ کو سب فاسق وفاجر سمجھ رہے ہین اور تمامی مسلمان اوسکے ساتھ ہین حتی کہ خود خلیفہ دوم کے بیٹے عبداللہ بن عمر اوسکی خلافت کو جائز اور برحق سمجھ رہے ہین۔ تو کیونکر معلوم ہوتا اجماع باطل پر ہوتا ہے۔ کیونکہ خود خلافت ابوبکر کو تقلیہ ہیں کہتے جیسے اجماع ہوا اور خلافت کامیاب ہوئی لہذا جناب امام حسینؑ کے اس طرز عمل نے بتادیا کہ جیسا آج اجماع باطل پر ہوا ویسا ہی اوس روز بھی ہوا تھا۔

اگر جناب سید الشہدا اوس طریق سے اظہار حق نہ فرماتے تو جس طرح نص خلافت جناب امیرؑ چھپا دیا گیا۔ واقعہ غصب فدک پر پردہ ڈالا گیا۔ زہر خورانی امام حسنؑ سے انکار کیا گیا۔ اوسی طرح اس واقعہ شہادت امام حسینؑ کا بھی انکار کیا جاتا اور کہا جاتا

اور کہا جاتا ہو عقل سلیم ہرگز نہین مانتی کہ وہ فرزند رسول جسکو آنحضرتؐ نے اپنے لعاب دہن سے پرورش کیا اور حسینؑ منی وانا من الحسینؑ فرمایا اوسکو مسلمانون نے جو رسول اللہ پڑھتے تھے اس طرح قتل کر ڈالا ۔

غرض جناب امام حسینؑ کے واقعہ شہادت نے اون سب اسرار کو آشکار کر دیا جنکو آپ لوگ سیرت خلفا مین چھپاتے تھے۔ کیونکہ جب علانیہ علی رؤس الاشہاد فرزند رسول اس طرح ذبح کر دیا گیا۔ تو ظلم مخفی سے کیونکر انکار ہو سکتا ہو۔

آپ فرماتے ہین (۱) کہ عقل سلیم ہرگز نہین مانتی وہ مطہرہ جسنے رسول خدا کے پہلو سے نافتہ دینے پرورش پائی ہو الا اسمین پہلا ظلم یہ ہے کہ آپ صرف تربیت کی نسبت کرتے ہین حالانکہ آپکو کہنا چاہیے وہ بضعۃ الرسول پارہ جگر جسکی رضا کو آنحضرتؐ نے اپنی رضا فرمایا اور جسکے غضب کو اپنا غضب فرمایا۔ پھر کیونکر آپ ایمان شیخین کے قائل ہو سکتے ہین کیونکہ والذین یوذون اللہ ورسولہ　لہم عذاب الیم۔ اور ان الذین یوذون اللہ ورسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ واعد لہم عذابا مہینا آج تک قرآن مین موجود ہے کہ جو لوگ ایذا دیتے ہین خدا و رسول کو ہم لعنت خدا ہے دنیا و آخرت مین یہی تو وجہ ہے کہ شیعہ تعمیل حکم خدا و رسول اون موذیون پر لعنت کرتے ہین۔

(۲) آپ کے اخلاق سے اسکی طینت صافیہ نے حصہ لیا ہو"

بیشک جناب سیدہؑ اوسی نور سے پیدا ہوئین جو نور رسالتمآبؐ تھا اور وہی اخلاق حسنہ و طینت صافیہ آپکو بھی ملا تھا جو جناب رسالتمآبؐ کو حاصل تھا اسی وجہ سے جس طرح جناب رسالتمآبؐ نے عمر کو بروز قبول اسلام جھٹکا دیا تھا کہ وہ زمین پر منہ کے بل گرا۔ اوسی طرح جناب سیدہؑ نے آج جھٹکا دیا تاکہ معلوم ہو ہم اوسی باپ کی بیٹی ہین جو اگرچہ مظلوم و ستم رسیدہ ہین۔ مگر حقیقت کا وہی اثر ہے جو اوس روز تھا کہ جب عمر تلوار لیکر میرے پدر بزرگوار کے قتل کو آیا اور حضرت نے ایسا جھٹکا دیا کہ تو زمین پر گر پڑا دیکھو تاریخ خمیس صفحہ ۳۴۳ جلد اول۔

فخرج الیہ صلعم رسول اللہ فاخذ بمجامع ثیابہ ثم نترہ نترۃ فما تمالک عمران وقع علی رکبتیہ فقال ما انت بمنتہ یا عمر فقال اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد ان محمدا عبدہ و رسولہ

یعنی جب عمر کی آمد حضرت نے سنی تو آپ باہر آئے اور عمر کا کپڑہ پکڑ کر ایک جھٹکا دیا کہ عمر زانو کے بل گر پڑے اور فرمایا اسے عمر کیا تو باز نہ آئیگا جسپر عمر نے کلمہ شہادتین زبان پر جاری کیا۔

دیکھئے اوسی رسول کی یہ پارہ جگر و نور نظر ہے جو اپنے پدر بزرگوار کی سیرت کو زندہ کر رہی ہے اور جس طرح حضرت نے لباس عمر کو پکڑ کر جھٹکا دیا تھا۔ اوسی طرح جناب سیدہ جھٹکا دیتی ہین فرق ہے تو اسقدر کہ رسول اللہ چونکہ مرد تھے لہذا جھٹکا دیا کہ وہ زمین پر گر پڑا اور جناب سیدہ چونکہ از قبیل نسوان ہین لہذا فرماتی ہین کہ اگر بیگناہون کی ہلاکت کا خوف نہوتا تو ضرور زمین بد دعا کرتی کہ تو ہلاک ہو جاتا۔

کہئے اب بھی آپ اسپر ایمان لائینگے یا نہین کہ جناب سیدہ درحقیقت بضعۃ الرسول تھین کہ وہی اثر دکھایا جو تعلیم و تربیت رسول کا تھا کہ فرومنافق کو ہمیشہ ذلیل و خوار رکھنا چاہیئے۔

آپنے شاید تاریخ طبری مین یہ بھی واقعہ دیکھا ہوگا صفحہ ۲۳۳ جلد ۲

اذ طلع رسول اللہ صلعم فوثبوا الیہ وثبۃ رجل واحد فاحاطوا بہ یقولون لہ انت الذی تقول کذا وکذا لما یبلغھم من عیب الھتھم ودینھم فیقول رسول اللہ نعم انا الذی اقول ذلک فقال فلقد رایت رجلا منھم اخذ بمجمع ردائہ قال وقام ابوبکر الصدیق وانہ یقول وھو یبکی ویلکم اتقتلون رجلا ان یقول ربی اللہ ثم انصرفوا عنہ فان ذلک اشد ما رایت قریشا بلغت منہ قط۔

یعنی حضرت پہلے روز جو خانہ کعبہ مین تشریف لائے تو باوصفیکہ سب آپکا تذکرہ بہ بدی کر رہے تھے مگر آپکو دیکھکر ایسا مرعوب ہوئے کہ کچھ نہ بولے۔ دوسرے روز

اسی کا تذکرہ کر رہے تھے کہ کل حضرت اس طرح آئے اور کوئی نہ بولا کہ آج پھر حضرت تشریف لائے تو سب آپ پر ٹوٹ پڑے اور ایک شخص نے آپکے لباس کو پکڑ لیا۔ وہان ابوبکر کھڑے رو رہے تھے اور کہتے تھے کہ تم ایسے شخص کو قتل کرتے ہو جو کہتا ہے ہمارا رب خدا ہے۔ اسکے بعد وہ چلے گئے۔ یہ سب سے زیادہ سختی گذری ہے حضرت پر۔

اس سے آپکو معلوم ہوگیا کہ ابوبکر کا کام اس موقع پر صرف بڑھیاؤن کی طرح رونا تھا اور کچھ نہین ہوسکا۔ اب تاریخ خمیس دیکھیے صفحہ ۳۲۲

عن عبد اللہ انہ قال ما رایت رسول اللہ ص دعا علی قریش غیر یوم واحد فانہ یصلی و رھط من قریش جلوس و سلا جزور قریب منہ فقالوا من یاخذ ھذا فیلقیہ علی ظھرہ فقال عقبہ بن معیط انا فاخذہ فالقاہ علی ظھرہ فلم یزل ساجدا حتی جاءت فاطمہ فالقتہ عن ظھرہ فقال رسول اللہ ص اللھم علیک بالملاء من قریش اللھم علیک بعتبہ بن ربیعہ اللھم علیک بشیبہ بن ربیعہ اللھم علیک بابی جھل بن ھشام اللھم علیک بعقبہ بن ابی معیط اللھم علیک بابی بن خلف او امیہ بن خلف۔

یعنی کفار قریش نے حضرت پر کچھ نجاست ڈالی تھی (سلا جزور اوس جھلی کو کہتے ہین جس مین بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے) تو حضرت اوسی حالت سجدہ مین رہے۔ یہانتک کہ جناب سیدہؑ تشریف لائین اور حضرت کی پشت سے اوس نجاست کو دور کیا اور حضرت نے اون کفار پر بددعا کی۔

تو کیا ان واقعات مین عصمت و شرافت جناب سیدہ جاتی رہی کہ ابوبکر دیکھتے رہے اور بجز رونے کے کچھ نہ بن پڑا۔ اور جناب سیدہؑ نے آکر اوس نجاست کو حضرت کی پشت مبارک سے دور کیا۔

اگر یہ امور آپکے عزو شرف کو بڑھانے والے ہین جس سے کوئی انکار نہین کرسکتا تو سمجھنا چاہیئے کہ وہی مرحلہ یہان بھی پیش ہے کہ ایک ظالم سفاک اس طرح شریعت رسول کو

مٹا رہا ہے اور بیٹی کو ترکہ پدری سے محروم کر رہا ہے۔ پھر کیونکر جناب سیدہ سکوت کرتین اور نہ بتاتین کہ تو اس قابل ہے کہ تجھپر بددعا کی جائے کہ ابھی وہ اصل نہیں ہو گی۔ کیا کرون کہ ابھی بہت سے بیگنا و پیدا ہونے والے ہین جس سے ہم بددعا نہین کرتے۔

غرض چونکہ اسلامی دنیا مین کسی کو یہ جرأت نہین ہو سکتی کہ وہ کہے جناب رسالتمآب نے خلاف داب عصمت و شرافت اور خلاف انک لعلی خلق عظیم کام کیا کہ عمر کو ایسا جھٹکا دیا کہ وہ منہ کے بل زمین پر آ رہے۔ ویسی طرح جناب سیدہ کی نسبت بھی نہین کہہ سکتا کہ حضرت کا یہ فعل کہ بپاس عمر صبر فرمایا کہ ہم بددعا کرتے خلاف داب عصمت و شرافت ہے کیونکہ اولاد مین تو وہی خصلت ہونی چاہیے جو اوسکے باپ دادا مین ہو۔

(۳) خلاف داب عصمت و شرافت راستہ مین غیر لوگون سے دست وگریبان ہو

آپنے ہوا داری خلفا مین یہ الفاظ محض عوام فریبی کیلئے لکھا ہے راستہ مین دست و گریبان ہونا جو محاورہ مین نہایت بدمعنون مین بولا جاتا ہے کہ بدکار عورتین غیر لوگون سے دست وگریبان ہوتی ہین۔ لہذا اسکی جزا تو آپکو جناب احدیت سے ملیگی کہ کس نیت اور کس ارادہ سے لکھا ہے۔ مگر واقعہ تو پہلے مذکور ہو چکا کہ نہ راستہ تھا نہ سڑک تھی۔ نہ روڈ۔ نہ اسٹریٹ۔ بلکہ مسجد رسول تھی جو دروازہ جناب سیدہ پر واقع تھی کہ گھر سے نکلنا اور آنا جانا اوسکے بغیر ناممکن تھا۔ اوسی مسجد رسول مین ابوبکر نے پہلے غضب فدک کیا۔ پھر نادم ہو کر اوسکے معافی کا کاغذ لکھا جسکو عمر نے چاک کیا اوسپر جناب سیدہ نے اوسکا کپڑہ پکڑ کہا کہ اگر خیال ہلاکت بے گناہ نہ ہوتا تو تجھپر ضرور بددعا کرتی۔ اب آپکو اختیار ہے کہ اسکو خلاف داب عصمت فرمایئے یا خلاف داب شرافت۔

مگر اسکے ساتھ آپکو معیار شرافت بھی قایم کرنا ہوگا کہ وہ کیا ہے۔ کیونکہ یہ افعال رسول اللہ صلعم سے بھی ہو چکے ہین پس اگر آنحضرت کو شریف اور معصوم مانتے ہین تو جناب سیدہ کو بھی شریف و معصوم ماننا ہوگا۔

(۴) یا دنیاوی فائدہ کیلئے عام کچہری مہاجرین و انصار مین جاکر دعوی کرین"

یہ بھی اوسی قسم کی ابلہ فریب تقریر ہے۔ کیونکہ نہ بغرض دنیوی تھا بلکہ بغرض ابقائے شرط بیعت تہا۔ نہ عام کچہری تھی مہاجرین و انصار کی۔ بلکہ مسجد رسول تھی۔ وہان بی بی آپ پہلے نہین گئین بلکہ جب ظالمون نے جاکر جناب امیرؑ کو طلب بیعت کے لئے پکڑنا چاہا تب جناب سیدہ دروازہ پر آئی ہین اور فریاد کی ہے چنانچہ کتاب الامامۃ والسیاسۃ ابن قتیبہ میں ہے صلا

وان ابابکر تفقد قوما تخلفوا عن بیعته عند علی کرم الله وجهه فبعث الیهم عمر فجاء فناداهم وهم فی دار علی فابوا ان یخرجوا فدعا بالحطب وقال والذی نفس عمر بیده لتخرجن او لاحرقنها علی من فیها فقیل له یا اباحفص ان فیها فاطمة فقال وان. فخرجوا فبایعوا الا علیا فانه زعم انه قال حلفت ان لا اخرج ولا اضع ثوبی علی عاتقی حتی اجمع القرآن فوقفت فاطمه رض علی بابها فقالت لا عهد لی بقوم حضروا اسوء محضر منکم ترکتم رسول الله صلعم جنازة بین ایدینا وقطعتم امرکم بینکم لم تستامرونا ولم تردوا لنا حقا۔

یعنی ابوبکر جب مسند خلافت پر بیٹھے تو ورن لوگون کی تفتیش شروع کی جنھون نے بیعت نہین کی تھی تو حضرت علیؑ کے پاس عمر کو بھیجا انھون نے جاکر آواز دی۔ وہ سب گھر مین حضرت علی کے تھے سب نے انکار کیا۔ اوس وقت عمر نے آگ لکڑی منگائی اور کہا قسم ہو سکی جسکے قبضہ قدرت مین عمر کی جان ہو کہ یا تو گھر سے باہر نکلو ورنہ ہم گھر کو جلا دینگے مع اون لوگون کے جو اوس مین ہین۔ کسی نے کہا اے ابو حفص اس مین فاطمہ ہین؟ کہا ہوا کرین۔ پس سب نکلے اور سب نے بیعت کی۔ مگر حضرت علیؑ نے کہ انھون نے قسم کھا یا تھا جب تک قرآن کو جمع نہ کرلینگے نہ گھر سے باہر نکلین گے نہ ردا دوش پر ڈالینگے۔ اوس وقت حضرت فاطمہ اپنے دروازہ پر کھڑی ہوئین اور کہا ہمکو نہین علم ہے کسی ایسی قوم کا جو تمسے بدتر مقام پر حاضر ہوئی ہو کہ رسول اللہ صلعم کا جنازہ ہمارے سامنے چھوڑکر چلے گئے

اور جاکر اپنے امر کا فیصلہ کرلیا جس مین نہ ہمسے مشورہ لیا نہ ہمارے حق کا خیال کیا۔
دیکھئے۔ اس مین کیا بیان ہے کہ اون لوگون نے سب کام کرلیا مگر نہ جناب امیر بولے
نہ جناب سیدہ جب پکڑے گئے مین کہ بیعت کے لئے لائین اوس وقت جناب سیدہ
نے اپنے مکان کے دروازہ پر کھڑی ہوکر فرمایا تمسے بدتر کوئی قوم آجتک نہوئی۔
کیا اسی کو آپ خلاف داب عصمت و شرافت فرمارہے ہین؟
اب دوسرا واقعہ اسکے بعد کا سنئے اوسی کتاب الامامۃ والسیاسۃ مین ہے صلا

ثم قام عمر فمشی معہ جماعۃ حتی اتوا باب فاطمۃ فدقوا الباب فلما سمعت
اصواتھم نادت بیا علی وابن ابی قحافۃ فلما سمعوا لقوم صوتہا وبکاءھا
انصرفوا باکین وکادت قلوبھم تتصدع واکبادھم تتفطر وبقی عمر ومعہ
قوم فاخرجوا علیاً فمضوا بہ الی ابی بکر فقالوا لہ بایع فقال ان انا لم افعل
فمہ قالوا اذا واللہ الذی لا الہ الا ھو لضرب عنقک قال اذا تقتلون
عبد اللہ واخا رسولہ قال عمر اما عبد اللہ فنعم واما اخو رسولہ فلا
وابوبکر ساکت لا یتکلم فقال لہ عمر الا تامر فیہ بامرک فقال لا اکرھہ
علی شئ ما کانت فاطمہ الی جنبہ فلحق علیؑ بقبر رسول اللہ ص یصیح
ویبکی وینادی یا ابن ام ان القوم استضعفونی وکادوا یقتلوننی صلا

یعنی جب عمر وہان سے واپس آئے اور حضرت علیؑ رہ گئے تو دوبارہ عمر کو ابوبکر نے
بھیجا اور وہ ایک جماعت کے ساتھ آئے اور دق الباب کیا جس وقت جناب سیدہ
نے اونکی آواز سنی باآواز بلند فرمایا ہمکو پسر ابوقحافہ سے کیا کام۔
حضرت کی آواز اور رونا سنکر جتنے لوگ آئے تھے وہ سب روتے ہوئے پھر گئے اور
یہ حالت تھی کہ قریب تھا اونکا دل پھٹ جائے اور جگر ٹکڑہ ٹکڑہ ہوجائے۔ مگر عمر اور
چند آدمی رہ گئے۔ اور باہر نکالا حضرت علیؑ کو اور پکڑ کرے گئے ابوبکر کے پاس
اور کہا کہ بیعت کرو۔ حضرت علیؑ نے کہا اگر نہ بیعت کرین تو کیا کروگے اونھون نے کہا
قسم خدا کی اس وقت ضرور تمکو قتل کرڈالینگے۔ حضرت علیؑ نے کہا تو ایک بندہ خدا اور

برادر رسول کے تم قاتل ہو گے۔ عمر نے کہا بندہ خدا تو بیشک۔ مگر برادر رسول ہرگز نہین۔

ابوبکر اس وقت تک چپ ہین اب عمر نے کہا تم کیون اپنا حکم نہین دیتے۔ ابوبکر نے کہا جب تک حضرت فاطمہؑ اون کے پہلو مین زندہ ہین ہم اونکو مجبور نہین کرتے۔ حضرت علیؑ وہان سے اوٹھے اور قبر رسول پر روتے اور چلاتے ہوئے آئے اور کہا (ترجمہ) اے ماں جائے قوم نے مجھے کمزور کرنا چاہا اور قریب تھا کہ قتل کر ڈالتی۔

یہ دوسرا واقعہ ہے جس سے معلوم ہوا کہ جناب سیدہؑ ابھی تک اپنے دولتسرا مین ہین یعنی دو مرتبہ آئی ہے ایک دفعہ اور لوگون کو ہٹا لے گئے۔ دوسری مرتبہ خود جناب امیرؑ کو۔ تب جا کر جناب سیدہؑ باہر نکلی ہین کہ جناب امیرؑ کو چھوڑا لائین۔ تو کیا ہے کوئی دنیا مین جو کہے کہ اس مین کوئی فعل خلاف شرافت یا عصمت جناب سیدہؑ سے سرزد ہوا۔ کیا مظلوم کی اعانت و ظالم کا دفعیہ لازم نہین ہے۔

اہل اسلام یہان عموم صحابہ کی ایمانی کمزوری اور خلیفہ دوم کی قوت ایمانی کا اچھی طرح فیصلہ کر سکتے ہین کہ جناب سیدہ کی آواز گریہ و بکا نے اون صحابہ پر تو یہ اثر کیا کہ وہ روتے ہوئے واپس گئے قریب تھا کہ دل اون کا پھٹ جائے اور جگر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ مگر خلیفہ دوم کو وہ ایمانی قوت ملی تھی کہ ذرہ برابر نہ پسیجے اور اوسی طرح کھڑے رہے یہانتک کہ جناب امیرؑ کو باہر کرنے لگے۔ پھر کیا ممکن تھا کہ جناب سیدہ ایسے شخص سے دو کلام نہ فرمائین کہ اگر بے گناہون کی ہلاکت کا خوف نہ ہوتا تو ہم ضرور تجھپر بددعا کرتے۔ قولہ

(۵) کیا کوئی باغیرت مسلمان اس بات کو روا رکھیگا کہ اوس کی عورت کسی سے مشت و گریبان ہو"

اقول اگرچہ جن الفاظ سے آپ اپنا مطلب ادا کر رہے ہین اوسکو تو کوئی نہین گوارا کرسکتا مگر جو واقعہ پیش آیا اس مین تو کسی شریف کو بشرطیکہ وہ شریف ہو اور خدانخواستہ ایسی مصیبت مین مبتلا ہو عذر ہی نہین کہ اس سے بدتر کریگا۔ کیا آپکو واقعات

کربلا مین جناب زینب و ام کلثوم کا دشت کربلا مین جانا نہین معلوم۔ کیا وہ مخدرات عصمت وطہارت دربار کوفہ وشام مین نہین گئین دنیا دنیا مین اون سے بڑھکر کوئی شریف ہوسکتا ہے؟

اگرچہ یہ صدمہ بھی رسول اللہ پر گذر کہ جناب سیدہ اور جناب امیر کیساتھ اس طرح کا ظلم وستم کیا گیا اور وہ بھی خود حضرت کی مسجد مین حضرت کی قبر کے سامنے مگر بعد وفات آنحضرت مع بخلاف اسکے خود حضرت پر تو بہت سے واقعات گذر چکے ہین جس مین حضرت نے اسی طرح صبر وتحمل سے کام لیا تو حضرت کے نسبت بھی کیا آپ یہ فتویٰ دین گے کہ یہ کام بے غیرتی کا ہے دیکھئے احوال حضرت زینب جنکو آپ لوگ دختر رسول کہتے ہین حالانکہ وہ ربیبہ تھین او نپر کیا گذری تاریخ خمیس مین ہے صفحہ ۳۰ کہ جب حضرت زینب مدینہ کو چلی ہین تو ہبار بن اسد نے اونکے اونٹ پر نیزہ مارنا شروع کیا جس سے وہ ایک پتھر پر گرین اور اسقاط حمل ہوا اور خون جاری ہوا۔

کیون صاحب کوئی اشرف ... گوارا کرسکتا ہے اونکی بیٹی کی اس طرح بے عزتی ہو کہ مجمع تمام مین اوسکو اسقاط ہو اور خون جاری ہو اور وہ اسکو برداشت کرے اور نہ قتل کرے نہ فوج کشی کرے بلکہ جب قابو ملے فتح مکہ مین تو اوسکا اسلام قبول ہو جائے اور گناہ معاف کر دیا جائے ملاحظہ ہو تاریخ خمیس جلد ۲ صفحہ ۱۰

کیا اس سے بڑھکر بھی ... بے غیرتی ہوئی جو آپ طعن کرتے ہین۔

اس سے بڑھکر سنئے کہ ... تاریخ خمیس مین ہے صفحہ ۳۰

کان الاسلام فرق بین زینب وبین ابی العاص الا ان رسول اللہ لا یقدر ان یفرق بینہما وکان مغلوبا بمکہ۔

یعنی اسلام نے جدائی ڈالدی تھی درمیان زینب وابو العاص کے جو اوس وقت تک کافر تھا مگر رسول اللہ کو بوجہ مغلوبیت اتنی قدرت نہ تھی کہ دونو کو جدا کرسکین۔

اس روایت سے ثابت ہے کہ تو عود فرماتے تیرہ برس حضرت بعد نبوت مکہ معظمہ مین رہے اور ان آنکھون سے ... جائز کو دیکھتے رہے کہ ایک مرد کافر آپکی دختر سے...

کرتا ہے۔ مگر بوجہ مظلومیت نہ جدا کر سکے۔

تو اب انصاف سے سنئے جناب امیر اور جناب سیدہ کا یہ فعل تھا جس وقت کسی
وقت ایسا تھا کہ عمر کا دامن پکڑ رکھا گا۔ اور جناب رسالتمآب کا یہ فعل ہے کہ اپنی بیٹی ایک
کافر کے تصرف میں سے اور کچھ نہ کر سکے اور اوسکا اسقاط حمل ہوتا ہے۔ اور خلیفہ دوم
کو بھی نہیں بھیجتے کہ جا کر اوس کافر کو قتل کر آئے۔

آپ ایک دوسرا موقع دیکھئے اور غیرت رسول کا تماشا دیکھئے کہ دل آپکا بے ساختہ
استیعاب میں ہے بطور خلاصہ

انه دخل على رسول الله بغير اذن فقال له رسول الله واين الاذن فقال
ما استأذنت على احد من مضر وكانت عائشة مع النبي جالسة فقال من
هذه الحميراء فقال ام المؤمنين قال افلا انزل لك عن اجمل منها فقالت عائشة
من هذا يا رسول الله قال هذا احمق مطاع وهو على ما ترين سيد قومه
قال ابو عمر كان عيينه يعد في الجاهلية من الجرارين يقود عشرة آلاف.
وتزوج عثمان بن عفان ابنته فدخل عليه يوما فاغلظ له فقال عثمان لو
كان عمر ما اقدمت عليه بهذا فقال ان عمر اعطانا فاغنانا واخشانا فاتقانا۔

کہ عیینہ بن حصن فزاری ایک دن خدمت رسول میں بلا اذن حاضر ہوا تو حضرت نے
پوچھا کہ تنے اجازت کیوں نہ طلب کی۔ کہا کہ ہمنے تو قبیلہ مضر کے کسی شخص سے بھی اجازت
نہیں لی۔ اوس وقت عائشہ حضرت کے ساتھ بیٹھی تھیں۔ پوچھا یہ لڑکی کون ہے حضرت نے
فرمایا یہ ام المومنین ہیں۔ اوسنے کہا کہئے تو ہم اپنی زوجہ سے بدل دیں جو اس سے بھی زیادہ
حسین ہے۔ حضرت عائشہ بہت غصہ ہوئیں اور پوچھا یہ کون ہے تو فرمایا یہ احمق ہے مگر اپنی
قوم کا سردار ہے جیسا کہ تو دیکھتی ہے۔

ابو عمر کہتے ہیں یہ شخص دس ہزار قوم کا سردار تھا۔ عثمان نے اسکی بیٹی سے عقد کیا تھا ایک روز
اسنے عثمان کو بہت سخت سست کہا اوس پر عثمان نے کہا اگر عمر اس مقام پر ہوتے تو اونکو ایسا
نہ کہتا۔ اوسنے کہا عمر نے تو ہمکو اسقدر دیا کہ غنی کر دیا۔

کیون مرزا نذر علی صاحب خدا لگتی بات کہئے گا کیا کوئی شریف اسکو گوارا کر سکتا ہے کہ وہ اس شخص بے ادب کو مکان کے اندر چلا آنے دے اور اوسکی پیاری زوجہ کی بابت ایسا کلمہ کہے اور وہ بھی چپ رہے بلکہ اور اوسکی تعریف کرے۔ مگر رسول اللہ نے اسکو برداشت کیا حالانکہ حضرت اوس وقت مکہ مین تھے نہ شل جناب ابوبکر کے مجبور و نادار تھے بلکہ اسقدر شوکت حاصل تھی کہ عمر سا جرنیل فوج موجود تھا جسنے آن کی آن مین روم و ایران کو تخت و تاراج کر دیا پھر انصاف فرمایئے غیرت جناب رسالتمآب زیادہ تھی یا غیرت جناب ابوبکر۔

آپکو اگر اس مین کسی طرح کی بے غیرتی معلوم ہو تو ہمارے لائق مخاطب مولوی عبدالشکور کا ترجمہ اسد الغابہ صفحہ ۴۷ جلد ۶ دیکھئے جس مین ابوبکر کی غیرت کے اوخون نے اس عبارت ہی کو اوڑا دیا اور ترجمہ تک نہ کیا حالانکہ استیعاب مین موجود ہے۔

پھر عثمان صاحب کی غیرت کو دیکھئے کہ وہ جبکہ اوسی کی لڑکی سے شادی کرتے ہین اور جب وہ کڑوی باتین سناتا ہے تو کہتے ہین اس طرح کی بات عمر سے تو نہ کرتے جسپر وہ بھی کیا دلچسپ جواب دیتا ہے کہ عمر نے تو ہمکو اتنا دیا کہ ہم غنی ہو گئے

کیون صاحب کیا یہی انصاف ہے کہ عمر صاحب ایک کافر کو تو اسقدر دیتے ہین کہ وہ مالدار ہو جائے اور بضعۃ الرسول کے ساتھ یہ سلوک ہو کہ وہ نان شبینہ کو محتاج ہے فدک جو ملا تھا وہ غصب کر لیا جائے۔

آپ تو کہدینگے وہ صحابی تھا لہذا اوسکے لئے سب جائز تھا مگر ہمارے لائق مخاطب اوڈیٹر النجم کا ترجمہ اسد الغابہ دیکھ لیجئے وہ کیسا صحابی تھا لکھتے ہین۔

یہ اون لوگون مین سے تھے جو مرتد ہو کر طلیحہ اسدی کے تابع ہو گئے تھے اور اسکی طرف سے لڑتے تھے انھین لڑائیون مین یہ قید ہو کر حضرت ابوبکر کے پاس آئے مدینہ کے بچے انکو دیکھکر کہتے تھے کہ اے دشمن خدا تو ایمان لانیکے بعد کافر ہو گیا تو جواب دیتے تھے کہ مین تو اللہ پر ایک چشم زدن کے لئے بھی ایمان نہ لایا تھا پھر اسکے بعد یہ اسلام لائے اور حضرت ابوبکر صدیق نے انکو رہا کر دیا صفحہ ۲۲۲

افسوس کہ حضرت ابوبکر کی اب کوئی بہن نہیں باقی تھی ورنہ جس طرح اشعث بن قیس سے جو اسی طرح مرتد ہوا تھا اپنی بہن ام فروہ کو بیاہ دیا ایک ہمشیران کے بھی حوالہ کرتے ۔

بہرحال اس روایت سے معلوم ہوا کہ وہ کبھی سچا مسلمان نہیں ہوا بلکہ ہمیشہ کا فرو منافق ہی رہا مگر یہ شخص اس قدر [illegible] تھا کہ وہ اپنے قبیلہ کا سردار تھا دس ہزار فوج اوسکے تابع تھی وسلی پہ عزت افزائی کی گئی کہ [illegible] بلکہ [illegible] ایک بڑی زمین [illegible] وقت چالیس [illegible] بخش [illegible] عنایت سے سرفراز کیا کہ وہ خود کہتا ہے کہ عمر نے مجھکو غنی کر دیا اور اوسکی لا [illegible] اوسکی بیٹی سے عقد کیا کہ اگر ایسا ہوگا تو یہ دس ہزار کی فوج سے ہماری مدد کریگا۔ جس سے ناظرین اچھی طرح سمجھ سکتے ہین کہ یہ لوگ کیسے [illegible] باز تھے۔

دیکھئے یہی عیینہ حضرت عمر کے سامنے [illegible] کیا [illegible] اوسی [illegible] سے الغرض چیزون کو حضرت عمر کے پاس لے گئے تو انھون نے کہا اے ابن خطاب تم واللہ انصاف کے ساتھ تقسیم نہیں کرتے اور بخشش نہیں کرتے یہ سنکر حضرت عمر کو غصہ آیا اور [illegible] دینے کا ارادہ کیا ص۲۲۴

اگر کسی صحابی کی قسم کا اعتبار ہو سکتا ہے تو نہ معلوم اس صحابی کی قسم کیون نہیں اعتبار کیا جاتا جو حضرت عمر کی غیر عادلانہ [illegible] پر قسم کھا رہا ہے [illegible] تھا جو پھر حضرت عمر نے دھمکوا دیا کہ وہ غنی [illegible] اور اپنے [illegible] عثمان سے [illegible] کیا عمر کا نام لیتے ہو دیکھو انھون نے تو اتنا دیا کہ ہم مالدار ہو [illegible]......

اب اسکو کیا کہیے کہ ایک منافق نامسلمان کیلئے تو حضرت عمر دنیا سے [illegible] طرح [illegible] زن ہو رہا ہے اور بضعۃ الرسول کے ساتھ انکا یہ سلوک ہے کہ حضرت ابوبکر پر [illegible] فدک بھی لکھتے ہین تو یہ ملانے [illegible] کی طرح [illegible] چاک کر ڈالتے ہین [illegible] سیدہ اون کا دامن پکڑ کر بددعا کی [illegible] دیتی ہین تو آپ حضرات اونکو خلاف [illegible] عصمت و شرافت قرار دیتے ہین۔ یا للعجب ۔

جس رسول کی وہ پیاری جگر تھین جنکے کنار عاطفت مین پرورش کا آپکو اقرار ہے جس کی حیثیت صافیہ سے حصہ لینے کا آپکو اعتراف ہے۔ اوس رسول کو غور فرمائے آپنے کس درجہ پر رکھا ہے اور اوسکی عصمت و شرافت کو کیا داغدار بنایا ہے۔ کہ صحیح بخاری و صحیح مسلم و تمامی صحاح ستہ مین یہ روایت موجود ہے کہ حضرت عائشہ کو کھڑے ہوکر حبشیون کا ناچ دکھاتے تھے جسکے لئے بخاری نے ایک خاص باب باندھا ہے باب نظر المراۃ الی الحبش ونحوھم من غیر ریبۃ کہ یہ باب اسکا ہے کہ عورت حبشی مردون کی طرف نظر کرے بلا ریب ان بدنظری۔ اور اس مین اسی حدیث کو لائے ہین کہ حضرت کھڑے ہوکر عائشہ کو ناچ دکھاتے اور عبا کا آڑ کرتے حضرت اسی طرح کھڑے رہتے یہان تک کہ خود عائشہ ہی ناچ دیکھتے دیکھتے تھک جاتین تیسیر سندی صاحب محشی لکھتے ہین لو قال الی لعبھم او بعض افعالھم لکان اقرب وھو المراد بقولھا وانا انظر الی الحبشۃ والحاصل الفرق بین ان تقصد النظر الی نفس الرجال و بین ان تقصد الی بعض افعالھم واللہ تعالی اعلم ص ۶۷ جلد ۳

یعنی اگر بخاری صاحب یہان بجائے نظر المراۃ الی الحبش ونحوھم یہ کہتے باب نظر المرءۃ الی لعب الرجال او بعض افعال الرجال تو اچھا ہوتا کیونکہ دونون مین بہت فرق ہے خود مردون کی طرف دیکھنا یا اون کے افعال کی طرف دیکھنا۔

مگر اس محشی کو یہ نہ معلوم تھا کہ حضرت بخاری آپ سے زیادہ واقف کار اور مزاج دان حضرت عائشہ تھے وہ خوب سمجھتے تھے کہ عائشہ کا مقصود اصلی یہی تھا کہ حضرت تو حبشیون کا تماشا دکھاتے تھے ورنہ اگر یہ مقصود ہوتا کہ بعض افعال رجال کا تماشا دکھانا جائز تھا تو وہ اون روایتون کو لاتے جنمین ہین حضرت عائشہ نے جنگی سوارون کے کرتب کو دیکھا تھا۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا کوئی باغیرت مسلمان اسکو گوارا کرسکتا ہے کہ خود اپنی بی بی کو حبشیونکا ناچ دکھائے کہ جبتک وہ خود سیر نہو جائے نہ ہٹے۔

حالانکہ جتنے شرفا ہین وہ اگر ناچ رنگ کی صحبتیں قائم کرتے ہین تو زنانہ مکان سے علیحدہ کہ مستورات اونکی ناچ و رنگ نہ دیکھ سکین۔ مگر رسول اللہ پر یہ اتہام لگایا جاتا ہے کہ وہ ایک ایسی شوخ شنگ عورت کو ناچ دکھا رہے ہین جو اپنے پرایون مین ایک خاص نظر سے دیکھی جاتی اور ہر شخص کو اسکا خیال تھا سے آج فتنہ ہے تو کل جا کے قیامت ہوگی۔ دیکھئے مسند امام احمد بن حنبل مین ہے ص۱۴۱

حدثنا عبد اللہ حدثنی ابی ثنا یزید قال انا محمد بن عمرو عن ابیہ عن جدہ علقمہ بن وقاص قال اخبرتنی عائشہ قالت خرجت یوم الخندق اقفو اثار الناس قالت فسمعت وئید الارض ورای یعنی حس الارض قالت فالتفت فاذا انا سعد بن معاذ ومعہ ابن اخیہ الحرث بن اوس یحمل مجنہ قالت فجلست الی الارض فمر سعد وعلیہ مدرع من حدید قد خرجت منہا اطرافہ فانا اتخوف علی اطراف سعد قالت وکان سعد من اعظم الناس واطولہم قالت فمر وھو یرتجز ویقول سے لبث قلیلا یدرک الھیجا حمل ما احسن الموت اذا حان الاجل قالت فقمت فاقتحمت حدیقہ فاذا فیہا نفر من المسلمین واذا فیہم عمر بن الخطاب وفیہم رجل علیہ سبغۃ لہ یعنی مغفرا فقال عمر ما جاء بک لعمری واللہ انک لجریئۃ وما یومنک ان یکون بلاء او یکون تحوز قالت فما زال یلومنی حتی تمنیت ان الارض انشقت لی ساعتئذ فدخلت فیہا قالت فنزع الرجل السبغۃ عن وجہہ فاذا طلحہ بن عبید اللہ فقال یا عمر ویحک انک قد اکثرت منذ الیوم واین التحوز او الفرار الا الی اللہ عز وجل قالت ویرمی سعد رجل من المشرکین من قریش یقال لہ ابن العرقۃ بسہم لہ فقال لہ خذھا وانا ابن العرقۃ فاصاب اکحلہ فقطعہ فدعا اللہ عز وجل سعد فقال اللھم لا تمتنی حتی تقر عینی من قریظۃ قالت وکانوا حلفاءہ وموالیہ فی الجاھلیۃ قالت فرقی کلمہ وبعث اللہ عز وجل الریح علی المشرکین فکفی اللہ المومنین القتال وکان اللہ قویا عزیزا فلحق

ابو سفیان و من معہ بتہامۃ ولحق عیینہ بن بدر و من معہ بنجد ورجعت
بنو قریظۃ فتحصنوا فی صیاصیہم۔ خلاصہ اس روایت ظریفہ و حکایت لطیفہ کا یہ ہے
کہ حضرت عائشہ فرماتی ہین کہ مین بروز خندق نکل کر آدمیون کے پیچھے چلی کہ اسی اثنا
مین مینے اپنے پیچھے سے زمین پر چلنے کی آواز سنی مینے مڑکر جو دیکھا تو معلوم ہوا کہ سعد
بن معاذ اور اونکے ساتھ اونکے بھتیجے حرث بن اوس ایک سپر لئے چلے آتے ہین
یہ دیکھکر مین زمین پر بیٹھ گئی اور سعد اس طرح سے گذرے کہ ایک ایسی زرہ پہنے
تھے کہ اونکے اطراف بدن اوس سے نمایان تھے مجھے اونکے اطراف بدن کی بہ
نسبت خوف ہوا اور سعد بڑے جسم کے اور بلند قد تھے وہ اس طرح گذرے کہ یہ
رجز پڑھتے جاتے تھے جسکا ترجمہ یہ ہے کہ تھوڑا توقف کرکہ حمل لڑائی کو آ کر پالیگا کیا
اچھی چیز ہے موت جب اجل قریب آجائے جب سعد گذر گئے تو مین ایک باغ مین
چلی گئی مینے دیکھا کہ اوس باغ مین چند لوگ اہل اسلام سے موجود ہین اور اون مین
حضرت عمر بن خطاب بھی ہین اور ایک اور شخص ہے جو مغفر رکھے ہوے ہے عمر نے
مجھسے کہا کہ تو یہان کیون آئی قسم ہے اپنی جان کی اور قسم ہے خدا کی کہ تو بڑی جری
ہے اور کیا اطمینان ہے تجکو اس امر سے کہ کوئی بلا نازل ہو یا ہم سب یہان سے سمٹ کر
چلے جاین حضرت عائشہ کہتی ہین کہ حضرت عمر نے مجکو اسقدر ملامت کی کہ مجھے آرزو
ہوئی کہ کاش اوس وقت زمین شق ہو جاتی اور مین اوس مین سما جاتی کہ اسی اثنا
مین وہ شخص جو مغفر رکھے ہوئے تھا اوسنے مغفر اپنے منہ سے اوٹھا لیا ناگاہ معلوم ہوا کہ
وہ حضرت طلحہ بن عبید اللہ ہین اونھون نے حضرت عمر سے کہا کہ واے ہو تجپر اے عمر
تو نے آج بلنرت کلام کیا ہم سمٹ کر یا بھاگ کر کہان جائینگے سواے خدا کی طرف حضرت
عائشہ کہتی ہین کہ اسی اثنا مین سعد کو ایک شخص نے مشرکین سے جسکو ابن العرقہ کہتے
تھے ایک تیر مارا اور کہا کہ لو اسکو اور مین ابن العرقہ ہون وہ تیر سعد کی رگ اکحل پر
پڑا اور اوسکو قطع کر ڈالا اونہون نے قریظہ پر دعاے بد کی اور وہ اونکے ہم عہد
تھے جاہلیت مین اور اپنے زخم پر افسون پڑھا اور خداے نے ہوا کو بھیجا مشرکین پر اور

کفایت کی خدا نے قتال کی مومنین سے اور خدا قوی عزیز ہے پس ابوسفیان اپنے ساتھیون کے ساتھ تہامہ چلا گیا اور عیینہ بن بدر اپنے ہمراہیون کے ساتھ نجد چلا گیا اور بنی قریظہ اپنے قلعون مین پناہ گزین ہوے تا بآخر حدیث۔

غور کا مقام ہے کہ سنہ ہجری کے ماہ شعبان مین یہ قصہ ہو چکا ہے کہ عائشہ ایک سپاہی جسکا نام صفوان تھا کس درجہ متہم ہو چکی ہین کہ تمام مدینہ مین یہ خبر عام تھی کوئی ایسا نہ تھا جو اس وجہ سے حضرت رسول اللہ پر شک نہ کرتا ہو۔ اور ابوبکر منہ چھپائے پھرتے ہون کہ اسی سنہ کے ماہ شوال مین حضرت عائشہ یہ بہادری دکھائین اور ایسی اوچھل کود لگائین کہ عمر صاحب کو بھی اقرار کرنا پڑے تو بڑی بے باک لڑکی ہے۔

کیا ہے دنیا مین کوئی عورت کہ جسپر اتنا بڑا اتہام لگایا جائے وہ مہینہ ہی بھر بعد یہ کام کرے کہ جہان بڑے بڑے سپاہیون کے اوسان خطا ہوتے ہین وہان اس بیباکی سے وہ ٹہلنے جائے۔ پھر اوس سے جو کچھ ہو کیا تعجب ہے۔ اسی کی طرف تو حضرت عمر نے اشارہ کیا جو ایک جہاندیدہ اور تجربہ کار آدمی تھے۔ اور عورتون کے مکائد سے خوب واقف کہ واللہ انک لجریئۃ وما یومنک ان یکون بلاء او یکون تحوز انہم خدا کی تو بڑی جری ہے اور کیا اطمینان ہے تجھکو اس امر سے کہ کوئی بلا نازل ہو یا ہم یہان سے سرک کر چلے جائین۔

دیکھو کہ جملہ ان یکون بلاء بڑا احاوی جملہ ہے جس مین ہر طرح کی بلاؤن کی طرف اشارہ ہے اور ظاہر ہے کہ حضرت عائشہ جو ایک باغ کے اندر گئی ہین۔ یہ سمجھکر تو گئی ہونگی کہ یہان مسلمان ہونگے کیونکہ کفار کا نزول یہ خیال ہوتا کہ کہین مسلمان دیکھ نہ لین جو آنحضرت سے کہہ دین لہذا ضرور اس کا خیال سے گئی تھی کہ یہان کفار کا پڑاؤ ہوگا۔ وہ ہمکو کیا پہچانینگے کہ ہم کون ہین۔

بہرحال جہان حضرت عائشہ کی بہادری ثابت ہوئی کہ عمر صاحب انک لجریئۃ فرمایا

وہان عمر صاحب کی بہادری بھی ایک اعلیٰ پیمانہ پر ثابت ہوئی کہ عائشہ کو سمجھاتے ہین کہ تجھے کیا معلوم ہم سمٹ کر چلے جاوین جسکے دو ہی مطلب تو ہے کہ حضرت عمر اپنی دور اندیشی دکھا رہے ہین کہ کیا معلوم ہم کہان جاوین۔ یعنی لڑائی مین بھاگنا ہو تو تم کیا ہو گی۔

سبحان اللہ حضرت عائشہ مین تو یہ جرات اور بہادری ہو کہ وہ تن تنہا سینکڑان لشکر مخالف مین چلی جاوین۔ اور عمر صاحب یون سمجھاوین کہ بیٹی تمھین کیا معلوم ہمکو کہان بھاگنا پڑیگا سے بین تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا۔

نتیجہ اسکا یہ ہوا کہ آخر طلحہ کو طاقت ضبط نہ رہی اور بول پڑے کہ دور ہو تجھے کسقدر کلام کیا تو نے ہم سمٹ کر کہان جاوینگے اور کہان بھاگ کر جاوینگے بخدا۔

اس سے جہان طلحہ اور عمر کے خیالات مین فرق نمایان ہوا کہ عمر صاحب تو بھاگنے کا ڈراما دکھا رہے ہین۔ وہان طلحہ بتا رہے ہین کہ ہم لوگ کہان بھاگ کر جا سکتے ہین خواہ اس وجہ سے کہ بہ نسبت عمر ان مین شجاعت تھی خواہ اس وجہ سے کہ اگر پہلے بھاگتے تو بھاگتے اب عائشہ کو دیکھکر کیونکر بھاگ سکتے ہین۔

اب اگر کوئی اس واقعہ کو اون واقعات سے ملائے جو حضرت عائشہ اور طلحہ کے درمیانی تعلقات کی بابت آپکے مفسرین نے آیہ وما کان لکم ان تؤذوا رسول اللہ ولا ان تنکحوا ازواجہ من بعدہ کی تفسیر مین لکھے ہین تو کیا حضرت عائشہ کی عفت یا پاکدامنی مین کچھ فرق نہین آسکتا ہے ہرگز نہین ہرگز نہین بلکہ یہین سے یہ عقدہ بھی حل ہو سکتا ہے کہ حضرت عائشہ کو بعد آنحضرت کے طلحہ و زبیر کے ساتھ کیون رہ جانے اور جنگ جمل برپا کرنے مین کیا کیا راز ہائے مخفی موجود تھے اور یہ بھی معلوم ہو سکتا ہے کہ کیا کیا تمہیدین اسکی سابق سے ہو چکی تھین اور کیونکر حضرت عائشہ عہد آنحضرت مین گھر سے بے اذن نکل جانیکی عادی تھین اور میدان جنگ اور اوسکے حالات و واقعات سے کیسی دلچسپی رکھتی تھین اور غیر مردون سے اونکی معاشرت کے کیا کیا طریقے اور اونکو ایسے مردون سے کیسے کیسے تعلقات تھے اور جنگ جمل مین جو

واقعات گذرے وہ تو اظہر من الشمس و ابین من الامس ہین اور اون سے جسقدر امور خفیہ ظاہر ہوتے اور جو پردے فاش ہوئے ہین اون کی توضیح و تشریح کی ضرورت نہین - ۱۲

اب جو محشی بخاری نے فرق نکالا تھا کہ خود مردون کی طرف قصداً دیکھنا اور چیز ہے اور اونکے بعض افعال کی طرف نظر کرنا اور چیز ہے تو وہ بتائین جنگ خندق جو حضرت عائشہ باغ پھاند کر آئی تھین تو کس غرض سے نفس رجال پر نظر کرنے یا افعال رجال کو دیکھنے -

اب میان پشاوری غور کرین کہ جناب سیدہ کا اوس حالت مظلومی و بیچارگی مین کہ عمر نے اوس دستاویز کو بھی چاک کر دیا جو ابوبکر نے لکھا تھا - تو جناب سیدہ نے اوسکے دامن کو جھٹکا دیا اور فرمایا کہ اگر میگینا ہون کی ہلاکت کا خوف نہ ہوتا تو ہم تجھپر بددعا کرتے - یہ زیادہ بے غیرتی کی بات ہے - یا رسول کا یہ کام کہ ایسی عورت کو گھر مین رکھے ہوے ہین جسکے یہ افعال ہین - کیونکہ یہ تو ممکن نہین حضرت کو اسکی خبر نہوئی ہو جسپر سکوت ہی کیا اب بتائے کون زیادہ باغیرت ہے یا بے غیرت -

چونکہ اس واقعہ کو اکثر مخالفین نے نہایت شد و مد سے لکھا ہے اور انواع و اقسام کا استہزا کیا ہے جس سے اکثر مومنین کے دل زخمی ہوتے ہین لہذا ہم دو چار واقعہ اور ایسا لکھتے ہین جس سے معلوم ہوا اہلسنت نے کیسی کیسی غیرت و حیا کو خود آنحضرت کیلئے نکالا ہے - کیا کوئی مسلمان اسکو قبول کر سکتا ہے خواہ وہ شریف ہو یا غیر شریف -

ایک لطیف واقعہ ہم رسالہ ارسال المحاصب سے نقل کرتے ہین جسمین اس واقعہ کو نہایت لطیف پیرایہ مین لکھا ہے و ہو ہذا -

"اور الطف لطائف یہ ہے کہ حضرت عائشہ نے جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے درخواست خاص الخاص مین ایک عجیب و غریب مکالمہ و مناظرہ فرمایا جسکے باریک لطائف سے کم فہم آشنا ہو سکتا ہے اور جسکی تہ تک پہونچکر اونکے اطلاع و اشتیاع کو بیحد لطف آتا ہے حضرت بخاری اپنی صحیح مین لکھتے ہین حدثنا اسمعیل

بن عبد اللہ قال حدثنی اخی عن سلیمان عن ھشام بن عروہ عن ابیہ
عن عائشہ قالت قلت یارسول اللہ ارایت لو نزلت وادیا وفیہ شجرۃ
قد اکل منہا ووجدت شجرۃ لم یوکل منہا فی ایہا کنت ترتع بعیرک قال
فی الذی لم یرتع منہا تعنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لم
یتزوج بکرا غیرھا۔ خلاصہ اس روایت کا یہ ہے کہ حضرت عائشہ عروہ بن الزبیر سے
بیان فرماتی ہیں کہ مینے ایک مرتبہ آنحضرت صلعم سے عرض کیا یا رسول اللہ اگر آپ کسی
وادی میں نزول اجلال فرمائیں اور اوس وادی میں چند درخت ایسے ہوں
جن میں سے اوروں نے پتے کھائے ہوں اور وہاں آپ ایک درخت
ایسا پائیں کہ اوس میں سے کسی اونٹ نے کچھ نہ کھایا ہو تو آپ اپنے اونٹ کو کس
درخت سے چرنے کیلئے چھوڑینگا آنحضرت نے جواب دیا کہ میں اپنے اونٹ کو اوسی
درخت سے چرنے کیلئے چھوڑونگا جس میں سے کسی اونٹ نے کچھ نہ کھایا ہو مینے کہا
یارسول اللہ میں ہی وہ درخت ہوں عروہ بن الزبیر کہتے ہیں کہ مراد حضرت عائشہ
کی یہ تھی کہ آنحضرت صلعم کی ازواج میں سوائے حضرت عائشہ کے دوسری عورت
بکر نہ تھی آسے حضرت مخاطب سنا آپنے کہ جناب عائشہ نے اس مکالمہ لطیفہ و مناظرہ
خفیفہ میں آنحضرت صلعم سے کیا پرلطف تقریر کی اور کس طرح آنحضرت کو اپنے بکر ہونے کی
طرف توجہ دلاکر اپنے ہی طرف ترغیب دی ہے اور کیا کیا لطیف
تشبیہیں اپنے لئے اور دیگر ازواج کیلئے اور آنحضرت کیلئے تراشے ہیں اور کس طرح
آنحضرت کو خود آنحضرت کے اقرار کے بموجب اپنے ہی مجامعت پر مجبور کیا ہے اگر اس کے
لطائف اور تشبیہات آپکی سمجھ میں نہ آئے ہوں تو ہم آپکو سمجھائے دیتے ہیں ذرا متوجہ
ہوکر گوش دل سے سنیئے دیکھئے اس مکالمہ اور مناظرہ میں حضرت عائشہ نے دولت سرائے
نبوی کو جسمیں حجرات ازواج بنے ہوئے تھے ایک وادی سے تشبیہ دی ہے اور
ہر ہر زوجہ کو ایک ایک شجر سے تشبیہ دی ہے اور سوا اپنے دیگر ازواج کو بسبب اسکے
کہ وہ ثیبات سے تھیں اور تصرف میں اور شوہروں کے آچکی تھیں ایسے درختوں سے

مشابہ کیا ہے جن مین سے کچھ لوگون کے اونٹ پتے کھا چکے ہون اور اپنی تئین بسبب
بکر ہونے کے ایسے درخت سے مشابہ کیا ہے جسمین سے کسی کے اونٹ نے کوئی پتا نہ کھایا
ہوا اور بوجہ ابوبکر کی بیٹی ہونے کے غضب یہ کیا ہے کہ آنحضرتؐ کے عضو خاص کو چرنے
والے اونٹ سے تشبیہ دی ہے اور اسی کے ضمن مین اپنے مقام مخصوص کو ہری بھری
شاخ درخت سے تشبیہ دی ہے اور آنحضرت سے دریافت کیا ہے کہ اگر آپ کھائے
ہوئے درختون کے علاوہ ایک ایسا درخت پائین جو نہ کھایا ہوا ہو تو اپنے اونٹ کو کس درخت
سے چرائیگا اور جب آنحضرتؐ نے یہ جواب دیا کہ مین اپنے اونٹ کو اوسی درخت سے چراونگا
جو کھایا ہوا نہو تو کس ادا سے فرمایا کہ یا رسول اللہؐ مین ہی وہ درخت ہون مراد یہ تھی کہ
آپ فرما چکے ہین کہ مین اپنے اونٹ کو اوسی درخت سے چرائونگا جو کھایا ہوا نہو لہذا اولاً
آپ پر واضح ہو کہ مین ہی وہ درخت ہون جو کھایا ہوا نہین ہے یعنی مین آپکی ازواج
مین صرف بکر ہون اور کسی نے مجھپر تصرف نہین کیا اور دیگر بی بیان آپکی اور مردون کے
تصرف مین آچکی ہین پس آپ کو اپنے اقرار کے بموجب چاہیے کہ اپنے اونٹ کو کسی
کھائے ہوئے درخت سے نہ چرائیے یعنی کسی اور بی بی سے مقاربت نہ کیجئے اور صرف
میری ہی شاخ سرسبز سے اپنے اونٹ کو چرائیے اور مجھی سے مقاربت کیجئے
اسے حضرت مخاطب اب آپ سمجھئے کہ آپکی مادر گرامی نے فرط شوق مقاربت مین
آنحضرت سے کسی عمدہ تقریر کی ہے اور کس طرح آنحضرت کو مجبور کیا ہے کہ صرف انہی
اونہین کی مقاربت مین ہمیشہ مشغول رہین اور کسی اور بی بی کی طرف متوجہ نہون
اور محض اسی پر اکتفا نہین کی بلکہ مقام فخر مین یہ سارا مکالمہ و مناظرہ عروہ بن الزبیر
سے بیان بھی کردیا جسکی وجہ سے یہ امر شایع و ذایع ہوگیا اور اعصار متاخرہ تک اسکی
روایت باقی رہی اور آپکے علما کو موقع ملا کہ اس واقعہ سے مشروعیت ضرب المثل
و تشبیہ پر استدلال کرین اور حضرت عائشہ کی بلاغت اور اونکی حسن تاتی کو امور
مین ظاہر فرمائین چنانچہ علامہ ابن حجر فتح الباری مین اس روایت کی شرح مین
یون رقم فرماتے ہین وفی ھذا الحدیث مشروعیۃ ضرب المثل و تشبیہ شیٔ

موصوف بصفۃ بمثلہ مسنوب الصفۃ وفیہ بلاغۃ عائشۃ وحسن تاتیھا فی الامور یعنی اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ ضرب مثل جائز ہے اور ایک شی کو جو موصوف ایک صفت کے ساتھ ہو اوسکی مثل سے جسمین وہ صفت ہو تشبیہ دیسکتے ہین اور اس حدیث سے بلاغت عائشہ کی اور حسن تانی یعنی نرمی اور سہولت سے کام لینا اون کا امور مین ظاہر ہوتا ہے بالجملہ حضرت عائشہ نے اس واقعہ کے بیان سے اپنی خوب ہی فضیلت ظاہر کی جس سے اونکے اتباع و اشیاع کو تو یہ موقع ملا اونکی بلاغت کو ظاہر کرین اور یہ بتائین کہ وہ سہولت سے کام نکالنے کی ترکیبین خوب جانتی تھین اور ہمکو اسکا محل ہوا کہ ہم اس واقعہ سے اپنے مخاطب کو مطلع کر کے اون کی مادر گرامی کی رغبات نفسانی و جذبات شہوانی کا نمونہ دکھائین۔ میان پشاوری بتاؤ کیا کوئی با غیرت مسلمان اس بات کو گوارا کرسکتا ہے کہ وہ رسول اللہ سے اس طرح کی تقریر مجمع عام مین کرے اور پھر آنحضرت ایسی عورت کو گھر مین رہنے دین چہ جائیکہ اوس سے خوش ہون اور وہ سب سے زیادہ محبوبہ و معشوقہ ہو۔

آپ اگر خود واقعہ عقد عائشہ کو خیال کرینگے تو آپکو معلوم ہوگا اس درجہ کی حیاداری سے اس مین کام لیا گیا ہے کہ دنیا مین جتنے ارذال ہین وہ اس واقعہ کو سنکر گردن جھکا لینگے اور پھر کسی شریف کے مقابلہ مین گردن نہ اوٹھا ئینگے ازالۃ الخفا مین ہے۔ ص ۱۱ مقصد دوم

وازانجملہ آنست کہ چون خدیجہ رضی اللہ عنہا متوفی شد حضرت صدیق حضرت عائشہ را در عقد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آورد و در آن باب اوبی کہ بہتر ازان صورت بند در عایت نمود عن حبیب مولی عروۃ قال لمّا ماتت خدیجہ حزن علیہا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاتاہ ابوبکر بعائشۃ فقال یارسول اللہ ھذہ تذھب بعض حزنک وان فی ھذہ خلقا من خدیجۃ ثم ساد ھا فکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یختلف الی ابی بکر الحدیث

اخرجہ الحاکم وعن عائشۃ قالت قدمنا المدینۃ فذکرت القصۃ الی ان قالت قال ابوبکر یا رسول اللہ ما یمنعک ان تبنی باھلک فقال رسول اللہ صلعم الصداق فاعطاہ ابوبکر اثنتی عشرۃ اوقیۃ ونشا فبعث بہا رسول اللہ صلعم الینا وبنی بی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی بیتی ھذا الذی انا فیہ اخرجہ الحاکم ابو عمر فی الاستیعاب مختصرا اے حضرت مخاطب ذرا غور فرمایئے کہ آیا کسی شخص باحیا سے ہو سکتا ہے کہ اپنی ناکتخدا بیٹی کسی غیر مرد کے سامنے لائے اور اوس سے کہے کہ اگر آپکی زوجہ نہیں ہیں تو مجھ سے [illegible] یہ لڑکی آپ سے منسوب ہے یہ اپنے حزن وملال کو دور کر دیگی اور آپ کی زوجہ اول کے قائم مقام ہوگی اور بالاتر اس سے یہ ہے کہ جب اوس لڑکی کا عقد اوس مرد سے ہو جاوے اور وہ طالب رخصت اوس لڑکی کا نہو تو صاحب دختر خود آکر دریافت کرے کہ کیوں آپ اپنی زوجہ سے ہمبستر نہیں ہوتے اور اگر وہ عذر کرے کہ میرے پاس ابھی مہر نہیں ہے تو یہ صاحب دختر خود ادائے مہر اوسکو دیکر اپنی دختر کے ساتھ ہمبستر کرے سبحان اللہ ع این کار از تو آید و مردان چنین کنند۔ گر یہ نہ سمجھئے کہ حضرت نے من اقتضاء بزرگی اور [illegible] کیونکہ مہر وغیرہ تو خود میں ابوبکر نے نہ دیا [illegible] آپ ہی حضرت سے مخاطب ہوئے چنانچہ مدارج النبوۃ میں ہے جلد ۲ صـ ۱۷

و مرویست از حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہ گفت چون با مدینہ آمدیم پدر من ابوبکر صدیق در محلہ سنح بر حبیب بن اساف یا بر خارجہ بن زید فرود آمد روزی آنحضرت بمنزل آمد نزد آنحضرت جمعی از مردان و زنان انصار گرد آمدند تا در من گرفت و مادر مرا شانہ کرد و فرق نہاد و روی من بشست و مرا میکشید تا بدر خانہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بود رسانید نفس من بر من تنگ آمد پس لحظہ توقف کرد تا ساکن گشت و آرامی در من پیدا شد پس در آمد در خانہ دیدم کہ آنحضرت بر سریر نشستہ است مادر من مرا برد و در کنار آنحضرت نشاند و گفت یا رسول اللہ این اہل تست خدا تعالے

برکت گناہ دروی ازبرای تو ویکت کناد رتو ازبرای وی پس مردم از خانہ بیرون رفتند وحضرت بمن زفاف کرد وہیچ شتر و گوسفندی نکشتند وطعام عروسی کہ آنرا ولیمہ گویند کاسہ شیر بود کہ از خانہ سعد بن عبادہ آمدہ بود ومن در آنروز نہ سالہ بودم واز اسماء بنت عمیس مرویست کہ گفت من در روز زفاف عائشہ موجود بودم واللہ کہ درآن روز ہیچ طعام ولیمہ حاضر نبود الا قدح شیری کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم مقدارے ازان تناول فرمود بعد ازان بعائشہ داد وی شرم داشت کہ بگیرد ومن گفتم دست پیغمبر را ردمکن وبستان پس بشرم تمام آنرا گرفت ومقدارے ازان بیاشامید۔

جس سے صاف معلوم ہوا کہ حضرت اس تہیہ سے تشریف لائے تھے نہ کسی طرح کی بات چیت تھی بلکہ آپ محلہ سنح میں جو انصار کا محلہ تھا اور ابوبکر صاحب وہیں اقامت پذیر تھے۔ وہاں حضرت تشریف لائے ہیں مردان و زنان انصار سے بات چیت کر رہے ہیں کہ مادر عائشہ نے بناؤ سنگھار کر کے دوپہر کے وقت حضرت کی گود میں لاکر بٹھا دیا۔ پھر بتاؤ ایسے وقت میں کون اسکو ضبط کر سکتا ہے۔

ان واقعات سے تم خود نتیجہ نکالو کہ حضرت کو محبت تھی یا مجبوری۔

آپکو اور پہلو بھی حضرت ام المومنین حفصہ سے بھی تو بروز قیامت سامنا کرنا ہے۔ اونکے نسبت بھی جو غیرت آمیز کارروائیاں آپنے یا آپکے دوم نے کی ہے اوسکو بھی تو سن لیجئے کہ معلوم ہو آپکے خلفا کیسے باغیرت اور باحمیت تھے اور خلیفہ دو کا درجہ اول سے کسی طرح کم نہیں بلکہ دس گز زیادہ ہے بخاری صاحب اپنی صحیح میں لکھتے ہیں۔

باب عرض الانسان ابنتہ او اختہ علی اھل الخیر حدثنا عبد العزیز بن عبد اللہ حدثنا ابراھیم بن سعد عن صالح بن کیسان عن ابن شھاب قال اخبرنی سالم بن عبد اللہ انہ سمع عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنھما یحدث ان عمر بن الخطاب حین تایمت حفصہ بنت عمر من خنیس بن حذافہ السھمی وکان من اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتوفی بالمدینۃ

فقال عمر بن الخطاب اتیت عثمان بن عفان فعرضت علیہ حفصہ فقال سانظر فی امری فلبثت لیالی ثم لقینی فقال قد بدا لی ان لا تزوج یومی هذا قال عمر فلقیت ابا بکر الصدیق فقلت ان شئت زوجتک حفصہ بنت عمر فصمت ابو بکر فلم یرجع الی شیئا وکنت اوجد علیہ منی علی عثمان فلبثت لیالی ثم خطبها رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فانکحتها ایاہ فلقینی ابو بکر فقال لعلک وجدت علی حین عرضت علی حفصہ فلم ارجع الیک شیئا قال عمر قلت نعم قال ابو بکر فانہ لم یمنعنی ان ارجع الیک فیما عرضت علی الا انی کنت علمت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و لو ترکها رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبلتها۔ صفحہ ۱۵۳ جلد ۳

خلاصہ اس روایت لطیفہ کا یہ ہے کہ خلیفہ دوم کے پوتے حضرت سالم اپنے باپ حضرت عبد اللہ بن عمر سے نقل کرتے ہین کہ خود خلیفہ دوم حضرت عمر فرماتے ہین کہ جب خنیس بن حذافہ سہمی شوہر حفصہ مدینہ مین مر گیا اور حفصہ بیوہ ہو گئی تو مین خود عثمان بن عفان کے پاس گیا اور مینے اوسپر حفصہ کو پیش کیا (معلوم نہین خلیفہ صاحب حفصہ کو بھی اپنے ہمراہ پیش کشی کے واسطے لیتے گئے تھے یا محض زبانی پیش کیا تھا) بہرکیف خلیفہ صاحب فرماتے ہین کہ عثمان نے کہا کہ مین عنقریب اپنے امر مین نظر کرونگا مینے چند شب توقف کیا اسکے بعد عثمان مجھسے ملے اور کہنے لگے کہ مجھے مصلحت یہ امر معلوم ہوتا ہے کہ مین با لفعل تزوج نہ کرون خلیفہ صاحب فرماتے ہین کہ اسکے بعد مین ابو بکر کی ملاقات کو گیا اور مینے کہا کہ اگر تم چاہو تو مین تمسے حفصہ کی تزویج کر دون ابو بکر چپ ہو رہے اور مجھکو کچھ جواب نہ دیا مجھے ابو بکر پر عثمان سے زیادہ غصہ آیا مینے چند شب اور توقف کیا اور اسکے بعد رسول اللہ نے حفصہ کا خطبہ کیا مینے اونکے ساتھ اوسکا نکاح کر دیا اسکے بعد ابو بکر مجھے ملے اور کہنے لگے شاید تم اوس وقت مجھسے ناراض ہو گئے جب تمنے حفصہ کو مجھپر پیش کیا اور مینے

تمکو کچھ جواب نہ دیا میں نے کہا ہان ابوبکر کہنے لگے کہ مجھے اوس امر کے متعلق جو تم نے
پیش کیا تھا تمکو جواب دینے مین کوئی امر مانع نہ تھا سوا اسکے کہ مین جانتا تھا کہ رسول
خدا نے حفصہ کا ذکر کیا ہے اور مجھے مناسب نہ تھا کہ مین رسول خدا کا راز افشا کرون
اور اگر رسول خدا حفصہ کو چھوڑ دیتے یعنی اوس سے عقد نکرتے تو مین اوسکو قبول
کر لیتا۔ اے حضرات مخاطب ذرا آپ متوجہ ہو کر سنین کہ اس روایت شریفہ وحکایت
لطیفہ مین کیسے کیسے امور قابل التفات مندرج ہین پہلا امر تو یہی قابل غور ہے
کہ حضرت ثانی کو حضرت حفصہ کے شوہر اول کے مرتے ہی کس قدر جلد فکر اون کے
عقد ثانی کی پیدا ہوئی جسکی وجہ اگر کثرت جذبات نفسانی حضرت حفصہ نہو تو کم
سے کم خود حضرت عمر کے نان ونفقہ وغیرہ سے تنگدلی تو ضرور ہوگی اگر اس زمانہ کے
وہ حضرات اہلسنت جو متعصب ہو گئے ہین انکیلئے بیحد ونہایت کوشش کرتے ہین اس
روایت کو پیش نظر رکھکر حضرت عمر سے ذلیل قوم کی دلالت سے رہائی حاصل
کرین اور باتباع حضرت خلیفہ ثانی فعل کو قول کے مطابق کر دکھائین تو پوری
کامیابی کی امید ہے دوسرا امر جو قابل توجہ ہے وہ یہ ہے کہ حضرت عمر نے مطلقاً
شرم وحیا سے کام نلیا اور حضرت حفصہ کو باوصف کبیرۃ السن ہونیکے پہلے حضرت
عثمان پر پیش کیا اور اونکے انکار کے بعد ابوبکر پر پیش کیا جسکی وجہ علمائے اہل
سنت یہ ظاہر کرتے ہین کہ آدمی کو اپنی بیٹی کا اہل صلاح وخیر پر پیش کرنا جائز
ہے جیسا کہ بخاری کے عنوان باب سے ظاہر ہے اور ابن حجر عسقلانی اس قصہ
کی شرح مین لکھتے ہین وفیہ عرض الانسان بنتہ وغیرہا من مولیاتہ
علی من یعتقد خیرہ وصلاحہ لما فیہ من النفع العائد علی المعروضۃ
علیہا وانہ لا استحیاء فی ذلک لیکن ناظرین بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ یہ عذر کہان
تک معقول اور قابل قبول ہے اور لطیف تر یہ ہے کہ خود اسکی تحقیق حضرت
عسقلانی ہی کے بعض افادات سے ظاہر ہوتی جاتی ہے کیونکہ شارح موصوف
اسی فتح الباری مین اسی واقعہ کے متعلق ایک روایت سعید بن المسیب سے

اسقدر معقول آدمی تھے کہ حضرت عثمان کے عذر کرنے سے خفا ہو گئے حالانکہ کوئی
بات خفا ہونے کی نہ تھی اس لئے کہ حضرت عثمان نے اونکو فوراً جواب نہین دیا
بلکہ وعدہ کیا کہ مین غور کرکے جواب دونگا اور جب جواب دیا تو اچھے عنوان سے
جواب دیا اور کہا کہ مین بالفعل تزویج کا قصد نہین رکھتا ہون اور یہ نہین کہا کہ
آپکی لڑکی بوجہ ثیبہ وکبیرۃ السن ہونے کے میرے قابل نہین ہے لیکن حضرت عمر
با اینہمہ خفا ہو گئے یہ بھی ایک عجیب امر ہے کہ آدمی اپنی ثیبہ اور کبیرۃ السن لڑکی
کو خود ہی تو دوسرے شخص پر پیش کرے اور اگر وہ شخص کسی عذر معقول کے ساتھ
اوسکو جواب دیدے تو اوس سے خفا ہو جائے لیکن غالباً حضرت عمر کے خفا ہونیکی
خاص وجہ یہ ہوگی کہ وہ اپنے آپکو اتالیقی رسول خدا صلعم کے منصب پر فائز سمجھتے
تھے اور خدا کو بھی اپنا تابع سمجھتے تھے اس لئے کہ وہ معاذ اللہ اونکی رائے کے موافق
وحی نازل فرماتا تھا پس اگر ایسا شخص شرم کو بالائے طاق رکھکر کسی سے اپنی بیٹی
کے عقد کا سوال کرے اور وہ شخص اس سوال کی قدر نہ کرے اور اوسکو رد
کردے تو درحقیقت مستوجب کمال عتاب ہے چھٹا امر قابل توجہ یہ ہے کہ
حفصہ کے پیش کرنیکے متعلق حضرت عمر کے سوال کو جب حضرت ابوبکر نے قبول نہین
کیا تو وہ اور بھی زیادہ خفا ہوئے جیسا کہ خود کہتے ہین وکنت اوجد علیہ منی
علی عثمان یعنی مین ابوبکر پر بہ نسبت عثمان کے زیادہ تر غضبناک ہوا اسکی توجیہ
مین عسقلانی شارح بخاری نے جو کچھ لکھا ہے وہ قابل دیکھنے کے ہے لکھتے ہین
قولہ وکنت اوجد علیہ ای اشد موجدۃ ای غضبا علی ابی بکر من
غضبی علی عثمان وذلک لامرین احدھما ما کان بینہما من اکید
المودۃ ولان النبی کان اخی بینہما واما عثمان فلعلہ کان تقدم من
عمر ردہ فلم یعتب علیہ حیث لم یجبہ لما سبق منہ فی حقہ و
الثانی لکون عثمان اجابہ اولا ثم اعتذر لہ ثانیا ولکون ابی بکر لم یعد
علیہ جوابا خلاصہ اسکا یہ ہے کہ عسقلانی صاحب فرماتے ہین کہ حضرت عمر کا حضرت

ابوبکر پر زیادہ غضبناک ہونا دو امرون کی وجہ سے ہوا ایک تو یہ کہ عمر و ابوبکر مین
نہایت گہری دوستی تھی اور اس سلئے کہ آنحضرتؐ نے ان دونون کے درمیان
مواخات بھی کردی تھی (یعنی ایسی حالت مین حضرت ابوبکر کا اپنے ایسے گہرے
دوست اور بھائی کی بیٹی کو قبول نکرنا نہایت باعث غضب ہے) لیکن عثمان
پس شاید عمر نے پہلے عثمان کو رد کردیا ہو (یعنے شاید عثمان نے پہلے خود عمر سے حفصہ کا
خطبہ کیا ہو اور عمر صاحب نے عثمان کو رد کردیا ہو) پس عثمان نے عرض عمر کو جب قبول
نہ کیا تو عمر نے اونپر عتاب نہین کیا اسلئے کہ سابقاً خود حضرت عمر ایسا ہی کر چکے تھے۔
(یعنی چونکہ پہلے عمر نے عثمان کا کہنا نہ مانا تھا اسلئے جب عثمان نے عمر کا کہنا نہ مانا تو عتاب
کا موقع نہ رہا) اور دوسرے وجہ شدت غضب کی یہ ہے کہ عثمان نے پہلے تو عمر کا
کہنا مان لیا اور کہا مین غور کرونگا پھر عذر کردیا اور ابوبکر نے عمر کو کچھ جواب ہی نہ دیا۔
(یعنی چونکہ عثمان نے حضرت عمر کی اتنی مراعات کی کہ جواب دیدیا اور عذر معقول کیا
اور ابوبکر نے حضرت عمر کو قابل جواب بھی نہ سمجھا اس وجہ سے حضرت عمر اون سے
بہت خفا ہو گئے لیکن اس افادۂ حضرت عسقلانی مین فی الجملہ تامل ہے اسلئے
کہ حضرت عسقلانی کا یہ فرمانا کہ عمر نے عثمان پر عتاب نہین کیا اگر مراد اس سے یہ ہے
کہ حضرت عمر نے اپنی غلظت و فظاظت سے کام نیکر اونکو برا بھلا نہین کہا اور روبرو
سب وشتم کے مرتکب نہین ہوئے تو خیر اور اگر مقصود یہ ہے کہ اونکو عثمان کا جواب
صاف دینا اور حفصہ کو باوصف عرض قبول نکرنا برا نہین معلوم ہوا اور وہ اس سے
غضبناک نہین ہوئے تو یہ امر بالکل غلط ہے کیونکہ وہ خود کہہ رہے ہین وکنت
اوجد منی علی عثمان یعنی مین ابوبکر پر عثمان سے زیادہ غضبناک ہوا جس سے
صاف ظاہر ہوا کہ وہ عثمان پر ضرور غضبناک ہوے لیکن یہ اور بات ہے کہ حضرت
ابوبکر پر اونکے غیظ کا تھرمامیٹر بدرجات عدیدہ مترقی ہوگیا ساتوان امر قابل غور
یہ ہے کہ حضرت عمر اور حضرت ابوبکر مین اس واقعہ سے ایسی کشیدگی ہوگئی کہ

تو اونکو لازم تھا کہ جب حضرت عمر نے حفصہ کو اذن پر عرض کیا ہے تو اوس وقت کم سے کم ایک جواب شافی دیدیتیں اور حضرت عمر کو واجد سے اوجد نہ بتاتے اوس وقت بالکل خاموشی اور اس وقت معذرت میں یہ شاعرانہ لسانی دونون امر قابل دید و لائق شنید ہیں بالجملہ اس واقعہ سے اگرچہ عند الامعان دونون صاحبون کی حیاداری بخوبی ظاہر ہوتی ہے لیکن حضرت ثانی کا نمبر اول سے بمراتب عدیدہ اول نظر آتا ہے فاعتبروا یا اولی الابصار۔

دوسرا واقعہ حسن نیت دوسرے خلیفہ صاحب کی حیاداری واقعہ سابقہ سے زیادہ تر ظاہر ہوتی ہے اور سننے اور سمجھنے کے قابل ہے کہ حضرت حفصہ کے بارے میں اونھون نے اپنے عہد خلافت مین کس درجہ شرم و حیا سے کام لیا ہے جلال الدین سیوطی تاریخ الخلفاء مین ذکر اجتہادات و قضایاے عمر مین تحریر کرتے ہین اخرج عن جریج قال اخبرنی من اصدق ان عمر بینا ھو یطوف فسمع امرءۃ تقول ۔ تطاول ھذا اللیل واسود جانبہ ۔ وارقنی ان لا خلیل الاعبہ ۔ فلولا حذار اللہ لا شیء مثلہ ۔ لزعزع من ھذا السریر جوانبہ ۔ فقال عمر ومالک قالت اغربت زوجی منذ اشھر وقد اشتقت الیہ قال اردت سوءا قالت معاذ اللہ قال فاملکی علیک نفسک فانما ھو البرید الیہ فبعث الیہ ثم دخل علی حفصۃ فقال انی سائلک عن امر قد اھمنی فافرجیہ عنی کم تشتاق المرأۃ الی زوجھا فخفضت راسھا واستحیت ۔

قال فان اللہ لا یستحیی من الحق فاشارت بیدھا ثلثۃ اشھر والا فاربعۃ اشھر فکتب عمر ان لا تحبس الجیوش فوق اربعۃ اشھر ۔ محصل اس روایت کا یہ ہے کہ حضرت عمر ایک شب گشت لگا رہے تھے کہ اونھون نے سنا ایک عورت دو شعر پڑھ رہی ہے جنکا حاصل یہ ہے کہ یہ شب دراز ہوگئی اور اوسکا کنارہ سیاہ ہوگیا۔ اور مجھکو اس امر نے جگا رکھا ہے کہ کوئی میرا ایسا دوست نہین ہے کہ جس سے میں ملاعبت کرون پس اگر خوف نہوتا اوس خدا کا جسکی مثل کوئی چیز نہین ہے تو ضرور اطراف اس تخت کی جس مین موجود ہون ہلتی ہوئی ہوتی مراد یہ ہے کہ مین کسی دوست کو بلا کر اوس سے مشغول مباشرت ہوتی حضرت عمر نے یہ شعر سنا

تو اوس عورت سے فرمایا کہ تیرا کیا حال ہے اوسنے کہا کہ بیتنے میرے شوہر کو چند ماہ سے
لڑائی پر بھیجا ہے اور مجھے اوسکا اشتیاق ہے حضرت عمر نے کہا کیا تیرا ارادہ کسی امر بد کا ہے اوسنے
معاذ اللہ حضرت عمر نے کہا اپنے نفس کو روکے رہ تیرے شوہر کے آنے مین صرف اتنی دیر ہوگی کہ
قاصد اوس تک پہونچے بعد اسکے قاصد اوس عورت کے شوہر پاس روانہ کیا اور اسکے بعد
حضرت عمر اپنی بیٹی حضرت حفصہ پاس آئے اور اون سے فرمایا کہ مین تمسے ایک امر دریافت
کرتا ہون جس نے مجھے رنج مین ڈالا ہے اور اوس امر کو تم مجھسے کھول دو بتاؤ کہ عورت اپنے شوہر
کی طرف کتنے دنون مین مشتاق ہوتی ہے حضرت حفصہ نے سر اپنا جھکالیا اور شرما گئین مگر خلیفہ
صاحب نے جملہ فان اللہ لا یستحی من الحق اپنی زبان پر جاری کر کے اونکو بتانے پر مجبور کیا
آخرکار اونھون نے ہاتھ کے اشارے سے بتایا کہ تین مہینے نہین چار مہینے اسکے بعد حضرت عمر نے
یہ لکھ بھیجا کہ لشکر چار مہینہ سے زیادہ کسی مقام پر نہ روکی جائین۔ کیون مخاطب صاحب کچھ سنا
آپنے کہ آپکے خلیفہ صاحب نے جوش عدل تقدیری دکھانے مین کیا غضب کیا دیکھئے بیحیائی اسکو
کہتے ہین کہ کیسے امر شنیع کا سوال اپنی بیٹی سے کیا اور قطع نظر دختر ہونے کے اسکا بھی خیال نہ کیا کہ
یہ تو زوجہ رسول ہین اور میری مان ہین کیا اونکو کسی اور ذریعہ سے عورت کے اشتیاق کا زمانہ
نہین معلوم ہوسکتا تھا کہ یہ بیحیائی اختیار کی اور مطلقاً نہ خیال کیا کہ ایسے امر شنیع کا اپنی بیٹی سے
کہ جو زوجہ رسول ہے دریافت کرنا علاوہ بیحیائی کے حد درجہ کی توہین رسول صلی اللہ علیہ و آلہ
وسلم ہے شاید وجہ اسکی یہ ہوگی کہ کسی اور عورت کو وہ معتبر نہ سمجھتے ہونگے یا یہ خیال کیا ہوگا کہ اگر
کسی اور عورت سے پوچھونگا تو کہین وہ مار نہ بیٹھے یا برا بھلا نہ کہے یا اوسکے عزیز و اقارب درپے
انتقام نہون اور چونکہ حضرت حفصہ زوجہ رسول خدا صلعم ہین اور قبل رسول خدا صلعم کے ایک
اور شخص کے حبالۂ عقد مین رہی ہین اور ہر طرح کا تجربہ انکو ہوچکا ہے لہذا انھین سے اس عقدہ
لاینحل کا حل کرنا ٹھیک ہے اور چونکہ خود میری بیٹی ہین تو کیا مجال ہے کہ حقیقت حال نہ
بتائین یا کچھ حیلہ حوالہ کرین اگر فی الجملہ تامل بھی کرینگی تو مین اونکی فرار واقعی مرمت کرسکتا
ہون۔

افسوس یہ ہے کہ اختصار مانع ہے جس سے زیادہ (خیال) کچھ ہم نہین لکھ سکتے ورنہ صدہا واقعات لکھ

سکتے تھے جس سے معلوم ہوتا کہ آپ حضرات نے خود رسول اللہ کے نسبت کیسے کیسے مغیرتیان بنا رکھی ہین اور آپکی ام المومنین نے کیا کیا حیاسوز کام کیا ہے کہ چمار وچوہڑ کی عورتین بھی ان باتون کو زبان پر نہین لاسکتین چہ جائیکہ ام المومنین ہوکر ایسے واقعات بیان کرین بخاری صاحب اپنی صحیح مین تحریر کرتے ہین حدثنا سلیمان بن حرب عن شعبہ عن الحکم عن ابراھیم عن الاسود عن عائشہ کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقبل ویباشر وھو صائم وکان املککم لاربہ اس روایت کا حاصل یہ ہے کہ آنحضرت صلعم بوسے لیا کرتے تھے اور مباشرت کیا کرتے تھے حالت صوم مین اور اپنے عضو خاص کو تم سب سے روکے رہتے تھے۔ اصل روایت مین لفظ ارب جو ہے اوسکے معنی عضو کے ہین اور قسطلانی شارح بخاری نے تصریح کردی ہے کہ مراد حضرت عائشہ کی ارب سے خاص ذکر ہے چنانچہ لاربہ کی شرح مین لکھتے ہین ای عضوہ وعنت الذکر خاصۃ للقرینۃ الدالۃ علیہ کیون حضرت مخاطب سنا آپنے کہ حضرت عائشہ کیا فرماتی ہین ایسی باتین اگر زوجہ اپنے شوہر کے بیان کرے تو کیا کسی دوسری بیوی کے ساتھ کے حالات پر محمول ہونگے ہرگز نہین بلکہ اوسی کے حالات سب سمجھے جائینگے پس بخوبی ظاہر ہوا ہے کہ حضرت عائشہ نے آنحضرت کا بوسے لینا اور مباشرت کرنا اور عضو خاص کو روکے رہنا سب اپنی ہی نسبت بیان کیا ہے اور اوس مین کچھ شک نہین مگر غالباً ان سب باتون کے ذکر کو آپ خلاف حیا سمجھتے ہونگے اب آپ ایک اور حدیث بخاری کی سنئیے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عائشہ ایسے حالات بیان کرکے خود ہنس بھی دیا کرتی تھین تاکہ معلوم ہوجائے کہ یہ حالات آنحضرت کے اونھین کے ساتھ گذرے ہین بخاری صاحب صحیح مین لکھتے ہین حدثنا محمد بن المثنی ثنا یحیی عن ھشام اخبرنی ابی عن عائشہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ح وحدثنا عبداللہ بن مسلمہ عن مالک عن ھشام قالت ان کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیقبل بعض ازواجہ وھو صائم ثم ضحکت۔ حاصل اس روایت کا یہ ہے کہ عائشہ نے کہا کہ آنحضرت صلعم اپنی بعض ازواج کے بوسے لیا کرتے تھے درحالیکہ وہ صائم ہوتے تھے بعد اسکے حضرت عائشہ ہنسنے لگین اگرچہ ہر صاحب شعور خود ہی اس کرشمہ و ادا سے بخوبی سمجھ جائیگا کہ مقصود حضرت عائشہ کا اس خندہ ناز آلودہ سے

یہ تھا اونکا مخاطب جس سے اونھون نے یہ حدیث بیان کی تھی سمجھے کہ مصداق بعض ازواج کا
خود حضرت عائشہ ہی ہین اور اُن مخدرہ نے کمال حیا سے خود اپنے ہی بوسونکا ذکر در پردہ کیا ہے
اور اس بارہ مین کنایہ سے جو ابلغ من التصریح ہے کام لیا ہے لیکن بحمد اللہ بعض شراح بخاری نے
بھی اس امر کو واضح کر دیا اور اس پردہ کو اوٹھا دیا اور اس ہنسی کی بعض ایسی خاص تاویلین بیان
کین کہ جنکے سننے سے بے اختیار ہنسی آتی ہے چنانچہ کرمانی اپنی شرح مین لکھتے ہین قیل
کان ضحکھا تنبیھا علی انھا صاحبۃ القضیۃ فیکون ابلغ فی الثقۃ وقیل
ضحکت سرورا بتذکر مکانھا من رسول اللہ صلعم وحالھا معہ۔ حاصل
یہ ہے کہ کہا گیا کہ حضرت عائشہ کے ہنسنے کی وجہ یہ تھی کہ تنبیہ ہو جائے کہ اس حدیث مین صاحب
قضیہ وہی ہین یعنی اونھین کے بوسے آنحضرت لیا کرتے تھے تاکہ سننے والیکو اون کی اس حدیث
پر زیادہ اعتماد ہو۔ یعنی اسلئے کہ وہ اپنی بیتی کہہ رہی ہین نہ کسی اور کی بیتی اور کہا گیا ہے
کہ وہ اسلئے ہنسین کہ اون کو سرور ہوا یاد کر کے اوس منزلت کو جو اون کو آنحضرت کی جناب
مین حاصل تھی اور اوس حالت کو یاد کر کے جو اون جناب کے ساتھ اونکو تھی یعنی اون کو
ہنسی اس امر پر آئی کہ وہ اس درجہ حضرت کو محبوب تھین کہ آنحضرت حالت صوم مین
بھی اونکے بوسے لینے سے باز نہ آتے تھے۔ اور میرے خیال مین احتمال اول کرمانی کا
زیادہ قابل اعتماد ہے کیونکہ حضرت عائشہ مجتہدہ تھین اون کو اس ہنسنے سے یہی مقصود ہوگا
کہ لوگ سمجھ جائین یہ واقعہ اونھین کا ہے اور ضرور قابل اعتماد ہے اور لائق اتباع ہے۔
اور بحمد اللہ یہ مطلوب حضرت عائشہ کا تھا وہ حاصل بھی ہو گیا تھا کیونکہ قسطلانی نے
اسی حدیث کی شرح مین لکھا وقد روی ابن ابی شیبۃ عن شریک عن ہشام
فضحکت فظننا انھا ھی یعنی ابن ابی شیبہ کی روایت مین یہ وارد ہے کہ ذکر
کے بعد عائشہ ہنسین اور ہم سمجھ گئے کہ وہی ہین۔ اور واضح رہے کہ یہ حالت حضرت عائشہ
کی کہ ان حالات خاصہ خلوت کو بشرح بیان کرین اور اونکی اپنے نسبت واقع
ہونے مین کنایہ و اشارہ سے کام لین یا ہنس کر سمجھا دین صرف بعض اوقات کے
ساتھ خاص تھی لیکن بعض اوقات آپ بالکل مخلی بالطبع ہو جاتی تھین اور بصراحت

مردون کو اس امر سے آگاہ فرماتی تھین کہ یہ حالات آنحضرت صلعم سے خاص آپکے ساتھ ظاہر ہوتے تھے چنانچہ امر مباشرت کی بہ نسبت ابو میسرہ سے آپنے صراحتاً بیان فرمایا ہے کہ آنحضرت حالت صوم مین مجھسے مباشرت کرتے تھے اور تم سب سے زیادہ اپنے عضو خاص کو روکتے تھے جیسا صحیح ترمذی باب مین منقول ہے۔ باب ما جاء فی مباشرة الصائم حدثنا ابن ابی عمر نا وکیع نا اسرائیل عن ابی اسحق عن ابی میسرة عن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یباشرنی وهو صائم وکان املککم لاربه۔ اور اس روایت سے تو حضرت عائشہ نے بیان مباشرت کے متعلق یہان تک مبالغہ فرمایا ہے کہ آنحضرت اون سے حالت حیض مین بھی مباشرت فرماتے تھے اور علاوہ اسکے بعض اور عجیب عجیب باتین بیان کی ہین چنانچہ صحیح بخاری مین مرقوم ہے باب مباشرة الحائض حدثنا قبیصة قال حدثنا سفین عن منصور عن ابراهیم عن الاسود عن عائشة قالت کنت اغتسل انا والنبی صلی الله علیه وسلم من اناء واحد کلانا جنب وکان یامرنی فاتزر فیباشرنی وانا حائض وکان یخرج راسه الی وهو معتکف فاغسله وانا حائض۔ حاصل اس روایت کا یہ ہے کہ حضرت عائشہ فرماتی ہین کہ مین اور آنحضرت ساتھ ساتھ ایک ہی ظرف سے نہاتے تھے اور حالانکہ ہم دونون جنب ہوتے تھے اور وہ حضرت مجھکو حکم دیتے تھے پس مین لنگی باندھ لیتی تھی اسکے بعد حضرت مجھسے حالت حیض مین مباشرت کرتے تھے اور حالت اعتکاف مین آن حضرت اپنا سر میری طرف نکالتے تھے پس مین آنحضرت کا سر حالت حیض مین دھویا کرتی تھی اور قریب اسکے اور ایک روایت اسی مضمون کی صحیح بخاری مین موجود ہے جس مین حضرت عائشہ نے اسود سے بھی آنحضرت کی عضو خاص کا ذکر فرمایا ہے اور یہ ارشاد کیا ہے وایکم یملک اربه کما کان النبی صلی الله علیه وسلم یملک اربه کون تم مین ہے جو اپنے عضو کو روک سکتا ہے جس طرح حضرت اسکو روکے رہتے تھے اور بوسہ لینے کے بارہ مین بھی آپنے اسی طرح کی صراحت سے کام لیا ہے چنانچہ صحیح مسلم مین ہے حدثنا ابوبکر بن ابی شیبة نا علی بن مسهر عن عبید الله بن عمر عن القاسم …

عائشہ رضی اللہ عنہا قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقبلنی
وھو صائم وایکم یملک اربہ کما کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یملک
اربہ۔ حاصل اس حدیث کا یہ ہے کہ حضرت عائشہ نے ابی قاسم سے اس طرح ارشاد فرمایا
کہ آنحضرت صلعم حالت صوم مین میرے بوسے لیتے تھے اور تم مین کون اپنے عضو خاص کو روک
سکتا ہے اوس طرح کہ جس طرح وہ حضرت اوسکو روکے رہتے تھے اور علاوہ قاسم کے عروہ سے
بھی آپنے اس راز سربستہ کو بیان کردیا ہے چنانچہ مسلم نے اپنی صحیح مین لکھا ہے حدثنا
ابوبکر ابن ابی شیبہ ثنا الحسن بن موسی ثنا شیبان عن یحیی بن
ابی کثیر عن ابی سلمۃ ان عمر بن عبد العزیز اخبرہ ان عروۃ بن الزبیر
اخبرہ ان عائشۃ ام المومنین رضی اللہ عنہا اخبرتہ ان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کان یقبلھا وھو صائم۔ حاصل اس حدیث کا یہ ہے
کہ حضرت عائشہ ام المومنین رضی اللہ عنہا نے عروہ کو خبر دی کہ آنحضرت حالت صوم مین
اون کے بوسے لیا کرتے تھے اور علاوہ قاسم وعروہ کے طلحہ بن عبد اللہ بن عثمان قرشی سے
بھی آپنے بصراحت بیان کیا ہے کہ حضرت صلعم حالت صوم مین اون کے بوسے لیا کرتے تھے چنانچہ
سنن ابو داؤد مین مرقوم ہے حدثنا محمد بن کثیر انا سفین عن سعد بن
ابراھیم عن طلحہ بن عبد اللہ یعنی ابن عثمان القرشی عن عائشہ
قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقبلنی وھو صائم وانا صائمۃ
اور بعض اوقات تو حضرت عائشہ نے بوسہ لینے کی حالت کو اس انداز سے بیان کیا ہے
غالباً سامع کی نظر مین تصویر اس واقعہ کی پھر گئی ہوگی چنانچہ قسطلانی نے مواہب مین
لکھا ہے۔ وروی النسائی عنہا قالت اھوی الی النبی صلی اللہ علیہ
وسلم لیقبلنی فقلت انی صائمۃ فقال وانا صائم فقبلنی۔ حاصل ترجمہ
اس روایت کا یہ ہے کہ حضرت عائشہ فرماتی ہین آنحضرت میری طرف جھکے کہ میرا بوسہ لین
مینے کہا کہ مین روزے سے ہون آنحضرت نے ارشاد فرمایا کہ مین بھی روزے سے ہون (مراد
حضرت کی یہ ہوگی کہ تم صوم کو اس امر خیر کا کیون مانع سمجھتی ہو کیا مین صوم سے نہین ہون

اور مجھے اپنے روزے کا خیال نہین) بہرکیف حضرت عائشہ فرماتی ہین کہ بعد اس ارشاد
کے حضرت نے میرا بوسہ لے ہی لیا۔ اور اس سے بھی زیادہ تر لطیف یہ امر ہے کہ حضرت
عائشہ نے آنحضرت کا حالت صوم مین علاوہ بوسے لینے کے اون کی زبان چوسنا بھی بعض
مردون سے بیان کیا ہے اور اونکو اس واقعہ سے آگاہ فرماکر حظ کافی و وافی بخشا ہے چنانچہ
سنن ابوداؤد مین مرقوم ہے باب الصائم یبلغ الریق حدثنا محمد بن عیسی نا
محمد بن دینار نا سعد بن اوس العبدی عن مصدع ابی یحیی عن عائشہ
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یقبلها وهو صائم و یمص لسانها
حاصل اس روایت کا یہ ہے کہ حضرت عائشہ نے مصدع سے بیان کیا کہ جناب رسالتمآب
صلی اللہ علیہ وسلم حالت صوم مین اونکے بوسے لیا کرتے تھے اور اونکی زبان چوستے تھے
اور حضرت عائشہ کو یہ فعل آنحضرت کا اس وجہ مرغوب تھا اور اسقدر اونکو اس کی
چاٹ پڑگئی تھی کہ اونھون نے قریب وفات جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک یہی
چاہا کہ خود بھی اس نعمت سے محروم نہ ہین اور آنحضرت کو بھی اس نعمت سے محظوظ فرمائین
چنانچہ اس خواہش کے جوش مین اونھون نے ایک نئی ترکیب ایجاد کی اور اوس وقت
نازک مین بذریعہ مسواک اپنا لعاب دہن حضرت کے دہن مبارک تک پہونچایا اور بمفاد
اما بنعمة ربك فحدث خود ہی اس بامزہ واقعہ کا حیرت افزا حال ابوعمرو ذکوان سے
کہہ سنایا صحیح بخاری مین مرقوم ہے حدثنی محمد بن عبید قال حدثنا عیسی
بن یونس عن عمر بن سعید قال اخبرنی ابن ابی ملیکة ان ابا عمرو
ذکوان مولی عائشة اخبره ان عائشة کانت تقول ان من نعم اللہ علی
ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم توفی فی بیتی وفی یومی وبین سحری
ونحری وان اللہ جمع بین ریقی وریقه عند موته دخل علی عبدالرحمن
وبیده السواک وانا مسندة رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرایته ینظر
الیه وعرفت انه یحب السواک فقلت آخذه لک فاشار براسه ان نعم
فتناولته فاشتد علیه وقلت الینه لک فاشار براسه ان نعم فلینته

ذمرّة بين يديه ركوة او عُلبة يشك عمر فيها ماء فجعل يدخل يديه في الماء فيمسح بهما وجهه يقول لا اله الا الله ان للموت سكرات ثم نصب يده فجعل يقول في الرفيق الاعلى حتى قبض ومالت يده۔ اس روایت کا حاصل یہ ہے کہ حضرت عائشہ فرماتی تھیں کہ نعمت ہائے خداوند عالم سے مجھ پر یہ ہے کہ رسولخدا صلعم نے میرے گھر مین اور میرے دن مین اور میرے کلیجے اور میرے سینے کے درمیان وفات پائی اور یہ تھی کہ خدا نے جمع کیا میرا لعاب دہن اور اونکا لعاب دہن اون کی موت کے قریب اس طرح کہ عبد الرحمن میرے پاس آیا اور اوسکے ہاتھ مین سواک تھی اور مین آنحضرت کو اپنے سینہ سے لگائے بیٹھی تھی مینے دیکھا کہ آنحضرت اوسکی طرف دیکھ رہے ہین اور مجھے معلوم ہوا کہ آنحضرت مسواک چاہتے ہین مینے مسواک لیکر حضرت کو دی وہ مسواک حضرت کو سخت معلوم ہوئی مینے کہا مین اس مسواک کو نرم کردون آنحضرت نے سر کے اشارے سے فرمایا ہان مین نے اوسکو چبا کر نرم کردیا حضرت نے وہ مسواک اپنے دہن مین پھیری آنحضرت کے سامنے تھوڑے کی ڈونچی یا ایک کاسہ چوبی مین پانی رکھا تھا حضرت اپنے دونون ہاتھ اوس مین ڈبو کر اپنے منہ پر پھیرتے تھے اور کہتے تھے لا الہ الا اللہ تحقیق کہ موت کی بہت سکرات ہوتے ہین تا اینکہ آپکی روح قبض ہوگئی اور ہاتھ کج ہوگیا۔

اور اس واقعہ کو حضرت عائشہ نے اپنے مقام فخر دناز مین علاوہ ابوعمرو ذکوان کے عروہ بن الزبیر اور ابن ابی ملیکہ سے بھی بیان کیا ہے اور یہ دونون روایتین بھی صحیح بخاری مین اسی روایت کے بعد موجود ہین اس سے زیادہ تر قابل حیرت یہ ہے کہ حضرت عائشہ بعض اور معاملات خفیہ خلوت کہ بوس وکنار وغیرہ مص لسان وغیرہ سے بھی زیادہ نازک ہین اونکو بھی مردون سے بیان فرمایا کرتی تھین گرچہ نفی ہی کے پیرایہ مین سہی چنانچہ شمائل ترمذی مین مرقوم ہے حدثنا محمود بن غیلان حدثنا وکیع حدثنا سفیان عن منصور عن موسی بن عبداللہ بن یزید الخطمی عن مولی لعائشة قال قالت عائشة ما نظرت الی فرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او قالت ما رایت فرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قط۔

حاصل اس روایت کا یہ ہے کہ ایک غلام حضرت عائشہ کا بیان کرتا ہے کہ حضرت عائشہ نے
فرمایا کہ مینے کبھی آن حضرت کے شرمگاہ کی طرف نظر نہین کی یا آنحضرت کی شرمگاہ کبھی نہین دیکھی
اے حضرت مخاطب سنا آپنے کہ آپکی مادر گرامی کس مضمون لطیف نازک کو کیسے پیرایہ
مین بیان فرما رہی ہین۔ دیکھئے فصاحت اسکو کہتے ہین بلاغت اسکا نام ہے حسن ادب یہ ہے
حیا ایسی ہوتی ہے بھلا بیچاری حضرت ام سلمہ کو کہان یہ باتین نصیب تھین انھون نے
تو آپکے شیخین کی جسارت کے جواب مین صرف اتنا کہا تھا ما هو الا كسائر الرجال یعنی آنحضرت
بھی مثل سائر مردون کے ہین مگر ان کے اتنے سے کلام پر آپ زیادہ برافروختہ ہو گئے ہین لیکن
عام لوگون کی بی بیان غیر مردون کو ایسی باتون کا جواب دے سکتی ہین جو ام سلمہ نے دیا۔ مگر آپکو یہ
نہ معلوم تھا کہ عام لوگون کی بی بیون کا کیا ذکر ہے خاص ازواج رسول مین جو سب سے زیادہ آپکے
نزدیک افضل و افقہ و مجتہدہ بلکہ علامہ ہین اونھون نے ایسی ایسی باتین غیر مردون سے
بلا سوال و بلا ضرورت بیان کی ہین کہ جنکا ذکر شاید ادنی عورتین بھی مردون سے شرم کرتی ہونگی
گو دفعاً سب کچھ کر گذرتی ہون مجھکو سخت حیرت ہے کہ حضرت عائشہ کو اس بیان کی کیا
ضرورت تھی اگر کہئے کہ اونھون نے اس نظر خاص کی نفی اس نظر سے کی کہ اپنی شرم و حیا کا
اثبات فرمائین تو یہ امر دیگر ہے ہر عاقل بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ اس نظر خاص کا وقوع جسکی نفی
کی حضرت عائشہ در پے ہین چندان منافی حیا نہین ہے مگر اسکا ذکر ضرور خلاف حیا و شرم ہے
خصوصاً عورتون کیلئے اور وہ بھی غیر مردون سے مگر آفرین ہے اس جسارت پر آپکی مادر
گرامی کے کہ کس بے تکلفی اور صراحت سے اس امر کو اونھون نے اپنے غلام خاص سے بیان
کیا ہے این کار از تو آید و مردان چنین کنند۔ اور یہ نہ خیال کیا جائے کہ حضرت عائشہ نے اس امر
مخفی کو بالخصوص اپنے غلام خاص سے بیان کیا ہے اور کسی سے اسکا ذکر نہین کیا نہین ایسا
نہین ہے بلکہ آپنے یہ مضمون لطیف مع شئی زائد ابن عباس سے بھی بیان فرمایا ہے چنانچہ
علی قاری نے شرح شمائل مین لکھا ہے وروی ابو صالح عن ابن عباس قال
قالت عائشة ما اتى رسول الله احد من نسائه الا مقنعا يرخي الثوب
على راسه وما رايت من رسول الله صلعم ولا راى منى اور دہ ابن

الجوزی نے کتاب الوفاء نقلاً عن [illegible] اس میں ہے کہ ابن عباس کہتے ہین کہ عائشہ نے کہا آنحضرت کسی عورت سے مقاربت نہین کرتے تھے مگر اس حالت مین کہ مقنعہ باندھے ہوئے تھے اور کپڑا اپنے سر پر ڈال لیتے تھے اور نہ دیکھا آنحضرت سے مینے اور نہ آن حضرت نے مجھسے دیکھی مراد یہ ہے کہ نہ مینے آنحضرت کی فرج کو دیکھا اور نہ آن حضرت نے میری فرج کو دیکھا۔ اس حدیث مین حضرت عائشہ نے پہلے تو عموماً حضرت کی وہ حالت جو وقت مقاربت ہوتی تھی ابن عباس سے بیان کی ہے بعد اسکے آنحضرت کی فرج کو خود نہ دیکھنا بیان کیا ہے اور ساتھ ہی آن حضرت کا اون کی فرج کو نہ دیکھنا بھی بیان کیا ہے مگر لفظ فرج کو دونون مقام سے ساقط کردیا ہے لیکن علمائے اہلسنت نے تصریح کردی ہے کہ اس حدیث مین مراد حضرت عائشہ کی فرج ہے چنانچہ علامہ مناوی نے شرح شمائل مین حدیث سابق کی شرح مین لکھا ہے یوید ہ روایۃ ما رأیت منہ ولا رای منی تعنی الفرج پس ظاہر ہوا کہ اسقاط لفظ فرج اس مقام مخصوص مین کچھ ما نحن فیہ کیلئے مضر نہین ہے۔

اب ہم اس داستان فرح فزا کو یہان تمام کرکے پشاوری صاحب سے پوچھتے ہین سچ بتایئے بیغیرتی ان واقعات مین ہے یا اسمین جو جناب امیرؑ و جناب سیدہؑ سے معاملہ فدک مین واقع ہوا کہ جناب سیدہؑ نے دامن عمر کو پکڑ کر جھٹکا دیا اور فرمایا کہ اگر اسکا خیال نہ ہوتا کہ ناحق ناکردہ گناہ مبتلائے عذاب ہوگا تو ہم بددعا کرتے اور تو اسکا نتیجہ دیکھتا۔

یہ خیال آپکا محض غلط ہے کہ جس وقت جناب سیدہ سے یہ گفتگو ہو رہی تھی اوس وقت جناب امیر گھر مین چھپکر بیٹھے تھے کیونکہ ہم پہلے بیان کرآئے ہین یہ واقعہ اوس وقت کا ہے جبکہ عمر نے اوس نوشتہ کو چاک کیا تھا جسے ابوبکر نے واگذاشت فدک کے متعلق لکھا تھا ملاحظہ ہو صفحہ [illegible] رسالہ ہذا۔

اور یہ واقعہ غالباً اندرون خانہ ابوبکر ہوا کیونکہ ہر گز کبھی جو جاگیر دی تھی اوسکا نوشتہ ابوبکر نے اندرون خانہ ہی لکھا تھا جسپر عمر صاحب پہونچ گئے اور ابوبکر نے اوسکو بستر کے نیچے چھپا دیا ملاحظہ ہو صفحہ [illegible] رسالہ ہذا۔

لہذا اس واقعہ کا علم ہونا بھی جناب امیرؑ کو ثابت نہین ہو سکتا جسکا قرینہ یہی ہے کہ روایت حق الیقین

سے آپنے نقل کیا کہ جب جناب سیدہ گھر مین تشریف لائین تو خطاب ہائے غضب آمیز و درشت
بابید اوصیا نمود پھر ایسی حالت مین جناب امیر پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے جسکی نہ حضرت کو
نہ خبر ہو نہ اطلاع۔

حالانکہ اگر اطلاع و خبر بھی ہوتی تو آپ کیا کر سکتے تھے کیونکہ حسب روایت اہلسنت آپکی
زندگی۔ وجود۔ اگر دنیا مین باقی تھا تو جناب سیدہ کی بدولت پھر آپ کیا مدد کر سکتے تھے
دیکھئے صحیح مسلم مین ہے صفحہ ۹۱ جلد ۲

وکان لعلی من الناس وجہ حیاۃ فاطمۃ فلما توفیت استنکر علی وجوہ الناس فالتمس
مصالحۃ ابی بکر ومبایعتہ ولم یکن یبایع تلک الاشہر۔

یعنی حیات جناب سیدہ سے آبرو تھی جناب امیر کی جب حضرت نے انتقال کیا تو سب کے منہ
حضرت سے پھر گئے جس سے جناب امیر مجبور ہوے کہ ابوبکر سے صلح کرین اور ابھی تک ان مہینون
مین بیعت نہین کی تھی۔

اور آپ کتاب الامامۃ والسیاسۃ مین پڑھتے ہین کہ عمر کہہ رہے ہین علم و فقال لا اکرھہ
علی شئی ما کانت فاطمۃ الی جنبہ صفحہ ۱۲ رسالہ ۱

یعنی ابوبکر کہتے ہین کہ جبتک جناب سیدہ آپکے پہلو مین زندہ ہین ہم کسی امر پر مجبور نہین کر سکتے
پس آپ ہی فرمائیے کہ جب جناب امیر محض اس وجہ سے زندہ چھوڑ دئے گئے کہ جناب سیدہ ابھی
زندہ ہین تو وہ کیا مدد کر سکتے تھے۔

آپ لکھتے ہین کہ او حضرت زہرا حضرت علی مرتضی کو کہین کہ مثل جنان در رحم نشستہ"
اقول اگر معلوم نہین ہمین آپنے اعتراض کیا تھا لاکیونکہ خود خداوند عالم آنحضرت کی نسبت
فرماتا ہے لئن اشرکت لیحبطن عملک ولتکونن من الخاسرین۔ اگر شرک کروگے
تو ضرور وہ تمھارا عمل حبط کریگا اور ہو جاوگے تم زیان کارون سے پھر سورہ الحاقہ مین فرماتا ہے
ولو تقول علینا بعض الاقاویل لاخذنا منہ بالیمین ثم لقطعنا منہ الوتین فما
منکم من احد عنہ حاجزین اگر رسول ہمارے نسبت کوئی جھوٹ بنا لائے تو ہم اوسکا
داہنا ہاتھ پکڑ لیتے اور رگ گردن اوسکی کاٹ دیتے پھر تملوگون سے کوئی روک نہ سکتا

ان آیات کریمہ کو دیکھ کر یہ کہہ سکتے ہین رسول اللہ کے نسبت کیا ارشاد باری ہے مگر کیا اس سے حضرت کی شان مین کوئی نقص آیا؟ ہرگز نہین کیونکہ ایک طرف خداوند عالم اپنی قدرت قاہرہ کو ظاہر کر رہا ہے۔ دوسری طرف رسول کی شان کو اس سے ارفع و اعلی بنا رہا ہے کہ کسی طرح وہ غلطیات نہین کہہ سکتے۔ پس اگر ان آیات سے حضرت کی شان مین کوئی نقص آسکتا ہے تو بیشک جناب امیر کی شان مین بھی۔ حالانکہ اوسمین بھی کوئی نقص نہین آتا کیونکہ وہان تو خدا اپنے حبیب خاص کے حق مین یہ کلمات استعمال کرتا ہے جسکی شان ایسی ارفع ہے کہ قیاس سے باہر ہے بخلاف جناب سیدہ کے وہ یقیناً مفضول ہین جناب امیر سے۔
جناب سیدہ کی تو جو کچھ شکایت ہے اون غاصبین حقوق سے جنھون نے فدک کو غصب کیا تھا اور جناب امیر کو ایسا مجبور کیا کہ کچھ نہ کر سکے۔ پھر تعجب ہے کہ آپکو اون لوگون پر غصہ آیا جو اس قسم کے ظلم کے بانی ہوئے جسکی نظیر دنیا مین نہین ملتی۔ اور سارا غصہ آپکا جناب امیر پر ہے جنکی مظلومی پر جناب سیدہ اپنا ملال و افسوس ظاہر کرتی ہین۔
اس قسم کے مخاطبات جو انبیا و اولیا مین ہوتے ہین اوس سے اونکی عظمت ظاہر ہوتی ہے اور عصمت نہ کسی قسم کی توہین و تحقیر چنانچہ قصہ حضرت موسیٰ و ہارون کے بارہ مین خود قرآن مجید مین ہے۔

قال یا ابن ام لا تاخذ بلحیتی ولا براسی انی خشیت ان تقول فرقت بین بنی اسرائیل ولم ترقب قولی سورہ طہ

حضرت ہارون نے کہا اے میرے ماں جائے میری ڈاڑھی نہ پکڑ نہ میرے سر کے بال، مین تو اس سے ڈرا کہ کہین آپ یہ نہ کہین کہ تمنے بنی اسرائیل مین پھوٹ ڈالدی اور میرے قول کا خیال نہ کیا۔ تفسیر کبیر مین جلد ۲ صفحہ ۹

ان موسیٰ علیہ السلام اقبل وهو غضبان علی قومه فاخذ براس اخیه وجره الیه کما یفعل الانسان بنفسه مثل ذلک عند الغضب فان الغضبان المتفکر قد یعض علی شفتیه ویفتل اصابعه ویقبض علی لحیته فاجری موسیٰ اخاه هارون مجری نفسه لانه کان اخاه وشریکه فصنع به ما یصنع الرجل بنفسه فی حال الفکر والغضب

یعنی حضرت موسیٰؑ عالت غضب مین تشریف لائے آپ سر کا بال حضرت ہارونؑ کا پکڑا اور کھینچا
جیسا کہ انسان خود اپنی نفس کے ساتھ کرتا ہے کہ لب چباتا ہے اور انگلیان کاٹتا ہے۔ تو حضرت
موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون کو اپنے نفس کی جگہ قرار دیا کیونکہ وہ اونکے بھائی اور شریک تھے
تو جو کچھ اپنے نفس کے ساتھ انسان حال فکر و غضب مین کرتا ہے وہی حضرت موسیٰ نے کیا۔

پس چونکہ جناب سیدہ اور جناب امیر دونو معصوم تھے مثل حضرت ہارونؑ و موسیٰؑ تو جو معاملہ وہان
پیش آیا ویسی نظیر میں واقعہ کو سمجھے کہ جناب سیدہ نے اوسی طرح اظہار ملال کیا۔ اور الزام
کسی پر نہین کیونکہ جو مصلحت حضرت ہارون کے پیش نظر تھی وہی جناب امیر کو روک رہی ہے
کیونکہ آپ ہی تو بنص رسول انت منی بمنزلۃ ہارون من موسیٰ کے مصداق ہین۔

قولہ۔ پھر اگر یہی صحیح ہے۔ کہ انھون نے صبر کیا تھا۔ تو کیا حضرت عباسؓ کے پرنالہ کا واقعہ انکو
بھول گیا ہے۔ مولوی دلدار علی نے اپنی کتاب عماد الاسلام مین جو امام رازی کی کتاب نہایت
العقول کا جواب ہے۔ پرنالہ کے قصہ کو مفصل لکھا ہے۔ پھر ایک پرنالہ پر اس قدر غصہ کہ اگر
کسی نے اسکو اکھیڑا۔ تو اسکو جلتی دھوپ مین صلیب دونگا اور اپنے ناموس کی نسبت
وہ کہتا ہے۔ کہ اسکو غیر آدمی ستاتے ہین۔ یہی کہ گھر جلاتے اور سقط حمل تک نوبت پہونچی ہے
مگر مولا مشکلکشا اُن کو ہون تک نہین کہتے۔ کیا ایسا شخص جو بقول شیعہ اسد اللہ الغالب
غالب کل غالب ہو ایسی باتونکی برداشت کر سکتا ہے۔ فتدبر

اقول خدا آپکو عقل دے اور کیا کہون کیونکہ موارد صبر و حلم مختلف ہوتے ہین۔ چونکہ معاملہ غصب
فدک مین خود جناب امیر کی شرکت تھی کہ سب یہی کہتے جناب امیر حضرت سیدہ کو آمادہ کرتے ہین
اسلئے وہان صبر ہی کا موقع تھا کہ معلوم ہو یہ ایسے ظالم ہین جو بنت رسول پر ظلم کر رہے ہین
بخلاف حضرت عباس کے معاملہ کے کہ اوسکا نفع جناب امیر کو نہ تھا۔ اسلئے وہان کوشش کرنا
اپنی کسی ذاتی غرض پر نہ محمول ہوتا۔ بلکہ محض حمایت مظلوم ہے جسکو تمام قوم پسند کرتی ہے۔

استشہاد اہلسنت

آپنے ہزارون حدیثین دیکھی ہونگی کہ جناب رسالتمآب کو مغلظات گالیان دیتے ہین حضرت کے
قتل کا ارادہ کیا ہے۔ مگر آپنے نہ لعنت کی ہے نہ قتل کیا ہے۔ بلکہ بمصداق فاصبر کما صبر

اولوا العزم من الرسل صبر فرمایا ہے۔

مگر جہاں کسی صحابی پر ظلم ہوا یا معمولی کسی رعیت پر تو پھر آپ نے صبر نہیں کیا اور اوسکا ضرور انتقام لیا ہے جسکے شواہد بنظائر کی ضرورت نہیں اہل علم کو معلوم ہے۔

آپکو یہاں قصہ افک یاد کرنا چاہیئے جس میں حضرت عائشہ پر اتہام لگایا گیا ہے۔ مسطح خالہ زاد برادر ابوبکر پر حد قذف جاری کیا مگر اون سبکا سرآمد و سرغنہ جو عبداللہ بن سلول تھا اوسپر کوئی حد نہیں لگائی تفسیر درمنثور سیوطی میں ہے صفحہ ۲۵ جلد ۵

فقال عبد اللہ بن ابی سلول للناس فجر بہا ورب الکعبۃ واعانہ علی ذلک حسان بن ثابت ومسطح بن اثاثہ وحمنہ وشاع ذلک فی العسکر فبلغ ذلک فکان فی قلب النبی مما قالوا حتی رجعوا الی المدینۃ واشاع عبد اللہ بن ابی ھذا الحدیث فی المدینۃ واشتد ذلک علی رسول اللہ۔

یعنی جب صفوان بن معطل عائشہ کو اپنے ناقہ پر بٹھا کر لایا ہے تو عبد اللہ بن ابی سلول نے کہا قسم رب خانہ کعبہ کی کہ اس شخص نے اسکے ساتھ بدکاری کیا ہے۔ اوسکی تائید کی حسان بن ثابت۔ مسطح بن اثاثہ حمنہ خواہر حضرت زینب بنت جحش زوجہ رسول اللہ نے اور یہ خبر تمام لشکر میں پھیل گئی جس سے حضرت کے دل میں بھی شک پیدا ہوا جب مدینہ پہونچے تو عبد اللہ بن ابی سلول نے اس خبر کو خوب شایع کیا اور حضرت پر یہ امر نہایت سخت گذرا۔

اس سے معلوم ہوا کہ جو کچھ بانی فساد اس معاملہ میں تھا وہ عبد اللہ بن ابی سلول تھا جسنے بقسم قذف کیا اور تمام مشہور کیا مگر رسول اللہ نے اسپر کوئی حد نہ جاری کی چنانچہ فتح الباری شرح صحیح بخاری میں ہے صفحہ ۳۲۸ جلد ۸

وفیہ تاخیر الحد عمن یخشی من ایقاعہ بہ الفتنۃ نبہ علی ذلک ابن بطال مستندا الی ان عبد اللہ بن ابی کان ممن قذف عائشۃ ولم یقع فی الحدیث انہ ممن حد۔

یعنی اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جہاں حد قائم کرنے سے خوف فتنہ ہو وہاں جائز ہے کہ اوس حد کو ملتوی کر دے کیونکہ عبد اللہ بن ابی بھی اون لوگوں سے تھا جسنے قذف عائشہ کیا تھا اور حدیث میں اسکا ذکر نہیں ہے کہ اوسپر حد لگائی گئی ہو۔

پس جب ایسے امر عظیم مین کہ عائشہ سی محبوبہ پہ تہمت لگائی تھی کہ [illegible]
ہین حضرت نے باہمہ قوت و شوکت کسیکو [illegible]
کی۔ تو جناب امیر نے اگر اوس ظالم کی [illegible]
تعجب ہے کیونکہ کسی قسم کا ظلم کرنا [illegible]
کہ غیرتمند انسان ایسی حالت مین جان سے گذر جاتا ہے۔

حالانکہ جناب امیر اور جناب رسالتمآب کی مجبوری اور [illegible]
رسالتمآب کو وہ اختیار حاصل ہے جو کسیکو نہوا [illegible] جناب امیر کو [illegible] مجبوری [illegible]
طرہ تو یہ ہے کہ حضرت نے عبد اللہ بن ابی سلول پر [illegible] جاری کیا
بلکہ جب وہ مرا ہے تو اس طرح کی عزت افزائی فرمائی ہے کہ جتنا کسی صحابی کیلئے دو باتین نہین
منقول ہوین۔ جو اپنا قمیص اوسکو پہنایا۔ [illegible] مین دیا دیر تک اوسکی قبر مین
لیٹے رہے۔ اوسکی نماز جنازہ [illegible] مانع رہے یہانتک کہ حضرت کا
دامن پکڑ کر کھینچا مگر حضرت نے ایک نمانا اور اوسکو اوس عزت و احترام سے دفن کیا جو کسی صحابی
کو نہین نصیب ہوا جس سے گمان ہو سکتا ہے کہ حضرت کو یہ فعل اوسکا ایسا پسند آیا کہ اس طرح
کی نوازش کی۔ بلکہ ماوردی تو اسکے مدعی ہین کہ حضرت نے قاذفین عائشہ سے کسی پر بھی
حد نہین لگائی چنانچہ فتح الباری مین ہے۔ وقد حکی الماوردی انکار وقوع
الحد بالذین قذفوا عائشۃ اصلا لما تقدم واحتمل قائلہ بان حد القذف
لا یجب الا بقیام بینۃ۔ او اقرار وزاد غیرہ او بطلب المقذوف قال ولم ینقل
ذلک کذا قال صفحہ ۳
کہ ماوردی اسکے قائل ہین کہ حضرت نے اونلوگونپر جنھون نے قذف عائشہ کیا تھا مطلق حد
نہ جاری کیا جیسا کہ پہلے مذکور ہوا اور اسکی وجہ یہ بیان کی ہے کہ حد قذف تو اوس وقت جاری
ہوتا ہے جبکہ بینہ قایم ہو یا اقرار کرے اور دوسرون نے یہ زیادہ کیا ہے کہ جسپر قذف کیا گیا ہے
وہ طالب حد ہو۔ حالانکہ حدیث مین مطلق ذکر اسکا نہین ہے۔
اب تو مطلع بالکل صاف ہے کیونکہ ماوردی نے صاف صاف انکار کردیا کہ حضرت نے قاذفین عائشہ

پر مطلق حد لگایا ہی نہین - تو پھر فرمایئے جو شخص ایسے نبی کا تابع ہو جسنے برضا و رغبت یا بمجبوری
ریسے لوگو نپر بھی حد نہ لگایا جو ایسے امر عظیم کے مرتکب ہوے کہ عائشہ سی محبوبہ کو متہم بنا گیا اوسکا
وصی جانشین اگر متعدد اسے مجبوری مین اون ظالمونکو سزا نہ دی جنھون نے جناب سیدہ پر ظلم
کیا تو آپکو کیون تعجب ہوتا ہے -

حضرت زینب جو بنت رسول اللہ کہی جاتی ہین اور زینب خیر بناتی اونکے حق مین روایت
کی جاتی ہے جو کا حال سابقاً مذکور ہو چکا کیا وصفیکہ اونپر کیسا ظلم ہوا تھا جس سے وہ ہلاک
ہوئین - مگر رسول اللہ نے اوسکا بدلہ نہ لیا - تو جناب معترض اگر حضرت کی تاسی کی - تو اس سے
کیا ظالم کا ظلم محو ہو جائیگا - یہی تو صفت ہے انبیا و اولیا کی کہ وہ اپنی نفس کیلئے کچھ نہین کرتے
اور غیرونکے لئے جان تک دے ڈالتے ہین -

افسوس تو زیادہ تر اسی کا ہے کہ آپ نے یا آپکے اسلاف نے آج تک نہ رتبہ انبیا کو پہچانا نہ رتبہ اولیا کو اپنے
نفس پر قیاس کر سکتے ہین کہ جن باتون سے ہم متاثر ہوتے ہین انھین باتونسے وہ حضرات بھی
متاثر ہوتے ہین حالانکہ اونکا وہ درجہ ہے جو آپکے قیاس مین نہین آسکتا کہ محض احیاء شریعت
اور انفاذ حکم خدا کیلئے وہ کن کن صعوبات کو برداشت کرتے ہین اور وہی شخص رسول اللہ
ہو سکتا ہے یا اسد اللہ الغالب کہلا سکتا ہے جو اپنے نفس پر اتنا قادر ہو کہ ذرہ سا نفسانیت کو بھی
نہ دخل دے - کیا قصہ عمرو بن عبدود بھول گئے کہ اوسنے جناب امیر پر معاذ اللہ تھوکا ہے اور
حضرت نے تلوار روک لیا ہے اور یہی فرمایا ہے کہ اگر اسوقت مین اوسے قتل کرتا تو نفسانیت
شریک ہوتی روضہ ندیہ مین ہے - صف۹

قلت وفی هذه القصة ما تقصر عنه العبارات من الدلالة علی شجاعة الوصی
وتفانیه فی بذل نفسه لله ولرسوله صلعم لانه بذل نفسه ثلاث مرات وقد احجم الناس
ولم یقم احد من ابطال المؤمنین المسلمین ثم ما احسن ما خاطب به عمرو و
من الثلاث الخلال التی عرضها علیه فلله ما اثبت ذلك الجنان وما اقوم
تلك اللسان ان کلم باللسان الطعن وان کلم بالسنان اثخن وفی بعض
روایات القصة انه لما برك علی صدر عمرو ليقتله عمرو فسكن عليه السلام عن

می داد آنحضرت گرسنہ شما را و پند می داد جاہل شما را یعنی در امن و امان و ناز و نعمت دنیاوی و دینی بودید و بودیم ما در زمین دوران و دشمنان دین بحبشہ زیرا کہ ہمہ کافر بودند غیر از نجاشی و بودیم در شدت و محنت و این ہمہ از جہت خدا سوگند نخورم من طعامے را و نمی نوشم آبے را تا آنکہ گویم و نقل کنم آنچہ گفتی تو نزد رسول خدا و گفت بودیم کہ ایذا کردہ میشدیم و ترسانیدہ می شدیم پس بگویم بحضرت و بپرسم او را از حقیقت حال و بخدا سوگند دروغ نگویم و میل نکنم بباطل و زیادہ نکنم بر آنچہ شنیدیم از تو پس ہنگامے کہ آمد آنحضرت در مجلس گفت اسما پرسید از آن حضرت یا نبی اللہ عمر میگوید چنین و چنین فرمودہ آن حضرت پس چہ گفتی عمر را گفت گفتم چنین و چنین و گفت آنچہ گذشتہ بود میان عمر و وے کلام پس فرمود آن حضرت نیست عمر و یاران وے سزاوار تر نزد من از شما او را و اصحاب او را یک ہجرت ہست کہ از مکہ بمدینہ است مر شما را اے اہل سفینہ دو ہجرت است یعنی یکے از مکہ بحبشہ و دیگر از حبشہ بمدینہ مطہرہ گفت اسما بنت عمیس پس بتحقیق دیدم ابوموسیٰ و اصحاب سفینہ را کہ می آمدند نزد من فوج فوج و فرقہ فرقہ می پرسیدند مرا از این حدیث و نبود از دنیا چیزے کہ ایشان بآن شادان تر و بزرگتر شوند در نفسہائے خود از آنچہ گفتہ مر ایشان را پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم و مدح کردہ و اعلائے شان ایشان کردہ و بتحقیق دیدم ابوموسیٰ را کہ طلب میداشت تکرار میکرد این حدیث از من از جہت ذوق و خوشحالی کہ دست داد او را از آن و گفتہ است ابوموسیٰ قدوم آوردیم ما بہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم بعد از آن کہ فتح کرد خیبر را پس قسمت کرد مارا و قسمت نکرد مر ہیچ یکے را کہ حاضر نشدہ بود در فتح (۱۱۱ صفحہ ۳)

کیا مسلمانوں کی جماعت میں جنکی تعداد اسوقت کروڑوں سے کہیں زیادہ ہے باستثناء

علم باری کو قبول کیا تو خدا ہی رحم کرے کیونکہ مدار تفریق کا منصب و رسالت تو عمر صاحب کے قبول و عدم قبول پر ہے حاصل یہ ہے کہ جسکو عمر نے مانا وہ منصب رسالت سے ہوا اور جسکو نہ مانا وہ منصب رسالت سے خارج ہوا۔

مگر افسوس یہ ہے کہ اس واقعہ سے بھی اونکا اسلام و نبوت ثابت ہو سکا کیونکہ [illegible] تجربہ سے ثابت ہو چکی تھی کہ جس کے بارے میں حضرت نے یہ دعا کی وہ [illegible] دعا کی تصدیق کہاں حاصل ہوا وہ تو تجربہ کی تائید ہوئی۔

شیعہ دو چار مسلمان بھی ایسے نکل سکتے ہین جو اس حدیث رسول کی تصدیق کرین اور حضرت کو اس بیان مین صادق مانین جنمین حضرت بتاکید بیان فرماتے ہین کہ ہرگز عمر اور اوس کے ساتھی ہملوگون سے بہتر اور راجح تر ہمارے ساتھ نہین ہین؟ حاشا و کلا ہم جہانتک جانتے ہین ایک متنفس بھی ان مدعیان اسلام مین ایسا نہوگا جو رسول اللہ کی اس حدیث پر ایمان لائے اور حضرت کو اس قول مین صادق جانے کیونکہ مسلمانون نے اپنا عقیدہ یہ قایم کیا ہے

افضل البشر بعد نبینا ابوبکر و عمر۔ شرح عقائد نسفی ص ۷۵

پھر بتایئے یہ کس قسم کے مسلمان ہین کہ رسول اللہ تو اپنے اہل قرابت کو بتصریح تمام ابوبکر و عمر سے افضل فرمائین اور حضرات اہل سنت برخلاف اوسکے یہ عقیدہ قائم کرین کہ شیخین افضل ہین

آپ اس روایت کو بغور ملاحظہ فرمائین کہ اسماء بنت عمیس جو رسول اللہ کی بعثت کے دو تین برس کے بعد مکہ معظمہ سے ہجرت کرکے ملک حبش مین گئی ہین جو نہ اپنا ملک ہے نہ اپنا وطن ہے نہ اپنی زبان ہے نہ اپنا دین ہے نہ اپنی قوم نہ قبیلہ اور سنہ ہجری مین واپس آئی ہین۔ ملاقات حضرت حفصہ کو گئی ہین وہان عمر صاحب کا تشریف لانا اور اس خطاب سے سوال کرنا کہ وہی عورت حبشہ والی وہی عورت ہے دریا والی نہ سلام ہے نہ مزاج پرسی۔ نہ دلدہی۔ نہ انسانی سلوک بلکہ وحشیانہ یہ تقریر ہے بلکہ ہم تم سے افضل ہین کیونکہ ہم نے ہجرت کرکے آئے۔

کیا آپ کسی مہذب شخص کی تقریر ایک ایسے غریب مسافر سے جو اتنے عرصہ کے بعد آیا ہو بطور نظیر پیش کرسکتے ہین؟ ہرگز نہین کیا آپنے کبھی شخص کو سنا ہے کہ اس طرح وہ اپنی فرضی فضیلت بیان کرے؟ اس مہذب زمانہ مین تو آپ کسی کمینہ سے کمینہ ترکی بھی تقریر نہ سینگے جو اپنے

بلکہ غور کیجئے تو عمر صاحب نے حضرت پر یہ الزام قائم کردیا جو انگشتری او ران کا چند گاہ بہرہ مندی شدیم جسکے مطلب یہ ہوے کہ حضرت کے اس کلمہ کی بدولت وہ شہید ہوگا تو باعث شہادت اس دعا کو قرار دیا۔

پھر جب روایت مین اختلاف ہے کہ قائل اسکا کون ہے کیونکہ بعض روایت مین عمر کا نام ہے تو ممکن ہے یہ یارون کی بندش ہو۔

بہرحال اگر طریقہ مولوی شبلی صاحب پر تفرقہ کا منصب رسالت ملنا جائے تو عمر نے بھی

منہ میان مٹھو بنتا ہو، وہ بھی ایک غریب بیکس مجبور عورت کے مقابلہ مین پھر یہ کون سی بڑی شیخی اور بہادری تھی جس پر آپ اسقدر اتراتے تھے۔ مگر ہمکو اوس سے زیادہ بحث نہین کیونکہ رسول اللہ نے نہایت صفائی سے عمر کی تکذیب اور حضرت اسماؓ کی تصدیق تمام عالم پر ظاہر کردی جس سے اوسی زمانہ مین یہ خبر اس درجہ مشہور اور متواتر ہوگئی کہ ہزارون صحابہ فوج در فوج گروہ در گروہ آتے اس حدیث کو سنتے اور خوش ہوتے کہ رسول اللہ نے کس فصاحت سے عمر صاحب کے تکبر کو توڑا ہے اور راون کے غرور کا سر نیچا کیا ہے۔

ہان آپ جانتے ہین۔ یہ اسما بنت عمیس کون ہین؟ حضرت جعفر طیار کی زوجہ ہین اور یہی وجہ ہے کہ عمر صاحب اپنی فضیلت کو اون کے مقابل مین ثابت کیا چاہتے تھے کیونکہ آپ ملاحظہ کر چکے ہین عمر صاحب کو جو عناد تھا قرابت مندان رسول سے نہ دیگر صحابہ سے اسی وجہ سے یہان چاہا کہ اپنی فضیلت کا اقرار کرالین مگر کب ممکن تھا کہ رسول اللہ کسی نا جائز امر کا اقرار فرمائین اسی وجہ سے حضرت نے اس تصریح سے عمر کی تکذیب کی کیونکہ اسما بنت عمیس مین دو فضیلتین جمع تھین ایک قرابت مندی رسول بہ سبب زوجیت حضرت جعفر طیار۔ دوسری فضیلت ہجرت حبشہ کی کیونکہ ہمنے آجتک کسی حدیث یا تاریخ مین نہین دیکھا ہے کہ عمر صاحب نے اپنی فضیلت کا کبھی دعوی کیا ہو بجز اسکے کہ قرابت رسول کو ہمیشہ وہ نظر حقارت سے دیکھتے تھے اور بظاہر یہی وجہ معلوم ہوتی ہے اس قسم کی غیر مہذب اور کمینہ تقریر کی۔ ان حالات سے آپ اس نتیجہ پر ضرور پہونچ سکتے ہین کہ عمر صاحب کس قسم کی حقارت قرابت مندی رسول سے تمام مسلمانون مین پہیلا رہے تھے کیونکہ حضرت عباس سے سخت کلامی کر چکے۔ حضرت صفیہ بنت عبد المطلب سے وحشیانہ تقریر انکی آپ سن چکے

ایک واقعہ ایسا ملتا ہے جسمین کسیوجہ سے عمر صاحب نے آپکے اس کلام کو منصب رسالت سے مانا۔ مگر افسوس کہ ایسے صدہا واقعات ہین جنمین کفار نے بھی حضرت کی تصدیق کی ہے اور حضرت کی خبر و نکو مانا تھا کہ وہ لیا ضرور ہوگا لہذا عمر صاحب اور وہ کفار اس مادہ مین مساوی نکلے پھر کیا وجہ ہے کہ اونکو مسلمان کہین اور انکو نہ کہین مدارج النبوۃ مین ہے۔

امیہ بن خلف نیز مغموم است کہ از مکہ بیرون رود بجہت آنکہ بوسے [illegible] سیدہ بود کہ [illegible]

حضرت ام ہانی خواہر جناب امیرؑ سے انکی بدزبانی آپ معلوم کر چکے ۔ زوجہ حضرت جعفر طیار سے غیر مہذب تقریر بھی آپ دیکھ چکے ۔ اب وہ زمانہ آیا کہ رسول اللہؐ نے دنیا سے انتقال فرمایا ایک طرف عمر صاحب ہین اور اونکے ہمراہئے صحابہ ۔ دوسری طرف خاندان رسالت کے بقیہ السیف جناب امیرؑ جناب سیدہؑ حضرت عباس حضرت عقیل اور چند بچے یعنی حسنینؑ عبداللہ بن عباس عبداللہ بن جعفر وغیرہم جنمین کسی کا سن دس برس سے زیادہ نہین پھر بتائے عمر صاحب کا تشدد کس درجہ تیز ہوگا ۔ پہلا واقعہ آپکو خانہ سوزی جناب سیدہ کا ملیگا جسمین عمر صاحب قسم کھا رہے ہین کہ ہم اس گھر کو ضرور جلا دینگے اور بعض صحابہ کہتے ہین کہ اس مین جناب فاطمہ بنت رسول ہین لیکن عمر صاحب نہایت بے پروائی سے جواب دیتے ہین ہوا کرین ! ! جیسا کہ ازالۃ الخفا جلد ۲ مین ہے ۔

دوسرا واقعہ اسکے متصل ہی وہ ہے جو جناب امیرؑ کے ساتھ پیش آیا کہ حضرت نے فرمایا اگر ہم بیعت نہ کرین تو تم کیا کروگے ۔ عمر نے جواب دیا کہ قتل کرینگے جس پر جناب امیرؑ نے فرمایا کہ تب ایک بندہ خدا اور برادر رسول صؐ کے تم قاتل ہوگے جسپر عمر نے کہا کہ بندہ خدا تو ٹھیک ہے ۔ لیکن برادر رسول نہین ۔ دیکھو کتاب الامامۃ والسیاسۃ صـ۲۲ـ

دیکھئے ان دونون واقعون مین کس طرح عمر صاحب نے قرابت رسول کی تحقیر کی کہ جناب سیدہ کے نسبت تو کہا " ہوا کرین " اور جناب امیرؑ کی نسبت صاف صاف بیان کر دیا کہ آپ برادر رسول نہین ہین ۔ اس سے بڑھکر کیا انکار ہو سکتا ہے اور کیا تحقیر قرابت ۔

ان مسلسل واقعات سے آپ بخوبی نتیجہ نکال سکتے ہین کہ قرابت رسولؐ کس طرح مسلمانون کی نظرون مین ذلیل وحقیر کی جا رہی ہے کہ کہین تو اصل قرابت ہی سے انکار ہے کہین او سکے

سعد بن معاذ ہم خبر دادہ بود کہ امیہ بن خلف را یاران من خواہند کشت وخبر آنحضرت نزد کفار قریش بے شک صادق بود صـ۲۵ـ جلد ۲

تو کیا عمر صاحب کفار قریش سے بھی گئے گذرے ہوئے تھے ۔ جو حضرت کے خبر کی تصدیق نہ کرتے ۔ تو اب مولوی شبلی صاحب بتائین کہ عمر صاحب کو آپ کیونکر مسلمان کہہ سکتے ہین کیونکہ آپ فرما چکے ہین " پیغمبر کی بزرگ جانا اور کفار ہم انکو اسلام کے دائرے سے بھی باہر سمجھتے "!!

قابل عزت واحترام ہونے سے انکار ہے۔ اب عملی کارروائی سنئے جو اس قرابت رسول کے مٹانے کیلئے کی گئی۔ سنن ابوداود کتاب الخراج والفئی والامارۃ میں ہے۔

حدثنا عبید اللہ بن عمر بن میسرۃ حدثنا عبد الرحمن بن مھدی عن عبد اللہ بن المبارک عن یونس بن یزید عن الزھری قال اخبرنی سعید بن المسیب قال اخبرنی جبیر بن مطعم انہ جاء ھو وعثمان بن عفان یکلمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیما قسم من الخمس بین بنی ھاشم وبنی المطلب فقلت یا رسول اللہ قسمت لاخواننا بنی المطلب ولم تعطنا شیئاً وقرابتنا وقرابتھم منک واحدۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انما بنو ھاشم وبنو المطلب شئ واحد قال جبیر ولم یقسم لبنی عبد شمس ولا لبنی نوفل من ذلک الخمس کما قسم لبنی ھاشم وبنی المطلب وقال وکان ابوبکر یقسم الخمس نحو قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غیر انہ لم یکن یعطی قربی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعطیھم قال فکان عمر بن الخطاب یعطیھم منہ وعثمان بعدہ۔ مطبوعہ کانپور ملک

یعنی جبیر بن مطعم سے روایت ہے کہ وہ اور عثمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے کہ کلام کریں دربارہ خمس کے جو حضرت نے تقسیم کیا تھا بنی ہاشم اور بنی المطلب کو جبیر ابن مطعم کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سے عرض کیا آپ نے خمس ہے ہمارے بھائیون بنی المطلب کو دیا اور ہمکو کچھ نہ دیا حالانکہ قرابت ہملوگون کی ایک ہے (کیونکہ حضرت ہاشم چار بھائی تھے ہاشم، مطلب، عبد شمس، نوفل حضرت ہاشم کی اولاد رسول اللہ وجناب امیر وتمامی

حسین ہے ضرور ہے کہ حسب اقرار اپنے اب انکو اسلام کے دائرے سے باہر سمجھین۔ کیونکہ مدار تصدیق رسول احکام پر ہے کہ جسنے حضرت کے احکام کو صدق دل سے مانا وہ مومن ہوا۔ اور جس نے احکام مین تصدیق نہ کی وہ کافر ہوا اگرچہ اخبار مین حضرت کو کیسا ہی صادق بلکہ اصدق الصادقین مانتا ہو کیونکہ خداوند عالم سورہ نمل مین فرماتا ہے۔

فلما جاءتھم ایاتنا مبصرۃ قالوا ھذا سحر مبین وجحدوا بھا واستیقنتھا انفسھم

بنی ہاشم -
اور عبد شمس کے عثمان وغیرہ اور نوفل کے جبیر ابن مطعم (راقم) پس فرمایا حضرت نے
بنی ہاشم اور بنی المطلب ہمیشہ ایک رہے جبیر نے کہا کہ حضرت نے خمس سے حصہ نہ دیا
بنی عبد شمس (جسمین حضرت عثمان تھے) نہ بنی نوفل کو (جسمین جبیر تھے) اور تقسیم کیا
بنی ہاشم و بنی المطلب کو -
پھر جبیر کہتے ہین کہ ابوبکر تقسیم کرتے تھے مطابق تقسیم رسول صلعم کے مگر قرابتمندان رسول
کو کچھ بھی نہ دیتے تھے جیسا کہ رسول دیا کرتے تھے - جبیر کہتے ہین اور عمر صاحب دیا کرتے تھے اون
قرابتمندون کو وہی خمس سے اور بعد عمر کے عثمان بھی - انتہی -
یہان آپ قصہ فدک کو نہ خیال کیجیگا جسکے بارہمین یہ حدیث بنائی گئی کہ نحن معاشر
الانبیاء لا نرث ولا نورث بلکہ عام قرابت رسول ہے جسکے بارہمین خداوند عالم فرماتا ہے
واعلموا انما غنمتم من شیء فان للہ خمسہ وللرسول ولذی القربی والیتامی
والمساکین - یعنی خداوند عالم نے خمس کو پانچ حصون پر تقسیم کیا ہے حصہ خدا حصہ رسول -
حصہ ذوی القربی - حصہ یتامی ومساکین - اوسکے متعلق ابوبکر صاحب کی یہ کارروائی تھی -
کہ قرابتمندان رسول کو ایک دم محروم کر دیا تھا جسکا مطلب یہ ہوا کہ حکم صریح خداوند عالم
وسنت رسول کو انہون نے ایک دم معطل کر دیا -
قصہ فدک مین یہ کہا جاتا ہے کہ چونکہ ابوبکر صاحب خود رسول اللہ سے وہ حدیث سن چکے تھے
اس سبب سے مجبور تھے - مگر یہان کیا ارشاد ہوگا کہ قرآن مین آج تک یہ حکم موجود ہے
اور رسول اللہ صلعم کا اسی کے مطابق عمل بھی تھا لیکن ابوبکر صاحب نے ایک دم محروم کر دیا

ظلما وعلوا فانظر کیف کان عاقبۃ المفسدین - یعنی جب اونکے پاس ہماری روشن
نشانیان پہونچین تو کہنے لگے یہ صریح جادو ہے اور انکار کیا اوس سے از راہ ظلم وغیرہ حالانکہ اونکے
دلون نے یقین کر لیا تھا پس دیکھو کیا انجام ہے مفسدین کا -
آخر مین ہم مولوی شبلی صاحب کو چیلنج دیتے ہین کہ آپکو تاریخ دانی پر بڑا ناز ہے - آپ ابتداے
اسلام عمر صاحب سے ایک واقعہ بھی ایسا دکھا دین کہ کسی حکم کو جسمین کچھ دخل در معقولات کا

اور برخلاف اوسکے عمر صاحب نے پھر وہ سلسلہ جاری کیا جس سے اسکا بھی گمان نہین ہوسکتا کہ ابوبکر صاحب کو کوئی خاص حکم اسکے متعلق بھی ملا ہو اسلئے کہ کم سے کم عمر صاحب تو ضرور اوسکی تقلید کرتے۔

خداوند عالم نے صرف اسی آیہ مین حصہ ذوی القربیٰ نہین قرار دیا۔ بلکہ دوسری آیہ مین فرماتا ہے وات ذی القربی حقہ کہ ذوی القربیٰ کو اونکا حق دیدو۔

جسکے مضمون تفسیری سے ہم یہان نہین بحث کرتے بلکہ ظاہری الفاظ قرآن پر توجہ دلاتے ہین کہ کس طرح خدا نے حق ذوی القربیٰ کے دینے کی تاکید کی۔ مگر خلیفہ اول نے خلافت پاتے ہی اوس حق کو ایسا باطل کیا کہ کسی طرح قرابت مندان رسول کو اون کا حق نہ دیا۔

تیسری آیہ مین تو خدا نے یہ بھی فرمایا قل لااسئلکم علیہ اجرا الاالمودۃ فی القربیٰ جس سے معلوم ہوا کہ مودت اہل قربیٰ کو خدا نے اجر رسالت قرار دیا ہے۔ مگر اوس حکم کی اسطرح تعمیل کی گئی کہ رسول اللہؐ کے حضور مین آپکی قرابت مندی غیر نافع اور بیکار شئی قرار دی گئی جسپر حضرت کو بار بار خطبہ کرنا پڑا۔

یہی سبب ہے کہ صحیح مسلم مین ہے وکان لعلی من الناس وجھۃ حیاۃ فاطمۃ فلما توفیت استنکر علیؑ وجوہ الناس فالتمس مصالحۃ ابی بکر ومبایعتہ ولم یکن بایع تلک الاشھر جلد ۲ ص۹۱ مطبوعہ دہلی

یعنی زندگی جناب سیدہ سے ایک طرح کی آبرو تھی حضرت علیؑ کو جب حضرت فاطمہؑ نے انتقال کیا تو سب کے مونہ حضرت علیؑ سے پھر گئے جس سے وہ مجبور ہوے کہ ابوبکر سے صلح کرین۔ یہ روایت اچھی طرح بتا رہی ہے کہ عمر ابوبکر کی متفقہ کوششون نے قرابت مندی رسول کو ایسا کمزور بے اثر کردیا تھا کہ جناب امیرؑ ایسے شخص کو جسنے بناے اسلام مین وہ خدمتین کی

موقع ملا ہے عمر صاحب نے بلا چون وچرا تسلیم کرلیا ہو یا اپنے زمانہ مین کوئی ترمیم اوس مین نہ کی ہو تو ہم آپکو بندرانہ دین بہ استثنا اون احکام کے جو قہراً جاری ہوچکے ہون۔ خواہ وہ عبادات سے ہون یا خواہ معاملات سے۔ جیسے ہم دعویٰ کرتے ہین کہ اگر آپ کوئی حکم ایسا نکالینگے تو انشاءاللہ ہم عمر صاحب کا اختلاف اوسکے متعلق ضرور دکھا دینگے۔

تھین کہ آجتک تواریخ اون کی شاہد ہین۔ اگر کچھ قابل ترحم بنایا تو صرف وجود جناب سیدہ نے
کیونکہ جناب سیدہ کی قرابت رسول اللہ سے ایسی نہ تھی جسکا کسی طرح انکار کیا جا سکے۔
اگرچہ حضرت عمر نے اسکے مٹانے مین بھی پوری کوشش کی تھی۔ مگر یہ فطری امر تھا جسکو وہ کسی
طرح نہ مٹا سکے چنانچہ اوسی کتاب الامامۃ والسیاسۃ مین ہے۔

"ثم قام عمر فمشی معہ جماعۃ حتی اتوا باب فاطمہ فدقوا الباب فلما سمعت اصواتہم نادت یا علی وابن ابی قحافہ فلما سمع القوم صوتہا وبکاءہا انصرفوا باکین وکادت قلوبہم تتصدع واکبادہم تتفطر وبقی عمر ومعہ قوم فاخرجوا علیا فمضوا بہ الی ابی بکر فقالوا لہ بایع فقال ان انا لم افعل فمہ قالوا اذا واللہ الذی لا الہ الا ہو نضرب عنقک قال اذاً تقتلون عبد اللہ واخا رسولہ قال عمر اما عبد اللہ فنعم واما اخو رسول اللہ فلا وابو بکر ساکت لا یتکلم فقال عمر الا تامر فیہ بامرک فقال لا اکرہہ علی شئ ما کانت فاطمہ فی جنبہ فلحق علیؑ بقبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصیح ویبکی وینادی یا ابن ام ان القوم استضعفونی وکادوا یقتلوننی صـ۲۰"

یعنی پھر کھڑے ہوے عمر اور رکئے ایک جماعت کے ساتھ یہانتک کہ داخل ہوے خانہ جناب
سیدہ تک اور دق الباب کیا جب حضرت نے اون کی آواز سنی تو چیخین اور کہا واے ہو
اے ابن ابی قحافہ۔ پس جب صحابہ نے آپکے رونے اور آہ وبکا کی آواز سنی تو روتے ہوے
پلٹ آئے ورحالیکہ قریب تھا دل اونکے ٹکڑے ہو جائین اور جگر پاش پاش۔ مگر کھڑے رہے
عمر اور اونکے ساتھ ایک جماعت تھی۔ پھر نکالا حضرت علیؑ کو اور لیگئے ابوبکر کے پاس اور
کہا کہ بیعت کرو حضرت علیؑ نے فرمایا کہ اگر نہ بیعت کرین تو تم کیا کروگے جسپر اون لوگون نے
جواب دیا قسم اوس خدا کی جسکے سوا کوئی خدا نہین ہے اسوقت ہم تمہین قتل کر دینگے

پھر کیون نہین آپ اپنے قول کی شرم رکھکر صاف صاف کہہ دیتے کہ ہم انکو اسلام کے
دائرے سے باہر سمجھتے ہین" والسلام علی من
اتبع الہدی

تب حضرت علیؑ نے کہا کہ تم قتل کرو گے ایک بندہ خدا اور برادر رسول کو۔ عمر نے جواب دیا کہ بندہ خدا ہونا تو صحیح ہے لیکن رسول اللہؐ کا بھائی ہونا ہرگز نہیں۔ اور ابوبکر اوسوقت چپ تھے کچھ کلام نہین کرتے تھے جس پر عمر نے کہا کیون نہین تم اپنا حکم دیتے ابوبکر نے کہا جب تک حضرت فاطمہؑ اون کے یہان ہین ہم کسی بات پر اونکو مجبور نہین کر سکتے پس گئے حضرت علیؑ قبر رسول پر چیختے روتے ہوئے۔ اور فرماتے تھے (ترجمہ آیا) اے ماجائے میرے قوم نے ہمکو ضعیف کرنا چاہا اور قریب تھا کہ قتل کر دین"

یہ آیہ قرآن مجید مین قصہ حضرت موسیٰ و ہارون مین وارد ہے کہ جب حضرت موسیٰ اپنے بھائی ہارون کو خلیفہ کر کے کوہ طور کی طرف گئے ہین اور قوم بنی اسرائیل نے حضرت ہارون کی مخالفت کر کے گوسالہ پرستی شروع کی پس جب حضرت موسیٰؑ واپس آئے تو اون سے حضرت ہارون نے اپنا حال ان لفظون مین ادا کیا ہے۔ اوسی آیہ کی جناب امیر قبر رسول پر پہونچکر تلاوت کی ہے جس سے ہر مسلمان کو رسول اللہ کے حدیث یا علی انت منی بمنزلة هارون من موسیٰ الا انه لا نبی بعدی کی بخوبی تصدیق ہوگئی کہ جناب امیر سے بالکل ویسا ہی سلوک کیا گیا جو حضرت ہارون کے ساتھ کیا تھا اور حضرت نے بھی اوسی آیہ کی تلاوت کی جو حضرت ہارون نے پڑھی تھی۔

ہماری غرض اس واقعہ کے بیان سے صرف اسیقدر ہے کہ جناب سیدہ کے رونے چیخنے اور چلانیکا اثر تمام صحابہ پر پڑا اور زلزلہ آگیا اور سب واپس آئے لیکن حضرت عمر کی ہمت و استقلال مین جناب سیدہ کے رونے اور چلانے نے بھی کوئی فرق پیدا نہین کیا۔ اور وہ اوسی طرح اپنے ارادہ پر قائم رہے۔

یہ واقعہ ابتداے وفات رسول کا ہے کہ جبکہ صحابہ مین کچھ لوگ ایسے جو احادیث رسول اللہؐ پر ایمان رکھتے تھے اور اونکے دل با وصف عداوت اہلبیت

طاہر ین مثل شیخین سخت نہ تھے۔ اسلئے یہ ہوا کہ کچھ لوگ چلے آئے تھے۔ اوسکے بعد۔ ابوبکر و عمر کے کارروائیون نے اسکو اس طرح مٹایا کہ آپ سنن ابوداؤد سے دیکھ چکے ابوبکر صاحب نے تقسیم خمس سے حصہ ذوی القربیٰ بالکل نکال دیا کہ کسی طرح اونکا حصہ ہی نہ رہا۔

ہان چونکہ اس تحریر کی ابتدا قصہ اسما بنت عمیس سے کی گئی ہے جو حضرت جعفر طیار کی زوجہ محترمہ تھین لہذا بمناسبت مقام یہ واقعہ بھی دلچسپی سے خالی نہوگا کہ استیعاب ابن عبدالبر کی مین ہے

فلما توفیت جاءت عائشة تدخل فقالت اسما لا تدخلی فشکت الی ابی بکر فقالت ان ھذہ الخثعمیة تحول بیننا و بین بنت رسول اللہ ص وقد جعلت لھا مثل ھودج العروس فجاء ابوبکر فوقف علی الباب فقال یا اسما ما حملک علی ان منعت ازواج النبی ان ید خلن علی بنت رسول اللہ وجعلت لھا مثل ھودج العروس فقالت امرتنی ان لا ید خل علیھا احد واریتھا ھذا الذی صنعت وھی حیة فامرتنی ان اصنع ذالک لھا قال ابوبکر فاصنعی ما امرتک ثم انصرف فغسلھا علیؑ واسماء ص۷۸۹ جلد ۲

کہ جناب سیدہ نے وفات پائی تو عائشہ نے چاہا کہ اس مکان مین داخل ہون اسما بنت عمیس نے (جو اوسوقت زوجہ ابوبکر تھین) کہا تم اس گھر مین نہ آؤ عائشہ نے اسکی شکایت اپنے باپ ابوبکر کی اور کہا یہ عورت خثعمیہ (اشارہ ہے طرف خاندان اسما بنت عمیس کے) ہمکو دختر رسول اللہ ص کے پاس جانے نہین دیتی اور اونکے لئے ایک چیز بنائی ہے مثل ہودج عروس کے (نعش) یہ سنکر حضرت ابوبکر صاحب بھی تشریف لائے اور اسما بنت عمیس سے پکار کر کہا کہ کیون تو ازواج نبی کو نہین آنے دیتی (عجب بات ہے کہ کوئی بات ان لوگون کی چال سے خالی نہین ہوتی زبان تو بی بی عائشہ نے کہا ہمکو بنت رسول کے یہان نہین جانے دیتی مگر ایذا دیتے وقت نہین خیال کیا گیا کہ بنت رسول ہین۔ اور یہان ابوبکر صاحب بھی

وہی گول فقرہ کہتے ہین کہ ازواج نبی کو نہین آنے دیتی اور یہ نہین کہتے کہ عائشہ کو کیون روکا) اور یہ ہودج عروس سا کیون بنایا ہے اسما نے جواب دیا خود جناب سیدہؑ ہمکو حکم دے گئی ہین کہ کسی کو نہ آنے دینا۔ اور یہ نعش تو ہمنے خود حضرت کو دکھا دیا تھا اور اس معصومہ نے پسند کیا۔ اور اسکے بنانے کا حکم دیا۔ حضرت ابوبکر یہ کہکر چلے گئے کہ اچھا بناو۔

یہ روایت آپکو اچھی طرح بتا رہی ہے کہ قلب مبارک جناب سیدہ پر کیا صدمہ گذرا تھا کہ اسکی وصیت کی کہ عائشہ ہمارے جنازہ پر نہ آنے پائین۔

مدارج النبوۃ مین ہے صلہ جلد دوم

وگویند کہ روز دیگر ابوبکر صدیق و عمر فاروق رض وصحابہ دیگر رض با علیؑ مرتضے شکایت کردند کہ چون مار اخبر نہ کردی تا شرف نماز بروے دریافتے۔ علی عذر گفت کہ بنا بر وصیت وے کردم کہ چون از دنیا بروم مرا بہ شب دفن کنی تا چشم نامحرم بر جنازہ من نیفتد۔ جس سے معلوم ہوا کہ جناب سیدہ کی وصیت صرف عائشہ ہی کے بارہ مین نہ تھی بلکہ ابوبکر صاحب و عمر کے بارہ مین بھی وصیت فرما گئی تھین کہ ان مین سے کوئی شریک جنازہ نہ ہو۔

یہ مختصر چند واقعات ہین جو خود عہد رسول اللہ مین پیش آچکے تھے اور بعد حضرت اون امور کی تجدید ہوتی رہی۔ پھر کیونکر ممکن تھا کہ جناب سیدہ ان کی نیات فاسدہ سے مطلع نہون۔ اور بجز اسکے کیا چارہ تھا کہ مظلومیت و مغصوبیت سے حقیت اسلام کو ثابت کرین کیونکہ تمامی صحابہ تو طلب دنیا مین مشغول تھے جس سے منکم من یرید الدنیا و منکم من یرید الآخرۃ کی تصدیق ہو رہی تھی۔

یہ ہے فلسفہ مطالبہ فدک کا جسکی غرض محض اظہار حقیت

اور اسلام کی جلالت قدر و عظمت کا اظہار تاکہ نہ صرف اوس وقت بلکہ قیامت تک تمام عالم کو معلوم ہوتا رہے اسلام کی تعلیم کیا تھی اور صحابہ نے اوسکو کس طرح مٹایا۔

اب ہم اس مقدمہ کو تمام کرتے ہین اور آیات بینات کے ہر ہر فقرہ کی حقیقت دکھاتے ہین تاکہ معلوم ہو کس طرح کی ملمع کاری کی گئی ہے واللہ بالغ امرہ وقد جعل اللہ لکل شئ قدرا

والحمد للہ اولا واخرا والصلوٰۃ والسلام

علی نبیہ واھلبیتہ الطاہرین

باطنا وظاہرا

اصلاح

وہ ماہانہ رسالہ ہے جو تیرہ برس سے فرقۂ حقہ شیعہ کی حمایت اور نصرت میں جان لڑا رہا ہے۔ جبکہ کوئی اخبار و رسالہ اس فرقے کا نہ تھا اسنے قوم کی اصلاح اور مخالفین کے دفعیہ کا بیڑا اٹھایا۔ اور قوم نے بے کل اغراض ملکی و مالی کا اسکو سرپرست و نگران مان لیا۔

اِس مفید اصلاح نے آجتک جسقدر کتابیں علم کلام میں شائع کیں اور جسقدر مخالفوں کا جواب دیا قوم میں مشہور ہے۔ دو سال سے تنقید بخاری کا سلسلہ جاری ہے۔ اہلسنت کے اصح الکتب بعد کتاب الباری صحیح البخاری کی شرح اس خوبی سے کیجاتی ہے کہ صحیح اور اتفاقی روایتیں الگ چھانٹی ہیں اور وضعی و غلط روایتیں الگ باوجود اِن خوبیوں کے قیمت صرف دو روپیہ سالانہ۔

تنقید بخاری

پہلا حصہ اصلاح جلد ۹ سے شروع ہوا اور دسمبر ۱۱ جلد میں ختم ہوا وجہ کثرت شوق شائقین دوبارہ حصہ اول چھاپا گیا جسمیں صحیح بخاری کے پہلے باب کی کل تنقید مع تفصیلی اور مختصر نظر لکھی ہے جسکے ملاحظہ سے قدرت خدا یاد آتی ہے قیمت صرف چھ آنہ ۶؍

الشمس

الشمس نے اہلسنت کے وہ اسرار کھولے ہیں جو آج تیرہ سو برس میں نہ کھلے تھے تمام عالم کے اہلسنت جمع ہوں تو بھی کوئی جواب صحیح نہیں دے سکتے قیمت جلد اول ۸؍ جلد ثانی ۸؍

نہج البلاغہ

اِس کتاب مستطاب سے کون ناواقف ہوگا کہ جناب امیرالمومنین مظہر العجائب و الغرائب اسد اللہ الغالب علی بن ابیطالب علیہ السلام کے خطبات و خطوط اور مختلف حدیثیں جنپر مسلمانوں کی دین و دنیا کی ترقیوں کا مدار و مدار ہے جناب سید رضی علیہ الرحمہ نے اسمیں جمع کی ہیں قدیم زمانے سے متعدد شرحیں اسکی عربی فارسی میں لکھی گئیں مگر با ایںہمہ یہ کتاب کمیاب بلکہ نایاب تھی جناب فخر الحکما دام ظلہ نے اسکا بامحاورہ ترجمہ کیا ہے اور مبسوط شرح فرمائی ہے مگر چونکہ کتاب بہت ضخیم تھی اسلیے یہ انتظام کیا گیا کہ ہر سال اسکے ۲ جزو ۲۲+۲۹ تقطیع پر شائع ہوں لہذا چندہ سالانہ مقرر کیا گیا ہے ماہ بماہ جزو شایع ہوتے ہیں پوری کتاب کی قیمت درجہ اول عہ درجہ دوم عہ

رسالۂ وضو

جسنے دنیا کو منوا دیا کہ اسلام میں مذہب حق شیعہ ہے جسکا وضو اور نماز اور افعال مطابق کتاب و سنت ہیں چالیس حدیثوں سے زیادہ کتب معتبرۂ اہلسنت سے لکھی گئی ہیں کہ یہی وضو حضرت رسول اللہ کا ہے جو شیعوں میں جاری ہے قیمت ۲؍

مناظرۂ امجدیہ

حصۂ اول جسمیں قرآن و احادیث رسول اللہ و جناب امیر و حسنین اور اقوال عائشہ و صحابہ و تابعین و آئمہ مجتہدین و علمائی اہلسنت سے بالخصوص معاویہ بن ابی سفیان پر جس کو تا بصر لعنت تمام مذکور ہے آجتک اس مادہ میں ایسی کوئی کتاب نہ لکھی گئی تھی۔ قیمت صرف فی جلد ۱۱؍

سید نظیر حسین پرنٹر